Your Rab'b Has Blessed You With The Complete Bounties Of His Grace
Allah Blessed You With All That, With Which Others He Did Not Give

وہ فضائل تمہیں بخشے ہیں خدا نے جن کا
آپ کے غیر میں امکان بھی آنے نہ دیا

Wo Fazaa-il Tumheñ Bakhshay Haiñ, Khuda Ne Jin Ka
Aap Ke Ghayr Me Imkaan, Bhi Aane Na Diya

Allah Has Blessed You With Such Magnificent Distinctions,
That Even The Possibility Of It In Anyone Else, Allah Did Not Give

مثل ممکن ہی نہیں ہے ترا اے لاثانی
وہم نے بھی تو ترا مثل سمانے نہ دیا

Mithl Mumkin Hee Nahiñ He, Tera Ay Laa-Thaani
Wahm Ne Bhi, To Tera Mithl Samaane Na Diya

Your Equal Is Impossible, O Unique And Peerless One,
To Capture You In The Mind, This Option Even The Thoughts Did Not Give

آپ کے جوڑ کا آئے تو کہاں سے آئے
جب وجود اس کو شہ ارض و سما نے نہ دیا

Aap Ka Jor'a Ka Aa-e, To Kahaañ Se Aa-e
Jub Wujood Us Ko, Shah e Ard o Sama Ne Na Diya

If Another Like You Were To Come, From Where Would He Come,
When The Prospect Of Its Existence, The Rab'b of The Earth & Skies Did Not Give

آدم و نوح، براہیم، کلیم و عیسیٰ
ان کو سب کو ملا کیا رب علا نے نہ دیا

Adam o Nooh, Baraheem, Kaleem o Esa
Un Ko Sub Ko Mila Kya Rab'b e Ulaa Ne Na Diya

Be It Adam, Nooh, Ibraheem, Moosa Or Esa,
They All Attained Excellence; To All Of Them Did Allah Not Give?

باوجود اس کے تمہیں جو ملا ان کو نہ ملا
آپ کا رتبہ کسی کو بھی خدا نے نہ دیا

Bawajood Iske Tumheñ Jo Mila, Un Ko Na Mila
Aap Ka Rutbah Kisi Ko Bhi, Khuda Ne Na Diya

Despite All Of This, What You Got, They Did Not Get,
To Any One Else, Your Exalted Status, Allah Did Not Give

سب مطالب مرے بر آئے کرم سے ان کے
کوئی مطلب بھی مرے دل کا بر آنے نہ دیا

Sub Mataalib Mere Bar Aa-e, Karam Se Unke
Ko-ee Matlab Bhi Mere Dil Ka Baraane Na Diya

All My Wishes Were Fulfilled By His Blessing & Mercy
There Is Not A Single Desire Of My Heart Which He Did Not Give

کیسی پر نور ہے جنت کی فضا اے نوریؔ
پھر بھی طیبہ کا مزا اس کی فضا نے نہ دیا

Kaisi Purnoor He Jannat Ki, Fazaa Ay Noori
Phir Bhi Taiba Ka Mazaa, Us Ki Fazaa Ne Na Diya

How Beautiful Is The Atmosphere Of Jannat, O Noori!
But Still The Pleasure Of Taiba, Its Atmosphere Did Not Give

BAKHT E KHUFTA

بخت خفتہ نے مجھے روضہ پہ جانے نہ دیا
چشم و دل سینے کلیجے سے لگانے نہ دیا

Bakht e Khufta Ne, Mujhe Rauze Pe, Jaane Na Diya
Chashm o Dil Seene, Kaleje Se, Lagaane Na Diya

To Present Myself At The Sacred Rauda My Ill-Fortune Did Not Let Me
To Embrace It With My Eyes, Heart, Senses & Chest, It Did Not Let Me

آہ قسمت مجھے دنیا کے غموں نے روکا
ہائے تقدیر کہ طیبہ مجھے جانے نہ دیا

Aah Qismat Mujhe, Dunya Ke, Ghamoñ Ne Roka
Haa-e Taqdeer, Ke Taiba, Mujhe Jaane Na Diya

Aah! Such Was My Destiny, That The Distresses Of The World Held Me Back,
Aah! Such Was My Fate, That To Journey Towards Taiba, It Did Not Let Me

پاؤں تھک جاتے اگر پاؤں بناتا سر کو
سر کے بل جاتا مگر ضعف نے جانے نہ دیا

Paa-oñ Thak Jaate, Agar Paa-oñ Banaata, Sar Ko
Sar Ke Bal Jaata, Magar Zo'af Ne, Jaane Na Diya

My Feet Would Have Become Exhausted, If My Feet I Made My Head,
I would Have Gone On My Forehead, But My Weakness Did Not Let Me

اتنا کمزور کیا ضعف قویٰ نے مجھ کو
پاؤں تو پاؤں مجھے سر بھی اٹھانے نہ دیا

Itna Kamzor Kiya, Zo'af Qawaa, Ne Mujh Ko
Paa-oñ To Paa-oñ, Mujhe Sar Bhi, Uthaane Na Diya

The Weakness Of My Body Has Made Me So Feeble,
Leave Alone My Feet, Even To Lift My Head, It Did Not Let Me

سر تو سر جان سے جانے کی مجھے حسرت ہے
موت نے ہائے مجھے جان سے جانے نہ دیا

Sar To Sar, Jaan Se Jaane Ki, Mujhe Hasrat He
Maut Ne Haa-e, Mujhe Jaan Se, Jaane Na Diya

Leave Alone My Head, I am Desirous Of At Least Going With My Soul
Aah! Even To Go With My Soul, Death Just Did Not Let Me

حال دل کھول کے دل آہ ادا کر نہ سکا
اتنا موقع ہی مجھے میری قضا نے نہ دیا

Haal e Dil Khol Ke, Dil Aah, Adaa Kar Na Saka
Itna Mauqa Hee Mujhe, Meri Qaza, Ne Na Diya

I Was Unable To Open Up My Heart, And Completely Express My Feelings,
Even To Get This Opportunity, My Death Did Not Let Me

ہائے اس دل کی لگی کو میں بجھاؤں کیونکر
فرط غم نے مجھے آنسو بھی گرانے نہ دیا

Haa-e Is Dil Ki Lagee Ko, Me Bujha-uñ Kyunkar
Fart e Gham Ne, Mujhe Aansu Bhi, Giraane Na Diya

Why Would I Want To Extinguish, This Burning Passion Of My Heart,
Even To Shed Some Tears, My Excessive Grief Did Not Let Me

ہاتھ پکڑے ہوئے لے جاتے جو طیبہ مجھ کو
ساتھ اتنا بھی تو میرے رفقا نے نہ دیا

Haath Pakr'e Huwe, Le Jaate, Jo Taiba Mujh Ko
Saath Itna, Bhi To Mere, Rufaqa Ne Na Diya

They Could Have At Least Held My Hands, And Taken Me To Taiba,
Even This Much My Companions Neither Did, Nor Did They Let Me

سجدہ کرتا جو مجھے اس کی اجازت ہوتی
کیا کروں اذن مجھے اس کا خدا نے نہ دیا

Sajda Karta, Jo Mujhe Is Ki, Ijaazat Hoti
Kya Karooñ, Izn Mujhe Is Ka, Khuda Ne Na Diya

I Would Have Fallen Into Sajdah, If I Had Been Granted Permission,
What Can I Do, Almighty Allah Did Not Permit it, He Did Not Let Me

حسرت سجدہ یونہی کچھ تو نکلتی لیکن
سر بھی سرکار نے قدموں پہ جھکانے نہ دیا

Hasrat e Sajdah Yunhi, Kuch To, Nikalti Lekin
Sar Bhi, Sarkaar Ne Qadmoñ Pe, Jhukaane Na Diya

The Regret Of Not Being Able To Prostrate Would Have Some What Passed,
But To Even Lower My Head At His Sacred Feet, My Master Did Not Let Me

کوچہ دل کو بسا جاتی مہک سے تیری
کام اتنا بھی مجھے باد صبا نے نہ دیا

Koocha e Dil, Ko Basaa Jaati, Mehak Se Teri
Kaam Itna Bhi, Mujhe Baad E Saba Ne, Na Diya

The Path Of My Heart Would Have Been Immersed With Your Beautiful Fragrance,
Even To Do This, The Sweet Breeze Of Madina Did Not Let Me

کبھی بیمار محبت بھی ہوئے ہیں اچھے
روز افزوں ہے مرض کام دوا نے نہ دیا

Kabhi Bimaar e Muhabbat, Bhi Huwe Haiñ Ach'che
Roz Afzooñ He, Maraz Kaam, Dawa Ne Na Diya

Sometimes Even The Love-Sick Have Completely Recovered,
But My Illness Is Progressing Daily, To Recover, The Medicine Did Not Let Me

شربت دید نے اور آگ لگادی دل میں
تپش دل کو بڑھایا ہے بجھانے نہ دیا

Sharbat e Deed Ne, Awr Aag Lagaadi, Dil Me
Tapish e Dil Ko, Bar'haaya He, Bujhaane Na Diya

The Sweet Drink Of Seeing You, Further Ignited The Flames Of My Heart
The Burning Of My Heart Increased, To Extinguish It, It Did Not Let Me

اب کہاں جائے گا نقشہ ترا میرے دل سے
تہ میں رکھا ہے اسے دل نے گمانے نہ دیا

Ab Kahaañ Jaa-ega, Naqsha Tera, Mere Dil Se
Teh Me Rakh'kha He, Isay Dil Ne, Gumaane Na Diya

Now, Where Will Your Blessed Impression Ever Leave My Heart!
My Heart Has Safely Stored It; To Ever Lose It, My Heart Did Not Let Me

دیس سے ان کے جو الفت ہے تو دل نے میرے
اس لئے دیس کا جنگلہ بھی تو گانے نہ دیا

Deys Se Un Ke Jo Ulfat He, To Dil Ne Mere
Is Liye, Deys Ka Janglah Bhi, To Gaane Na Diya

Because Of My Deep Love For His Sacred & Holy Land,
To Even Chant The Tune of My Land, My Heart Did Not Let Me

دیس کی دھن ہے وہی راگ الاپا اس نے
نفس نے ہائے خیال اس کا مٹانے نہ دیا

Deys Ki Dhun, He Wahi Raag, Alaapa Is Ne
Nafs Ne Haa-e, Khayaal Us Ka, Mitaane Na Diya

It Is Lost & Inclined To Its Land, The Same Melody It Chanted
Aah! To Erase The Thought of It, My Nafs Did Not Let Me

نفس بدکار نے دل پر یہ قیامت توڑی
عمل نیک کیا بھی تو چھپانے نہ دیا

Nafs e Badkaar, Ne Dil Par, Ye Qiyaamat Tor'ee
Amal e Neyk, Kiya Bhi, To Chupaane Na Diya

My Sinful Nafs Has Caused Such Destruction To My Heart,
Even When I Did Something Virtuous, To Hide It, It Did Not Let Me

نفس بد کیش ہے کس بات کا دل پہ شاکی
کیا برا دل نے کیا ظلم کمانے نہ دیا

Nafs Bad Kaish He, Kis Baat Ka, Dil Pe Shaaki
Kya Bura Dil Ne Kiya, Zulm Kamaane Na Diya

Why Is The Evil-Natured Nafs, Complaining To The Heart?
What Wrong Has The Heart Done, If To Earn Obscurity, It Did Not Let Me?

میرے اعمال کا بدلہ تو جہنم ہی تھا
میں تو جاتا مجھے سرکار نے جانے نہ دیا

Mere A'maal Ka Badla, To Jahannam Hee Tha
Me To Jaata, Mujhe Sarkaar Ne, Jaane Na Diya

The Recompense For My Actions, Was Only Hell-fire
I Would Have Surely Gone, But My Beloved Master ﷺ Did Not Let Me

میرے اعمال سیہ نے کیا جینا دوبھر
زہر کھاتا ترے ارشاد نے کھانے نہ دیا

Mere A'maal e Siyaah Ne, Kiya Jeena Du-bhar
Zehr Khaata, Tere Irshaad Ne, Khaane Na Diya

My Dark Actions Has Made Living A Normal Life So Burdensome
I Would Have Eaten Poison, But Your Exalted Command, Did Not Let Me

اور چمکتی سی غزل کوئی پڑھو اے نوریؔ
رنگ اپنا ابھی جمنے شعرا نے نہ دیا

Awr Chamakti See Gazal Ko-ee, Par'ho Ay Noori
Rang Apna, Abhi Jamne, Shu'ara Ne Na Diya

Recite Yet Another Glowing Ode O Noori,
To Show The True Effects of My Ode, The Poets Did Not Let Me

JAAN E IMAAÑ HE MUHABBAT TERI

قفس جسم سے چھٹتے ہی یہ پرّاں ہو گا
مرغ جاں گنبد خضرا پہ غزل خواں ہو گا

Qafas Jism Se Chut'tay Hee, Ye Par'raañ Hoga
Murgh e Jaañ, Gumbad e Khazra Pe, Ghazal Khwaañ Hoga

The Moment It Leaves The Cage of The Body, It Will Fly & Be Free
The Flying Soul Will Reach The Green Dome, Chanting The Ode Happily

روز و شب مرقد اقدس کا جو نگراں ہو گا
اپنی خوش بختی پہ وہ کتنا نہ نازاں ہو گا

Roz o Shab Marqad e Aqdas Ka, Jo Nigraañ Hoga
Apni Khush Bakhti Pe, Wo Kitna, Na Naazaañ Hoga

When At The Sacred Grave Of The Beloved It Stands On Guard Duty
Just Imagine, Upon Its Good Fortune, How Proud It Will Be

اس کی قسمت کی قسم کھائیں فرشتے تو بجا
عید کی طرح وہ ہر آن میں شاداں ہو گا

Us Ki Qismat Ki Qasam, Khaa-eñ Farishte, To Baja
Eid Ki Tarha, Wo Har Aan Me, Shadaañ Hoga

It Will Be Well Deserved If the Angels Swear An Oath On His Destiny
Like On The Day Of Eid, He Will Remain Forever Extremely Happy

اس کی فرحت پہ تصدق ہوں ہزاروں عیدیں
کب کسی عید میں ایسا کوئی فرحاں ہو گا

Us Ki Farhat, Pe Tasad'duq Hoñ, Hazaaroñ Eideñ
Kab Kisi Eid Me, Aisa Ko-ee, Farhaañ Hoga

May Thousands Of Eids Be Sacrificed Upon His Ecstasy,
For Where Will Any Other Eid Make You So Ecstatic & Happy?

چمن طیبہ میں تو دل کی کلی کھلتی ہے
کیا مدینے سے سوا روضۂ رضواں ہوگا

Chaman e Taiba Me To, Dil Ki Kalee, Khilti He
Kya Madina Se Siwa, Rauza e Rizwaañ Hoga

In The Gardens Of Taiba, The Buds Of The Heart Bloom Happily
O Ridwaan! Except Madina, Is There Any Other Garden That You See?

وہ گلستاں ہے جہاں آپ ہوں اے جانِ جناں
آپ صحرا میں اگر آئیں گلستاں ہوگا

Wo Gulistaañ He, Jahaañ Aap Hoñ, Ay Jaan e Jinaañ
Aap Sehra Me Agar Aa-eñ, Gulistaañ Hoga

O Soul Of The Heavenly Gardens, Where You Are, Is Where The Garden Will Be
If A Desert You Were To Enter, It Will Turn Into A Garden Full Of Beauty

آپ آجائیں چمن سے تو چمن جانِ چمن
خاصہ اک خاک بسر دشتِ مغیلاں ہوگا

Aap Aa Jaa-eñ, Chaman Se To Chaman Jaan e Chaman
Khaasa Ik Khaak Basar Dasht e Mughilaañ Hoga

If You Had To Leave Any Garden, O Soul Of The Garden! What Will It Be?
Purely A Residence Of Dust, A Jungle of Acacias It Will Be

جانِ ایماں ہے محبت تری جانِ جاناں
جس کے دل میں یہ نہیں خاک مسلماں ہوگا

Jaan e Imaañ He, Muhabbat Teri Jaan e Jinaañ
Jis Ke Dil Me Ye Nahiñ, Khaak Musalmaañ Hoga

Your Love Is The Soul Of Imaan, O Soul Of The Heavenly Beauty
The One Whose Heart Is Void Of This, A Muslim He Can Never Be

دردِ فرقت کا مداوا نہ ہوا اور نہ ہو
کیا طبیبوں سے مرے دردکا درماں ہوگا

Dard e Furqat, Ka Madaawa, Na Huwa, Awr Na Ho
Kya Tabeeboñ Se, Mere Dard Ka, Darmaañ Hoga

Neither Is There Any Cure For The Pain Of This Parting, Nor Will There Ever Be
So How Will The Physicians Ever Cure This Pain, Which Is Flowing Within Me

جس نے تبرید بتائی خفقاں ہوگا اسے
کیا ٹھنڈائی سے علاج تپ ہجراں ہوگا

Jis Ne Tabreed Bata-ee, Khafaqaañ Hoga Usay
Kya Thanda-ee Se, Ilaaj e Tap Hijraañ Hoga

The One Who Prescribed The Cooling Dose, Will Suffer Palpitations You See,
Will Coolness Ever Be Able To Treat, This Separation's Heat & Intensity?

کہر بائی نہ ہو کیوں رنگ مرے چہرے کا
جتنا ایقان بڑھا اتنا ہی ترساں ہوگا

Kohr-Baa-ee Na Ho Kyuñ, Rang Mere Chehre Ka
Jitna Eeqaan Bar'ha, Utna Hee Tarsa Hoga

Why Will The Colour Of My Face Not Become Misty
The Stronger The Faith Becomes, The Greater The Passion Will Be

نورِ ایماں کی جو مشعل رہے روشن پھر تو
روز و شب مرقدِ نوری میں چراغاں ہوگا

Noor e Imaañ Ki Jo Mish'al, Rahe Roshan Phir To
Roz o Shab Marqad e Noori, Me Chiraghaañ Hoga

If The Lamp Of The Light Of Imaan Remains Glowing, Then You Will See
Day And Night There Will Be Radiance, At The Grave of Noori

اک غزل اور چمکتی سی سنا دے نوریؔ

دل جلا پائے گا میرا ترا احساں ہو گا

Ek Gazal, Awr Chamakti See, Suna De Noori
Dil Jilaa Paa-ega Mera, Tera Ehsaañ Hoga

Recite Yet Another Spectacular Ode, O Noori!
My Heart Will Be Revived, Grateful To You I Will Be

آہ پورا مرے دل کا کبھی ارماں ہوگا
کبھی دل جلوہ گہ سرور خوباں ہوگا

Aah! Poora Mere Dil Ka, Kabhi Armaan Hoga
Kabhi Dil, Jalwah Gaah e Sarwar e Khubaañ Hoga

Aah! One Day Fulfilled Indeed My Heart's Desires Will Be
When The Chamber Of The Splendid King's Manifestation My Heart Will Be

میرے دل پر جو کبھی جلوۂ جاناں ہوگا
لمعۂ نور مرے رخ سے نمایاں ہوگا

Mere Dil Par, Jo Kabhi Jalwa e Jaanaañ Hoga
Lam'a e Noor, Mere Rukh Se, Numaayaañ Hoga

Whenever Upon My Heart The Rays Of My Beloved Will Be,
The Brilliance Of His Light, On My Face You Will Clearly See

جلوۂ مصحف رخ دل میں جو پنہاں ہوگا
پارے پارے میں مرے قلب کے قرآں ہوگا

Jalwa e Mushaf Rukh e Dil, Me Jo Pinhaañ Hoga
Paare Paare Me Mere, Qalb Ke Qur'aañ Hoga

When Hidden On The Face Of My Heart The Rays Of The Sacred Scripture Will Be
On Every Chapter Of My Heart's Chambers, The Holy Qur'an Will Be

چوندھ جائے گی تری آنکھ بھی مہر محشر
ان کے ذرہ کو جو دیکھے گا پریشاں ہوگا

Chawndh Jaa-egi Teri Aankh, Bhi Mehr e Mahshar
Un Ke Zar'rah Ko Jo Dekhega, Pareshaañ Hoga

O Sun Of The Day Of Reckoning, Dazed Even Your Eyes Will Be
When You Get To See Even A Speck Of His Light, In Awe You Will Be

دیکھ مت دیکھ مجھے گرم نظر سے خاور
شوخی چشم سے تو آپ پریشاں ہوگا

Dekh Mut Dekh Mujhe, Garm Nazr Se Khaawar
Showkhi e Chashm Se, Tu Aap Pareshaañ Hoga

With A Passionate Glare O Eastern Sun, Look Not Towards Me
By Your Unrestrained Vision, Yourself Troubled You Will Be

حسن وہ پایا ہے خورشید رسالت تو نے
تیرے دیدار کا طالب مہ کنعاں ہوگا

Husn Wo Paaya He, Khursheed e Risaalat, Tu Ne
Tere Deedaar Ka Taalib, Mahe Kin'aañ Hoga

O Radiant Sun Of Prophethood, You Have Been Blessed With Such Beauty
A Seeker Of Your Vision, Even Hazrat Yusuf, The Moon Of Canaan, Will Be

جلوۂ حسن جہاں تاب کا کیا حال کہوں
آئینہ بھی تو تمہیں دیکھ کے حیراں ہوگا

Jalwah e Husn e Jahaañ Taab Ka, Kya Haal Kahuñ
Aa-ina Bhi To Tumheñ Dekh Ke, Hayraañ Hoga

How Can I Explain The Manifestation, Of Your Amazing Universal Beauty
Even If A Mirror Looks At You, Astonished & Overwhelmed It Will Be

کون پوچھے گا بھلا روز جزا وہ بھی مجھے
ان کی رحمت کے سوا کوئی بھی پرساں ہوگا

Kaun Poochega Bhala Roz e Jaza, Wo Bhi Mujhe,
Un Ki Rahmat, Ke Siwa Ko-ee Bhi, Pursaañ Hoga

Who Will Care About Anyone On The Day Of Recompense, & That Too About Me
Except For His Mercy, Showering Compassion Upon Us, Who Else Will Be

چاک تقدیر کو کیا سوزن تدبیر سیئے
لاکھ وہ بخیہ کرے چاک گریباں ہوگا

Chaak Taqdeer Ko Kya, Sowzan e Tadbeer Siye
Laakh Wo Bakhiya Kare Chaak Gareybaañ Hoga

How Will A Torn Up Destiny Be Mended By The Needle of Strategy
No Matter How Much One Tries To Remedy It, Torn Its Collar Will Be

مجھ کو دعویٰ نہیں عصمت کا مگر بے موقع
عیب جوئی نہ کرے گا جو سخنداں ہوگا

Mujh Ko Da'wa Nahiñ Ismat Ka, Magar Be Mawqa
Aib Jo-ee Na Karega, Jo Sukhandaañ Hoga

I Do Not Claim Complete Innocence And Pure Chastity,
But One Who Comprehends Poetry, Will Not Look For Faults Unreasonably

دل دشمن کے لئے تیغ دو پیکر ہے سخن
چشم حاسد کو مرا شعر نمک داں ہوگا

Dil e Dushman Ke Liye Taigh e Do Paikar He Sukhan
Chashm e Haasid Ko Mera She'r, Namak Daañ Hoga

For The Heart Of The Enemy, A Double Edged Sword Is Poetry
For The Eyes Of The Envious, A Salt Dispenser, My Poetic Stanza Will Be

عمر ساری تو کٹی لہو میں اپنی نوریؔ
کب مدینے کی طرف کوچ کا ساماں ہوگا

Umr Saari To Kat'ee Lahw Me, Apni Noori
Kab Madine Ki Taraf Kooch Ka Saamaañ Hoga

Your Entire Life Was Spent Being Completely Wasteful, O Noori
When Will You Arrange Your Provisions, For Your Holy Madani Journey?

SHAAN E KARAM

میرا گھر غیرت خورشید درخشاں ہوگا
خیر سے جان قمر جب کبھی مہماں ہوگا

Mera Ghar Ghayrat e Khursheed e Darakhshaañ Hoga
Khayr Se Jaan e Qamar Jub Kabhi Mehmaañ Hoga

The Admiration Of The Radiant Sun, My Humble Home Will Be
When Fortunately My Admirable Guest, The Soul Of The Moon Will Be

جو تبسم سے عیاں اک در دنداں ہوگا
ذرہ ذرہ مرے گھر کا مہ تاباں ہوگا

Jo Tabas'sum Se Ayaañ Ek Dur e Dandaañ Hoga
Zar'rah Zar'rah Mere Ghar Ka Mah e Taabaañ Hoga

When From The Blessed Spaces In His Pearl Like Teeth, A Distinct Smile I Will See
Glowing Like The Radiant Moon, Every Speck In My Home Will Be

کیوں مجھے خوف ہو محشر کا کہ ہاتھوں میں مرے
دامن حامی خود، ماحی عصیاں ہوگا

Kyuñ Mujhe Khauf Ho Mahshar Ka, Ke Haathoñ Me Mere
Daaman E Haami Khud, Maahi E Isyaañ Hoga

Why Should I Fear The Day Of Reckoning, When In My Hands Will Be
The Sacred Robe Of My True Aid, & The Demolisher Of My Sins Will Be

پلہ عصیاں کا گراں بھی ہو تو کیا خوف مجھے
میرے پلے پہ تو وہ رحمت رحماں ہوگا

Pal'lah Isyaañ Ka Giraañ Bhi, Ho To Kya Khauf Mujhe
Mere Pal'lay Pe To Wo Rahmat E Rahmaañ Hoga

Even If The Scale Of My Sins Are Many, Why Should I Worry
Waiting To Assist Me, The Mercy Of The Most Compassionate Will Be

مجھ سے عاصی کو جو بے داغ چھڑا لائیں گے
اہل محشر میں جو دیکھے گا وہ حیراں ہوگا

Mujh Se Aasi Ko Jo Be Daagh Chur'aa Laa-enge
Ahle Mahshar Me Jo Dekhega Wo Hayraañ Hoga

When A Sinner Like Me Without Any Blemish He Will Set Free
Shocked At Seeing This, The Inhabitants Of The Hereafter Will Be

کوئی منہ میرا تکے گا کہ یہ وہ عاصی ہے
جس کو ہم جانتے تھے داخل میزاں ہوگا

Ko-ee Munh Mera Takega, Ke Ye Wo 'Aasi He
Jis Ko Hum Jaante Thay, Daakhil e Meezaañ Hoga

Some Will Be Looking At My Face Saying, That Sinful One Is He,
Whom We Knew Well, Entering The Scale He Will Be

کوئی اس رحمت عالم پہ تصدق ہوگا
کوئی یہ شان کرم دیکھ کے قرباں ہوگا

Ko-ee Us Rahmat e Aalam Pe Tasad'duq Hoga
Ko-ee Ye Shaan e Karam Dekh Ke Qurbaañ Hoga

Falling At The Sacred Feet, Of The Mercy Unto The Worlds, Some Will Be
While Looking At His Compassion, Sacrificed Upon Him, Others Will Be

ماجرا دیکھ کے ہوگا یہ کسی کو سکتہ
اک تعجب سے وہ انگشت بدنداں ہوگا

Maajra Dekh Ke Hoga Ye Kisi Ko Saktah
Ek Ta'ajub Se Wo Angusht Ba Dandaañ Hoga

Looking At This Position, In Awe And Ecstasy Some Will Be,
While Standing Astounded, Biting His Finger, Another Will Be

ان کی حیرت پہ کہوں گا کہ تعجب کیا ہے
خود خدا ہو گا جدھر سرور ذیشاں ہو گا

Un Ki Hayrat Pe Kahunga, Ke Ta'ajub Kya He
Khud Khuda Hoga Jidhar Sarwar e Zeeshaañ Hoga

Looking At Their Amazement I Will Say, In Shock Why Should You Be?
Allah Is With Him, On Whose Side The Exalted Prophet Will Be

دم نکل جائے تمہیں دیکھ کے آسانی سے
کچھ بھی دشوار نہ ہو گا جو یہ آساں ہو گا

Dam Nikal Jaa-e Tumheñ Dekh Ke Aasaani Se
Kuch Bhi Dushwaar Na Hoga Jo Ye Aasaañ Hoga

Looking At You, I Will Be Able To Surrender My Life Comfortably,
Nothing Else Will Be Difficult, If Comfortable This Will Be

زخم پر زخم یہی کھائے یہی قتل بھی ہو
خون مسلم ابھی کیا اس سے بھی ارزاں ہو گا

Zakhm Par Zakhm Yahee Khaa-e Yahee Qatl Bhi Ho
Khoon e Muslim Abhi Kya, Abhi Us Se Bhi Arzaañ Hoga

An Injury Upon Injury, Is That We Eat Here, And Killed Here We Will Be
Ever Cheaper Than This, Will The Blood Of Muslims Now Be?

بھیڑیوں کا ہے یہ جنگل نہیں کوئی راعی
بھولی بھیڑوں کا شہا کون نگہباں ہو گا

Bher'iyoñ Ka He Ye Jungal Nahiñ Ko-ee Raa'ee
Bholi Bheyr'oñ Ka Shaha, Kaun Nigahbaañ Hoga

This Is A Wilderness Of Crowded Sheep, No Shepherd I Can See
O My Master! The Protector Of These Innocent Sheep, Who Will Be?

ظلم پر ظلم سہے اور سزائیں بھگتے
اور اف کی تو تہ خنجر برّاں ہوگا

Zulm Par Zulm Sahay, Awr Sazaa-eñ Bhugtay
Awr Uff Ki To Teh, Khanjar e Bar'raañ Hoga

Injustice Upon Injustice We Tolerate, And Torment We Face Daily
And Beneath The Cover Of Condemnation, A Naked Sword There Will Be

یہی اندھیرا اگر اور بھی کچھ روز رہا
تو مسلماں کا نشاں بھی نہ نمایاں ہوگا

Yahi Andheyr Agar Awr Bhi Kuch Roz Raha
To Musalmaañ Ka Nishaañ Bhi Na Numaayaañ Hoga

For A Few More Days, If This Same Darkness We Will Continue To See
Then Not Very Noticeable, Even The Sign Of The Muslims Will Be

صبح روشن کی سیہ بختی سے اب شام ہوئی
کب قمر نور دہِ شام غریباں ہوگا

Subh Roshan Ki Siyaah Bakhti Se Ab Shaam Huwi
Kab Qamar Noor Dahe Shaam e Ghareebaañ Hoga

The Bright Daylight Has Disappeared Into Darkness Of Ill-Fortune, You See
When Will The Moon Shine Once More, Over The Evening Of Calamity

تو اگر چاہے ملے خاک میں سلطان زماں
تیرا بندہ کوئی تو چاہے تو سلطاں ہوگا

Tu Agar Chaahe Milay Khaak Me Sultaan e Zamaañ
Tera Banda Ko-ee Tu Chaahe To Sultaañ Hoga

If You So Wish, Mixed In The Dust, The Kings Of This Era Will Be
If You So Wish, The King Of The Era, One Of Your True Servants Will Be

ظلمتِ قبر کا کیا خوف مجھے اے نوریؔ
جب مرے قلب میں ایماں کا لمعاں ہوگا

Zulmat e Qabr Ka Kya Khauf Mujhe Ay Noori
Jub Mere Qalb Me Imaañ Ka Lam'aañ Hoga

Why Should I Fear The Darkness Of The Grave, O Noori
When Glowing With The Rays Of Imaan, My Heart Will Be

JALWA E MAAH E ARAB

ماہ تاباں تو ہوا مہر عجم ماہ عرب
ہیں ستارے انبیاء مہر عجم ماہ عرب

Maah e Taabaañ Tu Huwa Mehr e Ajam Maah e Arab
Haiñ Sitaare Ambia Mehr e Ajam Maah e Arab

The Glowing Moon You Are, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia
All The Prophets Are Glowing Stars, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

ہیں صفات حق کے نوری آئینے سارے نبی
ذات حق کا آئینہ مہر عجم ماہ عرب

Haiñ Sifaat e Haq Ke Noori Aa-ina Saare Nabi
Zaat e Haq Ka Aa-ina Mehr e Ajam Maah e Arab

All The Other Nabis Are The Radiant Manifestations Of Allah's Attributes,
The Manifestation Of Allah's Divine Being, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

کب ستارا کوئی چمکا سامنے خورشید کے
ہو نبی کیسے نیا مہر عجم ماہ عرب

Kab Sitaara Ko-ee Chamka Saamne Khursheed Ka
Ho Nabi Kaise Naya, Mehr e Ajam Maah e Arab

When Has A Star Ever Been Able To Shine In The Presence Of The Sun?
How Can A New Nabi Ever Come? O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

آپ ہی کے نور سے تابند ہیں شمس و قمر
دل چمک جائے مرا مہر عجم ماہ عرب

Aap Hee Ke Noor Se Taabind Haiñ Shams O Qamar
Dil Chamak Jaa-e Mera Mehr e Ajam Maah e Arab

It Is Through Your Light That The Sun And The Moon Are Luminous,
May My Heart Also Be Illuminated, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

قبر کا ہر ذرہ اک خورشید تاباں ہو ابھی
رخ سے پردہ دو ہٹا مہر عجم ماہ عرب

Qabr Ka Har Zar'rah Ik Khursheed Taabaañ Ho Abhi
Rukh Se Pardah Do Hata Mehr e Ajam Maah e Arab

In A Moment Every Speck In My Grave, Will Glow Like A Shining Sun
If From Your Face You Lift The Veils, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

کوچہ پُر نور کا ہر ذرہ رشک مہر ہے
واہ کیا کہنا ترا مہر عجم ماہ عرب

Koocha e Purnoor Ka Har Zar'rah Rashk e Mehr He
Waah Kya Kehna Tera, Mehr e Ajam Maah e Arab

Every Single Atom From The City Of Light Is The Envy Of The Sun
Wow! How Exalted You Are, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

روسیہ ہوں منہ اجالا کر مرا جان قمر
صبح کر یا چاندنا مہر عجم ماہ عرب

Roo Siyah Huñ Munh Ujaala Kar Mera Jaan e Qamar
Subho Kar Ya Chaandna Mehr e Ajam Maah e Arab

Wretched & Obscured I Am; Brighten My Face, O Soul Of The Moon,
Turn Into The Morning Or Into The Moon, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

نیر چرخ رسالت جس گھڑی طالع ہوا
اوج پر تھا غلغلہ مہر عجم ماہ عرب

Nayyar e Charkh e Risaalat Jis Ghar'i Taale' Huwa
Awj Par Tha Ghal-ghala Mehr e Ajam Maah e Arab

When The Bright Sun Of The Moon Of Prophethood First Appeared
At Its Zenith Was The Uproar, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

آپ نے جب مشرق انوار سے فرمایا طلوع
دامن شب پھٹ گیا مہر عجم ماہ عرب

Aap Ne Jub Mashriq e Anwaar Se Farmaaya Tuloo'
Daaman e Shab Phat' Gaya Mehr e Ajam Maah e Arab

From The Radiances Of The East, When You Appeared,
The Apparel Of The Night Completely Split, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

ظلمت شب مٹ گئی جب آپ جلوہ گر ہوئے
رات تھی پر دن ہوا مہر عجم ماہ عرب

Zulmat e Shab Mit' Ga-ee Jub Aap Jalwah Gar Huwe
Raat Thee Par Din Huwa Mehr e Ajam Maah e Arab

The Darkness Of The Night Disappeared, When At Your Blessed Birth
It Was Night, But It Became Day, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

تم نے مغرب سے نکل کر اک قیامت کی بپا
کافروں پر سرورا مہر عجم ماہ عرب

Tum Ne Maghrib Se Nikal Kar Ek Qiyaamat Ki Bapa
Kaafiro Par Sarwara Mehr e Ajam Maah e Arab

By Causing It To Rise From The West, Upon The Unbelievers, O My Master
You Caused An Apocalypse, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

آفتاب ہاشمی تو غرب سے طالع ہو پھر
کر سویرا نور کا مہر عجم ماہ عرب

Aaftaab e Haashmi Tu Gharb Se Taale' Ho Phir
Kar Saweraa Noor Ka Mehr e Ajam Maah e Arab

Rise Once More After Setting, O Radiant Haashmi Sun
Brighten Everything By Your Noor, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

حق کے پیارے نور کی آنکھوں کے تارے ہو تمہیں
نور چشم انبیاء مہر عجم ماہ عرب

Haq Ke Pyaare Noor Ki Aankhoñ Ke Taare Ho Tumheeñ
Noor e Chashm e Ambia Mehr e Ajam Maah e Arab

You Are The Beloved Of Allah, The Sparkle In The Vision Of Light You Are
The Light Of The Eyes Of The Ambia, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

زلف والا کی صفت والیل ہے قرآن میں
اور رخ کی والضحیٰ مہر عجم ماہ عرب

Zulf e Waala Ki Sifat Wal Layl He Qur'an Me
Awr Rukh Ki Wad-Duhaa, Mehr e Ajam Maah e Arab

Describing Your Beautiful Tresses, In The Qur'an Is 'Wal Layl'
And Describing Your Face Is 'Wad-Duhaa', O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

ظلمتیں سب مٹ گئیں ناری سے نوری ہو گیا
جس کے دل میں بس گیا مہر عجم ماہ عرب

Zulmateñ Sub Mit' Ga-ee Naari Se Noori Ho Gaya
Jis Ke Dil Me Bas Gaya Mehr e Ajam Maah e Arab

All The Darkness Was Erased, A Wretched One Became Radiant
If In His Heart You Became Embedded, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

ظلمتوں پر ظلمتیں ہیں میرے مولیٰ قبر میں
اب تو اپنا منہ دکھا مہر عجم ماہ عرب

Zulmatoñ Par Zulmateñ Haiñ Mere Maula Qabr Me
Ab To Apna Munh Dikha, Mehr e Ajam Maah e Arab

There Is Darkness Upon Darkness In The Grave, O My Master!
Now Please Show Your Sacred Face, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

مہر فرما مہر سے عصیاں کی ظلمت محو کر
جلوہ فرما ہو ذرا مہر عجم ماہ عرب

Mohr Farma Mahr Se, Isyaañ Ki Zulmat Mahw Kar
Jalwah Farma Ho Zara, Mehr e Ajam Maah e Arab

Place A Stamp With Your Radiance, Remove My Sins Of Darkness
Visit Even For A Little While, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

اک اشارے سے قمر کے تم نے دو ٹکڑے کیے
مرحبا صد مرحبا مہر عجم ماہ عرب

Ek Ishaare Se Qamar Ke Tum Ne Do Tukr'e Kiye
Marhaba Sad Marhaba Mehr e Ajam Maah e Arab

With Just One Blessed Gesture, You Split The Moon Into Two
Welcome A Hundred Times Over, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

نور سے معمور ہو جائے مرا سینہ اگر
دل پہ رکھ دے اپنا پا مہر عجم ماہ عرب

Noor Se Ma'moor Ho Jaa-e Mera Seena Agar
Dil Pe Rakh De Apna Paa, Mehr e Ajam Maah e Arab

My Heart Will Become Illuminated & Beautified With Light,
If Your Foot You Place Upon My Heart, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

نور کی سرکار ہے تو بھیک بھی نوری ملے
قلب نوری جگمگا مہر عجم ماہ عرب

Noor Ki Sarkaar He To Bheek Bhi Noori Milay
Qalb E Noori Jagmaga, Mehr e Ajam Maah e Arab

Your Court Is A Court Of Light, The Charity Received, Should Be Radiance,
So Let The Heart Of Noori To Glow, O Sun Of Persia, O Moon Of Arabia

MAAH E AJAM MEHR E ARAB

ہے تم سے عالم پر ضیاء ماہ عجم مہر عرب
دے دو مرے دل کو جلا ماہ عجم مہر عرب

He Tum Se Aalam Pur Zia, Maah e Ajam Mehr e Arab
De Do Mere Dil Ko Jila, Maah e Ajam Mehr e Arab

Through You the Universe Is Full Of Light, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia
Grant Exuberance To My Heart, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

دونوں جہاں میں آپ ہی کے نور کی ہے روشنی
دنیا و عقبیٰ میں شہا ماہ عجم مہر عرب

Donoñ Jahaañ Me Aap Hee, Ke Noor Ki He Roshni
Dunya o Uqba Me Shahaa, Maah e Ajam Mehr e Arab

The Glow In Both The Worlds, Is By Your Light And Your Radiance,
Both In This World & In The Hereafter, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

کب ہوتے یہ شام و سحر کب ہوتے یہ شمس و قمر
جلوہ نہ ہوتا گر ترا ماہ عجم مہر عرب

Kab Hote Ye Shaam o Sahar, Kab Hote Ye Shams o Qamar
Jalwa Na Hota Gar Tera, Maah e Ajam Mehr e Arab

Neither Would There Have Been Night Or Day, Nor The Sun Or The Moon,
If It Were Not For Your Blessed Radiance, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

شام و سحر کے قلب میں شمس و قمر کی آنکھ میں
جلوہ ہے جلوہ آپ کا ماہ عجم مہر عرب

Shaam o Sahar Ke Qalb Me, Shams o Qamar Ki Aankh Me
Jalwa He Jalwa Aap Ka, Maah e Ajam Mehr e Arab

In The Heart Of The Night & Day, In The Eyes Of The Sun & Moon
Manifested Are Your Blessed Rays, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

ہے روسیہ مجھ کو کیا آقا مرے اعمال نے
کر دو اجالا منہ مرا ماہ عجم مہر عرب

He Roo Siya Mujh Ko Kiya, Aaqa Mere A'maal Ne
Kar Do Ujaala Munh Mera, Maah e Ajam Mehr e Arab

O My Master! My Deeds Have Caused My Face To Lose Its Glow,
Please Brighten My Face, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

خورشید تاباں بھیک کو آیا تری سرکار سے
ہے نور سے کاسہ بھرا ماہ عجم مہر عرب

Khursheed e Taabaañ Bheek Ko, Aaya Teri Sarkaar Se
He Noor Se Kaasa Bhara, Maah e Ajam Mehr e Arab

The Glowing Sun Has Come To Your Court, Seeking Some Charity
To Fill Its Begging Bowl With Light, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

خورشید کے سر آپ کے در کی گدائی سے رہا
سہرا شہا انوار کا ماہ عجم مہر عرب

Khursheed Ke Sar Aap Ke, Dar Ki Gada-ee Se Raha
Sehra Shaha Anwaar Ka, Maah e Ajam Mehr e Arab

As A Beggar At Your Court, The Sun Lowered Its Head, Completely Humbled
Adorned By The Pinnacle Of Light It Became, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

کاسہ لیسی سے ترے دربار کی مہتاب بھی
کیسا منور ہو گیا ماہ عجم مہر عرب

Kaasa Laisi Se Tere, Darbaar Ki, Mahtaab Bhi
Kaisa Munaw'war Hogaya, Maah e Ajam Mehr e Arab

Humbling Itself Before You, The Moon Of Your Court As Well,
Became So Bright & Brilliant; O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

ہیں یہ زمین و آسماں منگتا اسی سرکار کے
ہے ان کی آنکھوں کی ضیاء ماہ عجم مہر عرب

Haiñ Ye Zameen o Aasmaañ, Mangta Isee Sarkaar Ke
He Un Ki Aankhoñ Ki Zia, Maah e Ajam Mehr e Arab

This Earth And This Sky Are Mendicants Of The Same Exalted Court
The Light Of Their Eyes You Are, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

یوں بھیک لیتا ہے دو وقتہ آسماں انوار کی
صبح و مسا ہے جبہ سا ماہ عجم مہر عرب

Yuñ Bheek Leta He, Do Waqta, Aasmaañ Anwaar Ki
Subh o Masa He Jubh Saa, Maah e Ajam Mehr e Arab

Similarly Twice Daily, The Sky Comes To Attain The Charity Of Light
While Prostrating Morning & Evening, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

اس جبہ سائی کے سبب شب کو اسی سرکار نے
انعام میں ٹیکا دیا ماہ عجم مہر عرب

Is Jubh Saa-ee Ke Sabab, Shab Ko Isee Sarkaar Ne
In'aam Me Teeka Diya, Maah e Ajam Mehr e Arab

Due To This Humble Prostration, From Your Most Exalted Court,
As A Gift It Received Its Spherical Glow, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

اور صبح کو سرکار سے اس کو ملا نوری صلہ
عمدہ سا جھومر پر ضیاء ماہ عجم مہر عرب

Awr Subh Ko Sarkaar Se Is Ko Mila Noori Silaa
Umdah Saa Jhoomar Pur Zia, Maah e Ajam Mehr e Arab

And The Morning Received From My Master, A Radiantly Glowing Reward
A Beautiful Radiant Headpiece It Received, O Moon Of Persia, O Sun of Arabia

جب تم نہ تھے کچھ بھی نہ تھا جب تم ہوئے سب کچھ ہوا
ہے سب میں جلوہ آپ کا ماہ عجم مہر عرب

Jub Tum Na Thay Kuch Bhi Na Tha, Jub Tum Huwe, Sub Kuch Huwa
He Sub Me Jalwa Aap Ka, Maah e Ajam Mehr e Arab

When You Were Not, There Was Nothing; Upon Your Creation, Everything Appeared
Your Manifestation Is Present In Everything, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

اک ظلمت عصیاں شہا اس پر اندھیرا قبر کا
کر دے ضیا بدر الدجیٰ ماہ عجم مہر عرب

Ik Zulmat Isyaañ Shaha, Us Par Andhera Qabr Ka
Kar De Zia Badrud Duja, Maah e Ajam Mehr e Arab

On One Hand Is The Darkness Of My Sins, & On The Other Is The Dark Grave
Brighten It, O Full Moon Of The Dark Night, O Moon Of Persian, O Sun Of Arabia

بر تو شود از نور رب باران نوری روز و شب
ہو تا ابد یہ سلسلہ ماہ عجم مہر عرب

Bar Tu Shawad Az Noor Rab'b, Baaraan e Noori Roz o Shab
Ho Ta Abad Ye Silsila, Maah e Ajam Mehr e Arab

From The Light Of Allah Upon You, May Showers Of Mercy Rain Day & Night
Forever May This Sequence Continue, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

ہو مرشدوں پر نور جاں بارش تمہارے نور کی
اور ان سے پائے یہ گدا ماہ عجم مہر عرب

Ho Murshidoñ Par Noor e Jaañ, Baarish Tumhare Noor Ki
Awr Un Se Paa-e Ye Gada, Maah e Ajam Mehr e Arab

Shower Upon My Murshids, Your Luminous Showers, O Light Of My Soul
And Through Them May This Beggar Attain It, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

بے شک ہے عاصی کے لئے ناری صلہ لیکن شہا
نوری کو دو نوری جزا ماہ عجم مہر عرب

Be Shak He Aasi Ke Liye, Naari Silaa Lekin Shaha
Noori Ko Do Noori Jaza, Maah e Ajam Mehr e Arab

Indeed For The Sinner, Hell-Fire Is The Remuneration, But
Grant Noori A Radiant Reward, O Moon Of Persia, O Sun Of Arabia

ان کو دیکھا تو گیا بھول میں غم کی صورت
یاد بھی اب تو نہیں رنج والم کی صورت

Unko Dekha To Gaya, Bhool Me Gham Ki Soorat
Yaad Bhi Ab To Nahiñ, Ranj o Alam Ki Soorat

On Seeing Him I Forgot About My Grief-Stricken Condition
Now I Cannot Even Remember That Sad & Pitiful Condition

خواب میں دیکھوں اگر دافع غم کی صورت
پھر نہ واقع ہو کبھی رنج والم کی صورت

Khwaab Me Dekhuñ Agar, Daafa'e Gham Ki Soorat
Phir Na Waaqe' Ho Kabhi, Ranj o Alam Ki Soorat

If Dream Of The Eradicator Of Grief & See His Vision
Never Again Will I Face, Such A Sad & Distressful Condition

آبلے پاؤں میں پڑ جائیں جو چلتے چلتے
راہ طیبہ میں چلوں سر سے قدم کی صورت

Aable Paa-oñ Me Par' Jaa-eñ, Jo Chalte-Chalte
Raah e Taiba Me Chaluñ, Sar Se Qadam Ki Soorat

If My Feet Become Blistered, While Walking To My Destination
Then Using My Head As My Feet, I Will Walk To Madina With Devotion

تم اگر چاہو تو اک چین جبیں سے اپنی
کر دو اعدا کو قلم شاخ قلم کی صورت

Tum Agar Chaaho To, Ik Cheen e Jabeeñ Se Apni
Kar Do A'da Ko Qalam, Shaakh e Qalam Ki Soorat

If Only You Wish, Then Just By Your Forehead's One Action
My Enemies Will Be Sliced, Like A Sliced Palm Tree's Condition

نام والا ترا اے کاش مثال مجنوں
ریگ پر انگلیوں سے لکھوں قلم کی صورت

Naam e Waala Tera, Ay Kaash Misaal e Majnuñ
Raig Par Ungliyoñ Se, Likhuñ Qalam Ki Soorat

How Good It Would Be If The One Taking Your Name, Like Majnu In Delusion
Writes Your Blessed Name On The Sand, Using His Finger, With A Pen's Precision

تیرا دیدار کرے رحم مجسم تیرا
دیکھنی ہو جسے رحماں کے کرم کی صورت

Tera Deedaar Kare, Rahm Mujas'sam Tera
Dekhni Ho Jisay, Rahmaañ Ke Karam Ki Soorat

It Is Your Complete Mercy, If I Am Blessed With Your Holy Vision
Look At Him If You Wish To See, The Most Merciful's, Merciful Compassion

آپ ہیں شان کرم کان کرم جان کرم
آپ ہیں فضل اتم لطف اعم کی صورت

Aap Haiñ Shaan e Karam, Kaan e Karam, Jaan e Karam
Aap Haiñ Fazl e Atam, Lutf e A-'am Ki Soorat

You Are The Pride Of Compassion, The Mine Of Compassion, The Soul Of Compassion
You Are The Perfect Blessing Of True Benevolence, In Its Most Perfect Condition

اک اشارہ ترے ابرو کا شہ ہر دو سرا
کاٹ دے دشمنوں کو تیغ دو دم کی صورت

Ek Ishaara Tere Abroo Ka, Shah e Har Dosara
Kaat' De, Dushmanoñ Ko Taigh e Do Dam Ki Soorat

O King Of Both Worlds! Your Sacred Eyebrow's Single Motion
Will Cut Down The Enemy, Like A Double Edged Sword In Action

آپ کا مثل شہا کیسے نظر میں آئے
کس نے دیکھی ہے بھلا اہل عدم کی صورت

Aap Ka Misl Shaha, Kaise Nazar Me Aa-e
Kis Ne Dekhi He Bhala, Ahl e 'Adam Ki Soorat

How Will Anyone Ever See Your Equal Or Replication
Has Anyone Ever Seen Any Inhabitant Of A Non Existent Region

موم ہے ان کے قدم کے لئے دل پتھر کا
سنگ نے دل میں رکھی ان کے قدم کی صورت

Mawm He Un Ke Qadam Ke Liye Dil Pat'thar Ka
Sang Ne Dil Me Rakhi, Un Ke Qadam Ki Soorat

The Heart Of A Rock Is Like Wax Under His Sacred Feet's Foundation,
A Rock Even Preserved In Its Heart, His Sacred Feet's Impression

خواب میں بھی نہ نظر آئے اگر تم چاہو
درد و غم، رنج و الم، ظلم و ستم کی صورت

Khwaab Me Bhi Na Nazar Aa-e, Agar Tum Chaaho
Dard o Gham, Ranj o Alam, Zulm o Sitam Ki Soorat

If You Wish, Never Will I See Even In A Dream Or Vision
Pain & Sadness, Grief & Pity, Or Any Form Of Injustice Or Oppression

اے سحاب کرم اک بوند کرم کی پڑ جائے
صفحۂ دل سے مرے محو ہو غم کی صورت

Ay Sahaab e Karam, Ik Boond Karam Ki Par' Jaa-e
Safha e Dil Se Mere, Mahw Ho Gham Ki Soorat

O Cloud Of Compassion, If Upon Me Rains Down Even One Drop Of Compassion
All My Grief Will Be Washed Away, From The Page Of My Heart's Condition

جب سے سوکھے ہیں مرے کشتِ اعمال باغِ عمل
یاد آتی ہے مجھے ابرِ کرم کی صورت

Jub Se Sookhay Haiñ Mere Kisht e Amal Baagh e Amal
Yaad Aati He Mujhe, Abr e Karam Ki Soorat

Ever Since My Fields Of Deeds & My Orchard Of Deeds Dried Up In Erosion
I Go On Remembering The Appearance, Of The Cloud Of Compassion

صفحۂ دل پہ مرے نام نبی کندہ ہو
نقش ہو دل پہ مرے ان کے علم کی صورت

Safha e Dil Pe Mere, Naam e Nabi Kundah Ho
Naqsh Ho Dil Pe Mere, Un Ke 'Alam Ki Soorat

If Upon The Pages Of My Heart, The Name Of The Nabi Becomes An Inscription
The Lovely Form Of His Name, Upon My Heart Will Be An Inscribed Impression

تیری تصویر کھنچے روحِ منور کیوں کر
کیسے کھینچے کوئی مصباحِ ظلم کی صورت

Teri Tasweer Khinche, Rooh e Munaw'war Kyuñkar
Kaise Kheenche Ko-ee, Misbaah e Zulam Ki Soorat

How Can The Enlightened Heart Illustrate Your Description
How Can Anyone Illustrate The Face Of The Eradicator Of Destruction

آئیں جو خواب میں وہ ہو شبِ غم عید کا دن
جائیں تو عید کا دن ہو شبِ غم کی صورت

Aa-eñ Jo Khwaab Me Wo, Ho Shab e Gham Eid Ka Din
Jaa-eñ To Eid Ka Din, Ho Shab e Gham Ki Soorat

When In My Dream He Appears, My Night Of Grief Will Become A Day Of Celebration
When He Leaves, The Day Of Celebration Will Become A Night Of Depression

جائیں گلشن سے تو لٹ جائے بہار گلشن
دشت میں آئیں تو ہو دشت ارم کی صورت

Jaa-eñ Gulshan Se To Lut' Jaa-e Bahaar e Gulshan
Dasht Me Aa-eñ, To Ho Dasht Iram Ki Soorat

If He Departs From A Garden, The Bloom Of The Garden Loses Its Distinction
If He Enters A Wilderness, The Wilderness Turns Into A Heavenly Region

بھیڑ کو خوف نہ ہو شیر سے جو تم چاہو
تم جو چاہو تو بنے شیر غنم کی صورت

Bheyr' Ko Khawf Na Ho, Sheyr Se Jo Tum Chaaho
Tum Jo Chaaho To Banay, Sheyr Ghanam Ki Soorat

If You So Wish, Then The Sheep Will Have No Fear Of The Lion's Intrusion
If You So Wish Then A Lion Will Be Transformed Into A Sheep's Condition

کوہ ہو جائیں اگر چاہو تو سونا چاندی
سنگریزے بنیں دینار و درم کی صورت

Koh Ho Jaa-eñ Agar, Chaaho To Sona Chaandi
Sangreze Baneñ Dinaar o Diram Ki Soorat

If You So Wish, Then A Mountain Would Turn Into Gold & Silver In One Motion
While From Pebbles To Dirhams And Dinaars We Will See A Transformation

صورت پاک وہ بے مثل ہے پائی تم نے
جس کی ثانی نہ عرب اور نہ عجم کی صورت

Soorat e Paak Wo Be Misl He Paa-ee Tum Ne
Jis Ki Saani Na Arab, Awr Na Ajam Ki Soorat

You Have Been Blessed With Such A Pure And Peerless Manifestation
Another Like You Can Never Be Located In Arabia or Any Non Arabian Location

دم نکل جائے مرا راہ میں ان کی نوریؔ
ان کے کوچہ میں رہوں نقش قدم کی صورت

Dam Nikal Jaa-e Mera, Raah Me Un Ki Noori
Un Ke Kooche Me, Rahuñ Naqsh E Qadam Ki Soorat

In His Blessed Path O Noori, May My Soul Be Removed With Perfection,
May I Live In His Sacred Court, Becoming His Sacred Feet's Impression

MANQABAT IN PRAISE OF HAZRAT SAYYIDUNA ALA'UD'DEEN ALI AHMED SABIR KALYARI

کیسے کاٹوں رتیاں صابر

تارے گنت ہوں سیّاں صابر

Kaise Kaat'u Ratiyaañ Saabir
Taare Ginat Huñ Sayyañ Saabir

How Can I Pass My Nights In Your Separation, O Saabir
Stars I Am Counting In Your Love, O Saabir

مورے کرجوا ہوک اٹھت ہے

مو کو لگالے چھتیاں صابر

Muray Karajiwa Hok Uth'at He
Moo Ko Laga Le Chatyaañ Saabir

In Your Love My Liver Is Incinerating
To Your Blessed Chest Embrace Me, O Saabir

توری صورتیا پیاری پیاری

اچھی اچھی بتیاں صابر

Toori Suratyaañ Pyaari Pyaari
Ach'chi Ach'chi Batiyaañ Saabir

Your Blessed Face Is So Radiant & Beautiful,
Your Words Are Indeed So Eloquent, O Saabir

چیری کو اپنے چرنوں لگالے

میں پروں تورے پیّاں صابر

Chayri Ko Apne Charnoñ Laga Le
Me Parooñ Turay Pay'yaañ Saabir

Why Cover Your Feet With Usual Footwear,
Let Me Be Attached To The Souls Of Your Feet, O Saabir

ڈولے نیّا موری بھنور میں
بلما پکڑے بیّاں صابر

Dowle Nay'ya Muri Bhanwar Me
Balma Pak're Bay'yaañ Saabir

My Ship Has Been Caught In The Storm Of The Ocean
My Beloved! Hold My Hand & Rescue Me, O Saabir

چھتیاں لاگن کیسے کہوں میں
تم ہو اونچے اٹریاں صابر

Chathyaañ Laagan Kaise Kahuñ Me
Tum Ho Oonche At'aryaañ Saabir

How Can I Ask You To Embrace Me To Your Chest,
Your Station And Position Is So Exalted, O Saabir

تورے دوارے سیس نواؤں
تیری لے لوں بلیّاں صابر

Turay Dwaare Sees Nawa-oñ
Teri Le Luñ Balay'yaañ Saabir

At Your Sacred Court, May I Humbly Lower My Forehead,
There May I Reap Your Grand Blessings, O Saabir

سپنے ہی میں درشن دکھلا دو
مو کو مورے گسیّاں صابر

Sapne Hee Me Darshan Dikhla Do
Mow Ko Muray Gasay'yaañ Saabir

At Least In My Dreams, Allow Me To See You,
For You Are Our Eminent Guide, O Saabir

تن، من، دھن سب تو پہ وارے

نوری موڑے سیّاں صابر

Tan, Man, Dhan Sub To Pe Waare

Noori Mooray Say'yaañ Saabir

May I Sacrifice My Body, Soul, & All My Wealth Upon You,

This Is The Wish & Desire Of Your Noori, O Saabir

TUM PAR LAAKHOÑ SALAAM

سب سے اعلیٰ عزت والے
غلبہ و قہر و طاقت والے
حرمت والے کرامت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Sub Se Aala, Izzat Waale
Ghalba o Qehr o Taaqat Waale
Hurmat Waale, Karaamat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

The Most Dignified, The Most Esteemed One
The Prevailing, The Ravishing, The Powerful One
The Revered One, The Most Miraculous One
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

ظاہر باہر سیادت والے
غالب قاہر ریاست والے
قوت والے شہادت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Zaahir Baahir, Siyaadat Waale
Ghaalib Qaahir, Riyaasat Waale
Quw'wat Waale, Shahaadat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

The Apparent, The Obvious, The Noble Ruler
The Prevailing, The Ravishing, The Reigning Ruler
The Powerful One, The Witness & The True Observer
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

نورِ علم و حکمت والے
نافذ جاری حکومت والے
رب کی اعلیٰ خلافت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Noor e Ilm o Hikmat Waale
Naafiz Jaari, Hukoomat Waale
Rab'b Ki 'Aala Khilaafat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

The Bearer Of The Light Of Knowledge & Wisdom
The Grand Legislator, Presiding Over The Kingdom
Allah's Chosen Representative To Every Nation
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

آپ کا چاہا رب کا چاہا
رب کا چاہا آپ کا چاہا
رب سے ایسی چاہت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Aap Ka Chaaha, Rab'b Ka Chaaha
Rab'b Ka Chaaha, Aap Ka Chaaha
Rab'b Se Aisi Chaahat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

Your Pleasure Is The Will Of Almighty Allah
The Will Of Almighty Allah Is Whatever You Desire
You Are The One Who So Dearly Loves Almighty Allah
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

تم ہو شہ اورنگ خلافت
تم ہو والی ملک جلالت
تم ہو تاج رفعت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Tum Ho Shahe Awrang e Khilaafat
Tum Ho Waali, Mulk e Jalaalat
Tum Ho Taaj e Rif'at Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

The King Of The Throne of Divine Representation
The Guardian Of Almighty Allah's Dominion
The Possessor Of The Crown of Exaltation
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

رب کے پیارے راج دلارے
ہم ہیں تمہارے تم ہو ہمارے
اے دامان رحمت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Rab'b Ke Pyaare, Raaj Dulaare
Hum Haiñ Tumhare, Tum Ho Hamaare
Ay Daamaan e Rahmat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

The Most Beloved Of Allah, The Most Special You Are
We Are Truly Yours And Ours Indeed You Are
The Bearer Of The Magnificent Mercy You Are
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

دھودیں گنہ کے دھبے کالے
ابر کرم کے برسیں جھالے
گیسوؤں والے رحمت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Dho Deñ Gunah Ke, Dhab'bay Kaale
Abr e Karam Ke, Barseñ Jhaale
Gaisu-oñ Waale, Rahmat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

The Black Spots Of My Sins, Please Wash Away
May It Rain Down From The Cloud Of Mercy, Washing It Away
The One With Beautiful Locks, The Possessor of Grand Mercy
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

ڈگمگ ڈگمگ نیا ہالے
جیرا کانپے توئی سنبھالے
آہ دوہائی رحمت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Dagmag-Dagmag Naya Haale
Jeeyra Kaampe Tu-ee Sambhaale
Aah Duha-ee, Rahmat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

In The Storm, My Ship Is Swaying,
Only You Can Save Me, My Heart Is Trembling,
Come To My Assistance, O My Merciful King
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

بگڑی ناؤ کون سنبھالے
ہائے بھنور سے کون نکالے
ہاں ہاں زور و طاقت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Bigr'i Naa-o, Kaun Sambhaale
Haa-e Bhanwar Se, Kaun Nikaale
Haañ-Haañ, Zor o Taaqat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

To Save My Sinking Ship Who Will Assist
To Save Us From The Storm Who Will Persist
Indeed It Will Be The Powerful & The Strongest
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

راجا پرجا آپ کے دوارے
سب ہیں بیٹھے جھولی پسارے
داتا پیارے دولت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Raaja Parjaa, Aap Ke Dawaare
Sub Haiñ Baythe, Jholi Pasaare
Daata Pyaare, Dawlat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

The Kings & Their Subjects Are All At Your Court
All Are Seated With Their Robes Spread Out At Your Court
You Are The Benefactor, The Treasure Distributing Court
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

کھیون ہارے کھیون ہارے
بیّاں پکڑے مورے پیارے
قوت والے ہمت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Khewan Haare, Khewan Haare
Bay'yaañ Pakr'e, Muray Pyaare
Quw'wat Waale, Himmat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

O My Ship's Captain! O My Ship's Captain
O My Beloved! Please Hold My Hands
O Resilient One! O Courageous One
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

اپنے پرائے آپ کے در سے
نعمتیں پائیں جھولیاں بھر کے
اللہ اللہ سخاوت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Apne, Paraa-e, Aap Ke Dar Se
Ne'mateñ Paa-eñ, Jholiyaañ Bhar Ke
Allah-Allah, Sakhaawat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

Our Own & The Strangers Are At Your Court My Master
Attaining Blessings, Filling Their Purses, At Your Court My Master
By The Grace Of Almighty Allah, You Are The Generous Master
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

عرشِ علا پر رب نے بلایا
اپنا جلوۂ خاص دکھایا
خلوت والے جلوت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Arsh e Ulaa Par, Rab'b Ne Bulaaya
Apna Jalwa e Khaas Dikhaaya
Khalwat Waale, Jalwat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

Upon The Exalted Arsh, Almighty Allah Invited You
With His Divine Vision, The Almighty Blessed You
In Private It Is You, In Splendid Appearance It Is You
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

تخت تمہارا عرش خدا کا
ملک خدا ہے ملک تمہارا
رب کی اعلیٰ خلافت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Takht Tumhara, Arsh Khuda Ka
Milk e Khuda He, Milk Tumhara
Rab'b Ki Aa'la Khilaafat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

Your Podium Is The Grand Arsh Of Allah
Your Property Is The Entire Kingdom Of Allah
The Possessor of The Greatest Khilaafat Of Allah
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

دے دیئے تم کو اپنے خزانے
رب عزت رب علانے
دونوں جہاں کی نعمت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

De Diye Tum Ko, Apne Khazaane
Rab'b e Izzat, Rab'b e 'Ulaa Ne
Donoñ Jahaañ Ki Ne'mat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

His Treasures The Almighty Bestowed Upon You
Allah The Divinely Majestic Bestowed It Upon You
The Possessor of The Bounties Of Both Worlds Are You
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

ایسی دولت پائی پھر بھی
مسکینی ہی تم نے چاہی
مسکینوں پر رحمت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Aisi Daulat Paa-ee Phir Bhi
Miskeeni Hee, Tum Ne Chaahi
Miskeenoñ Par, Rahmat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

Even After Being Blessed With Such A Great Treasure
To Remain With The Poor Was Your Pleasure
Mercy Unto The Needy, The Poor, The Beggar
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

آپ سے دولت پائے دنیا
آپ کریں خود فاقہ پہ فاقہ
ایسی بخشش و دولت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Aap Se Daulat Paa-e Dunya
Aap Kareñ Khud, Faaqe Pe Faaqah
Aisi Bakhshish o Dawlat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

From You The World Received Wealth & Liquidity
Yet You Remained Patient Even In Poverty
The Possessor of Such Benevolence & The Truly Wealthy
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

نعمتیں تم اوروں کو کھلاؤ
خود کھاؤ تو جو کی کھاؤ
نان جویں پہ قناعت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Ne'mateñ Tum, Awroñ Ko Khilaawo
Khud Khaa-o To, Jow Ki Khaa-o
Naan Joweeñ Pe, Qana'at Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

You Bless All Others With Bounties Daily
Yet You Humbly Eat Simple Raw Barley
Satisfied You Were With Bread Made From Barley
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

دولت دوعالم کو بانٹو
پیٹ پر اپنے پتھر باندھو
اللہ اللہ سخاوت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Daulat Do Aalam Ko Baant'o
Peyt' Par Apne, Pat'thar Baandho
Allah-Allah, Sakhaawat Waale
Tum Par Laakhoñ Salaam,
Tum Par Laakhoñ Salaam

To Both The Worlds He Distributed Such Treasures
But On His Sacred Stomach Stones He Secures
By Almighty Allah's Grace, So Kind And So Generous
Millions Of Salutations Upon You,
Millions Of Salutations Upon You

غیروں کو اپنوں سے زیادہ
بانٹی تم نے دولت دنیا
ماشاءاللہ ہمت والے
تم پر لاکھوں سلام تم پر لاکھوں سلام

Ghayroñ Ko Apnoñ Se Zyaada
He Whose Court Is The Court Of Generosity, Kindness & Blessing
He Whose Sacred Door Upon The Enemy Is Also Opening
Durood And Salaams Upon You, O Nabi Of All Nabis
And Rasool Of All Rasools

اے وہ جس کا رب ہے شاہد اور وہ مشہود ہے　　اے وہ جس کا رب ہے حامد اور وہ محمود ہے
اے وہ جس کا رب ہے قاصد اور وہ مقصود ہے　　اے کہ جس کا جود ایسا ہے کہ لا مقصود ہے
اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلام اے نبیوں کے نبی　　اور اے رسولوں کے امام

Ay Wo Jis Ka Rab'b He Shaahid Awr Wo Mash'hood He
Ay Wo Jis Ka Rab'b He Haamid Awr Wo Mahmood He
Ay Wo Jis Ka Rab'b He Qaasid Awr Wo Maqsood He
Ay Ke Jis Ka Jood Aisa He Ke Laa Maqsood He
As Salaatu Was Salaam Ay Nabiyyoñ
Ke Nabi Awr Ay Rasooloñ Ke Imam

He Whose Creator Is All-Present, And Is All Witnessing,
He Whose Creator Is The One Who Praises, And Him He Is Praising
He Whose Creator Has Delegated, While He Is The Delegated King
He Whose Generosity Is Without Any Restrictions Or Limiting
O Nabi Of All Nabis And Rasool Of All Rasools,
Durood And Salaams Upon You

قبلہ کونین ہیں سرکار امام القبلتین　　آپ ہیں فتحِ خدا سے فاتحِ بدر و حنین
دور در سے جو ہوا تو پھر کہاں یہ امن و چین　　ہم پہ بھی چشمِ کرم ہو سیدی بہر حسین
اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلام اے نبیوں کے نبی　　اور اے رسولوں کے امام

Qibla e Kaunain Haiñ Sarkaar Imam ul Qiblatain
Aap Haiñ Fathe Khuda Se Faatahe Badr O Hunain
Door Dar Se Jo Huwa To Phir Kahaañ Ye Amn o Chain
Hum Pe Bhi Chashm e Karam Ho Sayyidi Bahr e Husain
As Salaatu Was Salaam Ay Nabiyyoñ
Ke Nabi Awr Ay Rasooloñ Ke Imam

The Qibla Of The Universe Is My Master, Of Both Qiblas He Is The Leading King
By The Allah Given Victory, The Victor Of Badr & Hunain You Are, My King
The One Distant From Your Court, Will Not Attain Peace & Safety My King
Through Imam Husain, O My Master Place Your Sight On This Humble Being
Durood And Salaams Upon You, O Nabi Of All Nabis
And Rasool Of All Rasools

اے شہنشاہ دو عالم شافع روز قیام　　زینت گلزار طیبہ مرجع ہر خاص و عام
حاضر در آج ہیں سرکار کے رضوی غلام　　از پے احمد رضا مقبول ہو ان کا سلام
اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلام اے نبیوں کے نبی　　اور اے رسولوں کے امام

Ay Shahanshah e Do Aalam, Shaafa'e Roz e Qayaam
Zeenat e Gulzaar e Taiba Marja'e Har Khaas o Aam
Haazir e Dar Aaj He Sarkaar Ke Razvi Ghulaam
Az Paa-e Ahmad Raza Maqbool Ho Unka Salaam
As Salaatu Was Salaam Ay Nabiyyoñ
Ke Nabi Awr Ay Rasooloñ Ke Imam

O King Of Both Worlds, O Intercessor Of The Day Of Reckoning
The Beauty Of The Gardens Of Taiba, The Source Of Every Single Being
Present At Your Sacred Court Today Are Your Razvi Slaves, Humbly Begging
May Their Salaams Be Accepted, Through Ahmed Raza's Blessing
Durood And Salaams Upon You, O Nabi Of All Nabis
And Rasool Of All Rasools

TERA JALWAH NOOR E KHUDA GHAUS E AZAM

ترا جلوہ نور خدا غوث اعظم
ترا چہرہ ایماں فزا غوث اعظم

Tera Jalwah Noor e Khuda Ghaus e Azam
Tera Chehra Imaañ Faza Ghaus e Azam

Your Rays Are From The Light Of Allah, Ghaus e Azam
Your Blessed Face Is Imaan Enhancing, Ghaus e Azam

مجھے بے گماں دے گما غوث اعظم
نہ پاؤں میں اپنا پتا غوث اعظم

Mujhe Be Gumaañ De Gumaa Ghaus e Azam
Na Paawuñ Me Apna Pata Ghaus e Azam

Let This Unconscious One Be Absorbed In Such A Way, Ghaus e Azam
That I May Not Even Find Myself, Ghaus e Azam

خودی کو مٹا دے خدا سے ملا دے
دے ایسی فنا و بقا غوث اعظم

Khudi Ko Mit'aa De Khuda Se Milaa-o
De Aisi Fana o Baqa Ghaus e Azam

May I Erase Myself & Find The Way To The Nearness Of Allah
Grant Me Such Fana And Baqa Ghaus e Azam

خودی کو گماؤں تو میں حق کو پاؤں
مجھے جام عرفاں پلا غوث اعظم

Khudi Ko Gumaa-uñ To Me Haq Ko Paawoñ
Mujhe Jaam e Irfaañ Pila Ghaus e Azam

I Should Lose Myself In A Way, Where I Find My Creator,
Afford Me That Drink Of Mysticism, Ghaus e Azam

خدا ساز آئینہ حق نما ہے
ترا چہرۂ پُر ضیا غوث اعظم

Khuda Saaz Aa-ina e Haq Numa He
Tera Chehra e Pur Zia Ghaus e Azam

A Gift Of Almighty Allah, The Manifestation Of The Almighty's Blessings,
Is Your Radiant And Glowing Face, Ghaus e Azam

خدا تو نہیں ہے مگر تو خدا سے
جدا بھی نہیں ہے ذرا غوث اعظم

Khuda Tu Nahiñ He Magar Tu Khuda Se
Juda Bhi Nahiñ He Zara Ghaus e Azam

You Are Indeed Not The Almighty, But From The Almighty,
You Are Not Disconnected Even One Bit, Ghaus e Azam

نہ تو خود خدا ہے نہ حق سے جدا ہے
خدا کی ہے تو شان یا غوث اعظم

Na Tu Khud Khuda He, Na Haq Se Juda He
Khuda Ki He Tu Shaan Ya Ghaus e Azam

Neither Are You Yourself The Almighty, Nor Are You Detached From Allah
The Manifestation Of Almighty Allah, You Are Ghaus e Azam

تو باغ علی کا ہے وہ پھول جس سے
دماغ جہاں بس گیا غوث اعظم

Tu Baagh e Ali Ka He Wo Phool Jis Se
Dimaagh e Jahaañ Bas Gaya Ghaus e Azam

You Are That Fragrant Flower Of The Garden Of Hazrat Ali By Which,
The Minds Of The Universe Became Fragrant Ghaus e Azam

ترا مرتبہ کیوں نہ اعلیٰ ہو مولیٰ
ہے محبوب رب العلا غوث اعظم

Tera Martaba Kyuñ Na A'laa Ho Maula
He Mahboob e Rab'bul 'Ulaa Ghaus e Azam

Why Should Your Status Not Be Exalted O My Master,
For You Are The Beloved Of The Exalted Rab'b, O Ghaus e Azam

ترا رتبہ اللہ اکبر سروں پر
قدم اولیا نے لیا غوث اعظم

Tera Rutbah Allahu Akbar Saroñ Par
Qadam Awliyah Ne Liya Ghaus e Azam

Allahu Akbar! Your Excellence Is So High Above Their Heads,
That The Awliyah Took Your Sacred Foot, O Ghaus e Azam

ترا دامن پاک تھامے جو رہزن
بنے ہادی و رہنما غوث اعظم

Tera Daaman e Paak Thaamay Jo Rahzan
Banay Haadi o Rahnuma Ghaus e Azam

When The Bandits Firmly Held Your Sacred Mantle,
They Became Guides & Leaders, O Ghaus e Azam

نہ کیوں مہرباں ہو غلاموں پہ اپنے
کرم کی ہے تو کان یا غوث اعظم

Na Kyuñ Mahrbaañ Ho Ghulaamoñ Pe Apne
Karam Ki He Tu Kaan Ya Ghaus e Azam

Why Will You Not Be Generous To Your Devotees
For You Are A Treasure-Trove of Generosity, O Ghaus e Azam

ترے صدقے جاؤں میری لاج رکھ لے
ترے ہاتھ ہے لاج یا غوث اعظم

Tere Sadqe Jaa-uñ Meri Laaj Rakh Le
Tere Haath He Laaj Ya Ghaus e Azam

I Beg Of You That You May Please Protect My Honour
Your Blessed Hand Is My Honour, O Ghaus e Azam

پریشان کر دے پریشانیوں کو
پریشان دل ہے مرا غوث اعظم

Pareshaan Kar De Pareshaaniyoñ Ko
Pareshaan Dil He Mera Ghaus e Azam

Cause My Troubles To Fall Into Trouble,
For My Heart Is Now Very Troubled, Ghaus e Azam

مری کشتی چکرا رہی ہے بھنور میں
مرے ناخدا با خدا غوث اعظم

Meri Kashti Chakra Rahi He Bhanwar Me
Mere Na Khuda Ba Khuda Ghaus e Azam

My Ship Is Spiralling In The Stormy Seas,
Assist Me, My Saviour, For Allah's Sake, Ghaus e Azam

خدارا سہارا، سہارا خدارا
تلاطم ہے حد سے سوا غوث اعظم

Khuda Ra Sahaara, Sahaara Khuda Ra
Talaatum He Hud Se Siwa Ghaus e Azam

For Allah's Sake Give Us Some Aid, Please Aid Us For Allah's Sake
The Stormy Sea Is Now Extremely Intense, Ghaus e Azam

ارے مورے سیاں پڑوں تورے پیّاں
پکڑ موری بیّاں پیا غوث اعظم

Arrey Muray Say'yañ Par'o Turay Pay'yaañ
Pakar' Muri Bay'yaañ Piya Ghaus e Azam

O My Beloved! May I Lie At Your Blessed Feet,
Hold Me By My Hands, My Beloved Ghaus e Azam

خطائیں ہماری جو حد سے سوا ہیں
عطا تیری ان سے سوا غوث اعظم

Khata-eñ Hamaari Jo Hud Se Siwa He
Ataa Teri Un Se Siwa Ghaus e Azam

Even Though Our Sins Are More Than Ever
But More Than It Is Your Benevolence, Ghaus e Azam

خطا کاریاں گرچہ حد سے بھی اپنی
سوا ہیں سوا ہیں سوا غوث اعظم

Khata-Kaariyaañ Gar Che Hud Se Bhi Apni
Siwa Haiñ, Siwa Haiñ, Siwa Ghaus e Azam

Even Though My Faults Are More Than Can Be,
They Are Too Many, Too Many, Too Many Ghaus e Azam

ہماری خطا کو تمہاری عطا سے
بھلا کوئی نسبت بھی یا غوث اعظم

Hamaari Khata Ko Tumhari Ataa Se
Bhala Ko-ee Nisbat Bhi Ya Ghaus e Azam

Our Faults In Contrast To Your Benevolence,
Certainly Have No Comparison, O Ghaus e Azam

تو رحم و کرم کا ہے بے پایاں دریا
یہ اک فرد عصیاں ہے یا غوث اعظم

Tu Rahm o Karam Ka He Be Paayaañ Darya
Ye Ik Fard Isyaañ He Ya Ghaus e Azam

A Shoreless Ocean Of Mercy & Compassion You Are
I Am Only One Sinful Person, O Ghaus e Azam

یہ اک فرد عصیاں ہے کیا تیرے آگے
اگر لاکھوں سے ہوں سوا غوث اعظم

Ye Ik Fard e Isyaañ He Kya Tere Aage
Agar Laakhoñ Se Hoñ Siwa Ghaus e Azam

What Is This One Sinful Person, In Your Holy Presence,
Even If There Are Countless, Your Blessings Are More Ghaus e Azam

ترا ایک ہی قطرہ دھو دے گا سارا
ہر اک صفحۂ پُر خطا غوث اعظم

Tera Ek Hee Qatrah Dho Dega Saara
Har Ik Sahfa e Pur Khata Ghaus e Azam

Just One Drop Of Your Blessing, Will Surely Erase
Every Page Full Of My Sins, Ghaus e Azam

تو بیکس کا کس اور بے بس کا بس ہے
تواں ناتوانوں کی یا غوث اعظم

Tu Be Kas Ka Kas Awr Be Bus Ka Bus He
Tawaañ Na Tawaañoñ Ki Ya Ghaus e Azam

The Power To The Powerless, The Aid To The Helpless,
The Strength Of The Weak You Are, O Ghaus e Azam

مری جان میں جان آئے جو آئے
مرا جان عالم مرا غوث اعظم

Meri Jaan Me Jaan Aa-e Jo Aa-e
Mera Jaan e Aalam Mera Ghaus e Azam

In My Soul, My Life Will Enter, If You Do Come,
The Soul Of My World, My Ghaus e Azam

مری جان کیا جانِ ایماں ہو تازہ
کہ ہے محی دینِ خدا غوث اعظم

Meri Jaan Kya Jaan e Imaañ Ho Taaza
Ke Muhy Deen e Khuda Ghaus e Azam

Leave Alone Just My Soul, The Soul Of My Imaan Will Be Refreshed
For You Are Reviver Of The Deen Of Allah, Ghaus e Azam

مرا سر تری کفش پا پر تصدق
وہ پا کے تو قابل ہے یا غوث اعظم

Mera Sar Teri Kafsh Paa Par Tasad'duq
Wo Paa Ke To Qaabil He Ya Ghaus e Azam

My Head Is Sacrificed Upon Your Sacred Footwear
It Is Only Worthy Of Your Sacred Feet, Ghaus e Azam

جھلک روئے انور کی اپنی دکھا کر
تو نوری کو نوری بنا غوث اعظم

Jhalak Roo e Anwar Ki Apni Dikha Kar
Tu Noori Ko Noori Bana Ghaus e Azam

By Showing Me Just One Glimpse Of Your Glowing Face,
Cause Noori To Glow Brilliantly, Ghaus e Azam

KHILA MERE DIL KI KALEE GHAUS E AZAM

کھلا میرے دل کی کلی غوث اعظم
مٹا قلب کی بے کلی غوث اعظم

Khila Mere Dil Ki Kalee Ghaus e Azam
Mit'aa Qalb Ki Be Kalee Ghaus e Azam

Cause The Bud Of My Heart To Blossom, O Ghaus e Azam
Remove The Restlessness Of My Heart, O Ghaus e Azam

مرے چاند میں صدقے آجا ادھر بھی
چمک اٹھے دل کی گلی غوث اعظم

Mere Chaand Me Sadqe Aa Jaa Idhar Bhi
Chamak Uth'tay Dil Ki Galee Ghaus e Azam

O My Moon! My I Be Sacrificed, Pass By Me As Well
So That The Buds Of My Heart May Bloom, O Ghaus e Azam

ترے رب نے مالک کیا تیرے جد کو
ترے گھر سے دنیا پلی غوث اعظم

Tere Rab'b Ne Maalik Kiya Tere Jad'd Ko
Tere Ghar Se Dunya Palee Ghaus e Azam

Your Creator Made Your Beloved Ancestor The Master
The World Took From Your House, O Ghaus e Azam

وہ ہے کون ایسا نہیں جس نے پایا
ترے در پہ دنیا ڈھلی غوث اعظم

Wo He Kaun Aisa Nahiñ Jis Ne Paaya
Tere Dar Pe Dunya Dhalee Ghaus e Azam

Who Is It That Did Not Really Attain Anything From You,
At Your Court The World Was Moulded, O Ghaus e Azam

کہا جس نے یا غوث اغثنی تو دم میں
ہر آئی مصیبت ٹلی غوث اعظم

Kaha Jis Ne Ya Ghaus Aghithnee To Dum Me
Har Aa-ee Musibat 'Talee Ghaus e Azam

Whoever Said, 'O Ghaus Grant Me Relief', Then In A Moment,
Every Calamity Which He Faced, Was Deflected, O Ghaus e Azam

نہیں کوئی بھی ایسا فریادی آقا
خبر جس کی تم نے نہ لی غوث اعظم

Nahiñ Ko-ee Bhi Aisa Faryaadi Aaqa
Khabar Jis Ki Tum Ne Na Lee Ghaus e Azam

There Is No Such Mendicant O My Master,
To Whom You Did Not Grant Relief, O Ghaus e Azam

مری روزی مجھ کو عطا کر دے آقا
ترے در سے دنیا نے لی غوث اعظم

Meri Rozi Mujh Ko Ataa Kar De Aaqa
Tere Dar Se Duniya Ne Lee Ghaus e Azam

Bless Me With My Sustenance O My Master,
The World Has Taken From Your House, O Ghaus e Azam

نہ مانگوں میں تم سے تو پھر کس سے مانگوں
کہیں اور بھی ہے چلی غوث اعظم

Na Maanguñ Me Tum Se To Phir Kis Se Maanguñ
Kaheeñ Awr Bhi He Chalee Ghaus e Azam

If I Do Not Request You, From Whom Will I Ask,
Is There Any Other Such Station, O Ghaus e Azam

صدا گر یہاں میں نہ دوں تو کہاں دوں
کوئی اور بھی ہے گلی غوث اعظم

Sada Gar Yahaañ Me Na Duñ To Kahaañ Duñ
Ko-ee Awr Bhi He Galee Ghaus e Azam

If I Do Not Seek Out Aid Here, From Where Else Should I Do So
Is There Any Other Such Pathway, O Ghaus e Azam

جو قسمت ہو میری بری اچھی کر دے
جو عادت ہو بد کر بھلی غوث اعظم

Jo Qismat Ho Meri Buri, Ach'chi Kar De
Jo Aadat Ho Bud, Kar Bhalee Ghaus e Azam

That Portion Of My Fortune Which Is Ill, Make It Good,
My Habits Which Are Evil, Make Them Good, O Ghaus e Azam

ترا مرتبہ اعلیٰ کیوں ہو نہ مولیٰ
تو ہے ابن مولیٰ علی غوث اعظم

Tera Martaba A'laa Kyuñ Ho Na Maula
Tu he Ibn e Maula Ali Ghaus e Azam

Why Should Your Status Not Be Exalted O My Master,
For You Are The Descendant Of Maula Ali, O Ghaus e Azam

قدم گردن اولیاء پر ہے تیرا
ہے تو رب کا ایسا ولی غوث اعظم

Qadam Gardan e Awliyah Par He Tera
He Tu Rab'b Ka Aisa Wali Ghaus e Azam

Your Sacred Foot Is On The Necks Of All The Awliyah
Such A Wali Of Allah You Are, O Ghaus e Azam

جو ڈوبی تھی کشتی وہ دم میں نکالی
تجھے ایسی قدرت ملی غوث اعظم

Jo Doobi Thee Kashti Wo Dum Me Nikaali
Tujhe Aisi Qudrat Milee Ghaus e Azam

The Sunken Ship You Raised In A Single Moment,
Such Amazing Power You Have Been Given, O Ghaus e Azam

ہمارا بھی بیڑا لگا دو کنارے
تمہیں ناخدائی ملی غوث اعظم

Humaara Bhi Beyr'aa Laga Do Kinaare
Tumheñ Na Khuda-ee Milee Ghaus e Azam

Bring Our Ship Safely To The Shore As Well,
Such A Spiritual Saviour You Have Been Made, O Ghaus e Azam

تباہی سے ناؤ ہماری بچا دو
ہوائے مخالف چلی غوث اعظم

Tabaahi Se Naa-o Hamaari Bacha Do
Hawa E Mukhaalif Chali Ghaus e Azam

From Destruction Please Save Our Ship,
The Opposing Winds Are Now Blowing, O Ghaus e Azam

تجھے تیرے جد سے انہیں تیرے رب سے
ہے علم خفی و جلی غوث اعظم

Tujhe Tere Jad'd Se Unheñ Tere Rab'b Se
He Ilm e Khafi o Jali Ghaus e Azam

You Attained It From Your Beloved Forefather, He Received It From His Creator
Both Hidden And Apparent Knowledge, O Ghaus e Azam

مرا حال تجھ پر ہے ظاہر کہ پتلی
تری لوح سے جا ملی غوث اعظم

Mera Haal Tujh Par He Zaahir Ke Putlee
Teri Lauh Se Jaa Milee Ghaus e Azam

My Condition Is Completely Visible Upon You, For Your Eyelid
Is Connected To The Protected Tablet, O Ghaus e Azam

خدا ہی کے جلوے نظر آئے جب بھی
تری چشم حق بیں کھلی غوث اعظم

Khuda Hee Ke Jalwe Nazar Aa-e Jub Bhi
Teri Chashm e Haq Beeñ Khuli Ghaus e Azam

Whenever The Manifested Rays Of Allah Become Visible
Your True Vision Is Always Wide Opened, O Ghaus e Azam

فدا تم پہ ہو جائے نوری مضطر
یہ ہے اس کی خواہش دلی غوث اعظم

Fida Tum Pe Ho Jaa-e Noori e Muztar
Ye He Is Ki Khwaa-hish Dilee Ghaus e Azam

May Noori The Restless Be Sacrificed Upon You
This Is His Wholehearted Desire, O Ghaus e Azam

TAJAL'LI E NOOR E QIDAM GHAUS E AZAM

تجلی نور قدم غوث اعظم
ضیائے سراج الظلم غوث اعظم

Tajal'li e Noor e Qidam Ghaus e Azam
Zia e Siraajuz Zulam Ghaus e Azam

The Manifestation Of The True Preceding Light, Is Ghaus e Azam
The Brightness Of The Lamp Which Removes Darkness, Is Ghaus e Azam

ترا حل ہے تیرا حرم غوث اعظم
عرب تیرا تیرا عجم غوث اعظم

Tera Hil He, Tera Haram Ghaus e Azam
Arab Tera Tera, Ajam Ghaus e Azam

The Authority And The Sanctuary, Is Yours Ghaus e Azam
Arabia Is Yours, Persia Is Yours As Well, Ghaus e Azam

کرم آپ کا ہے اعم غوث اعظم
عنایت تمہاری اتم غوث اعظم

Karam Aap Ka He A'am Ghaus e Azam
Inaayat Tumhari Atam Ghaus e Azam

Your Generosity Is Indeed Extensive Ghaus e Azam
Your Blessings Are Entirely Perfect Ghaus e Azam

مخالف ہوں گو سو پدم غوث اعظم
ہمیں کچھ نہیں اس کا غم غوث اعظم

Mukhaalif Hoñ Go Sou Padam Ghaus e Azam
Hame Kuch Nahi Iska Gham Ghaus e Azam

Even If Our Enemies Are In The Billions, Ghaus e Azam
We Have No Distress Regarding This, Ghaus e Azam

چلا ایسی تیغ دو دم غوث اعظم
کہ اعدا کے سر ہوں قلم غوث اعظم

Chala Aisi Taigh e Do Dum Ghaus e Azam
Ke A'da Ke Sar Hoñ Qalam Ghaus e Azam

Your Double Edged Sword Struck So Swiftly,
That The Head Of The Enemy Was Severed Ghaus e Azam

وہ اک وار کا بھی نہ ہوگا تمہارے
کہاں ہے مخالف میں دم غوث اعظم

Wo Ik Waar Ka Bhi Na Hoga Tumhare
Kahaañ He Mukhaalif Me Dum Ghaus e Azam

He Will Not Even Bear Your Initial Offensive Strike
The Enemy Is Weak And Helpless, Ghaus e Azam

ترے ہوتے ہم پر ستم ڈھائیں دشمن
ستم ہے ستم ہے ستم غوث اعظم

Tere Hote Hum Par Sitam D'haa-eñ Dushman
Sitam He Sitam He Sitam Ghaus e Azam

How Can The Enemy Cause Us Injustice While You Are Amongst Us
It Is An Injustice, An Injustice, An Injustice, Ghaus e Azam

کہاں تک سنیں ہم مخالف کے طعنے
کہاں تک سہیں ہم ستم غوث اعظم

Kahaañ Tuk Suneñ Hum Mukhaalif Ke Ta'ane
Kahaañ Tuk Saheñ Hum Sitam Ghaus e Azam

For How Much Longer Must We Listen To The Taunting Of The Enemy
For How Much Longer Must We Bear This Tyranny, O Ghaus e Azam

بڑھے حوصلے دشمنوں کے گھٹادے
ذرا لے لے تیغ دو دم غوث اعظم

Bar'he Howsle Dushmanoñ Ke Ghat'aa De
Zaraa Le-Le Taigh e Do Dum Ghaus e Azam

Dampen The Courage Of The Enemies Which Is Now Growing
Raise Now Your Double Edged Sword, Ghaus e Azam

نہیں لاتا خاطر میں شاہوں کو شاہا
ترا بندۂ بے درم غوث اعظم

Nahiñ Laata Khaatir Me Shaahoñ Ko Shaaha
Tera Banda e Be Diram Ghaus e Azam

He Does Not Humble Himself Before The Worldly Kings, O My King
He Who Is Your True Servant, Without Any Riches, Ghaus e Azam

کرم چاہیے تیرا تیرے خدا کا
کرم غوث اعظم کرم غوث اعظم

Karam Chaahiye Tera, Tere Khuda Ka
Karam Ghaus e Azam, Karam Ghaus e Azam

All I Need Is Your Generosity, And The Divine Grace Of Your Creator
Be Generous Ghaus e Azam, Please Be Generous Ghaus e Azam

گھٹا حوصلہ غم کی کالی گھٹا کا
بڑھی ہے گھٹا دم بدم غوث اعظم

Ghat'aa Howsla Gham Ki Kaali Ghat'aa Ka
Bar'hi he Ghata Dum Ba Dum Ghaus e Azam

Dampen The Expectations Of Grief, The Hope Of The Black Clouds Do Dampen
The Clouds Are Now Increasing, In Every Moment, Ghaus e Azam

بڑھا ناخدا سر سے پانی الم کا
خبر لیجئے ڈوبے ہم غوث اعظم

Bar'haa Nakhuda Sar Se Paani Alam Ka
Khabar Lijiye 'Doobe Hum Ghaus e Azam

O My Saviour Now Over My Head, Is The Ocean Of Grief
Please Save Us, For We Now Are Drowning Ghaus e Azam

کرو پانی غم کو بہا دو الم کو
گھٹائیں بڑھیں ہو کرم غوث اعظم

Karo Paani Gham Ko Bahaa Do Alam Ko
Ghata-eñ Bar'heeñ Ho Karam Ghaus e Azam

Dissolve My Grief, Wash Away My Afflictions
The Dark Clouds Have Grown, Have Mercy Ghaus e Azam

نظر آئے مجھ کو نہ صورت الم کی
نہ دیکھوں کبھی روئے غم غوث اعظم

Nazar Aa-e Mujhko Na Soorat Alam Ki
Na Dekhuñ Kabhi Roo-e Gham Ghaus e Azam

Never Again Should I See Or Experience Such Grief
Never Should I Ever See Again The Face Of Grief, Ghaus e Azam

بڑھا ہاتھ کر دستگیری ہماری
بڑھا ابر غم دم بدم غوث اعظم

Bar'ha Haath Kar Dastageeri Hamaari
Bar'ha Abre Gham Dum Ba Dum Ghaus e Azam

Please Stretch Out Your Blessed Hand And Save Us,
The Clouds Of Grief Are Growing By The Moment, Ghaus e Azam

خدا را ذرا ہاتھ سینے پہ رکھ دو
ابھی مٹتے ہیں غم، الم غوث اعظم

Khudara Zara Haath Seene Pe Rakh Do
Abhi Mit'tay Haiñ Gham, Alam Ghaus e Azam

For The Sake Of Allah, Place Your Hand On My Chest For A Moment
In A Moment All My Grief Will Vanish, Ghaus e Azam

خدا نے تمہیں محو و اثبات بخشا
ہو سلطان لوح و قلم غوث اعظم

Khuda Ne Tumheñ Mahw o Isbaat Bakhsha
Ho Sultaan e Lauh O Qalam Ghaus e Azam

Allah Granted You The Authority To Amend & Erase Destiny
You Are The Emperor Of The Lauh & Qalam Ghaus e Azam

ہے قسمت میری ٹیڑھی تم سیدھی کر دو
نکل جائیں سب پیچ و خم غوث اعظم

He Qismat Meri T'eyr'hee Tum Seedhi Kar Do
Nikal Jaa-eñ Sub Pech o Kham Ghaus e Azam

My Fate Is Curved, Kindly Straighten It
So That All The Perplexity May Be Removed Ghaus e Azam

خبر لو ہماری کہ ہم ہیں تمہارے
کرو ہم پہ فضل و کرم غوث اعظم

Khabar Lo Hamaari Ke Hum Haiñ Tumhare
Karo Hum Pe Fazl o Karam Ghaus e Azam

Please Take Care Of Us, For We Are All Yours,
Bless Us And Have Mercy Upon Us, O Ghaus e Azam

تم ایسے غریبوں کے فریادرس ہو
کہ ٹھہرا تمہارا علم غوث اعظم

Tum Aise Ghareeboñ Ke Faryaad Ras Ho
Ke Tehera Tumhara Alam Ghaus e Azam

For The Poor, You Are Such A Listener Of Their Grievances
This Has Now Become Your Well-Known Appellation Ghaus e Azam

بعین عنایت بچشم کرامت
بدہ جرعۂ ناچشم غوث اعظم

Ba Ain e Inaayat Ba Chashm e Karaamat
Bideh Jur'aa e Na Chashm Ghaus e Azam

By Your Vision Of Benevolence, By Your Sight Of Miraculousness
Grant Me Such A Drop To Drink Which Is Not Even Visible, Ghaus e Azam

ترا ایک قطرہ عوالم نما ہے
نہیں چاہئے جام جم غوث اعظم

Tera Ek Qatra Awaalim Numa He
Nahiñ Chaahiye Jaam e Jam Ghaus e Azam

The One Who Drinks One Drop From You, Sees The Entire Universe,
The Magical Bowl Of Jamshed I Have No Need For, Ghaus e Azam

کچھ ایسا گما دے محبت میں اپنی
کہ خود کہہ اٹھوں میں منم غوث اعظم

Kuch Aisa Guma De Muhabbat Me Apni
Ke Khud Keh Uth'tuñ Me Manam Ghaus e Azam

Let Me Be Absorbed In Your Love In Such A Way
That Personally I Should Say, 'I Am', O Ghaus e Azam

جسے چاہے جو دے جسے چاہے نہ دے
ترے ہاتھ میں ہے نعم غوث اعظم

Jisay Chaahe Jo De Jisay Chaahe Na De
Tere Haath Me He Ni'am Ghaus e Azam

You Give Or Hold Back Whatever You Wish, To Whomsoever You Wish
In Your Hand Is This Blessed Favour, O Ghaus e Azam

ترا حسن نمکیں بھرے زخم دل کے
بنا مرہم ہے بر دلم غوث اعظم

Tera Husn Namkeeñ Bharay Zakhm e Dil Ke
Bana Marhamay Bar Dilam Ghaus e Azam

Your Attractive Beauty, Heals The Wounds Of The Heart
It Became The Ointnment Of My Ailing Heart, Ghaus e Azam

ترقی کرے روز و شب درد الفت
نہ ہو قلب کا درد کم غوث اعظم

Taraq'qi Kare Roz O Shab Dard e Ulfat
Na Ho Qalb Ka Dard Kam Ghaus e Azam

May This Pain Of Love Grow Day And Night
May This Pain Of The Heart Not Reduce, Ghaus e Azam

خدا رکھے تم کو ہمارے سروں پر
ہے بس اک تمہارا ہی دم غوث اعظم

Khuda Rakhe Tum Ko Hamaare Saroñ Par
He Bus Ik Tumhara Hee Dum Ghaus e Azam

May Allah Keep Your Shade Always Over Our Heads
Over Us Your Blessed Presence Is Sufficient, Ghaus e Azam

دم نزع سرہانے آجاؤ پیارے
تمہیں دیکھ کر نکلے دم غوث اعظم

Dum e Naza' Sirhaane Aa Jaawo Pyaare
Tumheñ Dekh Kar Nikle Dum Ghaus e Azam

At The Time Of Death, Please Come To My Head side O My Beloved,
While Looking At You, May I Take My Last Breath Ghaus e Azam

تری دید کے شوق میں جان جاناں
کھنچ آیا ہے آنکھوں میں دم غوث اعظم

Teri Deed Ke Shawq Me Jaan e Jaanañ
Khinch Aaya He Aankhoñ Me Dum Ghaus e Azam

Yearning In The Desire To See You O My Beloved
Has Drawn Into My Eyes, A Fresh Life Ghaus e Azam

کوئی دم کے مہماں ہیں آجاؤ اس دم
کہ سینے میں اٹکا ہے دم غوث اعظم

Ko-ee Dum Ke Mehmaañ Haiñ Aa Jaawo Is Dum
Ke Seene Me Atka He Dum Ghaus e Azam

I Am Now Here Only Temporarily, Please Do Come Immediately,
For In My Chest My Breath Is Trapped, Ghaus e Azam

دم نزع آؤ کہ دم آئے دم میں
کرو ہم پہ یٰسین دم غوث اعظم

Dam e Naz'a Aawo Ke Dum Aa-e Dum Me
Karo Hum Pe Yaaseen Dum Ghaus e Azam

In My Final Moments Please Come, So Life Enters My Life,
Please Blow Over Us, Surah Yaseen Ghaus e Azam

یہ دل یہ جگر ہے یہ آنکھیں یہ سر ہے
جہاں چاہو رکھو قدم غوث اعظم

Ye Dil Ye Jigar He Ye Aankheñ Ye Sar He
Jahaañ Chaaho Rakho Qadam Ghaus e Azam

This Heart, This Liver, These Eyes And This Head I Am Offering
Place Your Sacred Foot Wherever You Wish, Ghaus e Azam

سر خود بہ شمشیر ابرو فروشم
بمژگان تو سینہ ام غوث اعظم

Sar Khud Ba Shamsheer e Abroo Farosham
Ba Mazhgaan Tu Seena Am Ghaus e Azam

I Have Sold My Head On, Your Sword Like Eyebrows
Attached To Your Eyebrows, Is My Chest Ghaus e Azam

بہ پیکان تیرت جگر می فروشم
بہ تیر نگاہت دلم غوث اعظم

Ba Pekaan e Teerat Jigar Mee Farosham
Ba Teer e Nigaahat Dilam Ghaus e Azam

On A Point Of Your Single Arrow I Am Selling My Heart & Senses
The Arrow Of Your Sight Has Entered My Heart Ghaus e Azam

دماغم رسد بر سر عرش اعلی
بپایت اگر سر نہم غوث اعظم

Dimaagham Rasad Bar Sar e Arsh e A'aala
Ba-Paayat Agar Sar Naham Ghaus e Azam

My Mind Will Travel To The Heights Of The Exalted Arsh
If To Your Sacred Feet My Head Is Attached, Ghaus e Azam

مری سربلندی یہیں سے ہے ظاہر
کہ شد زیر پایت سرم غوث اعظم

Meri Sar Bulandi Yaheeñ Se He Zaahir
Ke Shud Zeyr e Paayat Saram Ghaus e Azam

My Prominence, Is Evident From Here Alone
That Beneath Your Sacred Foot, Is My Head Ghaus e Azam

لگالو مرے سر کو قدموں سے اپنے
تمہیں سرِّحق کی قسم غوث اعظم

Laga Lo Mere Sar Ko Qadmoñ Se Apne
Tumheñ Sir'r e Haq Ki Qasam Ghaus e Azam

Attach My Heart, To Your Sacred Feet As Well,
The Oath Of The Secrets Of The Almighty, I Give You Ghaus e Azam

قدم کیوں لیا اولیاء نے سروں پر
تمہیں جانو اس کے حکم غوث اعظم

Qadam Kyuñ Liya Awliyah Ne Saroñ Par
Tumheeñ Jaano Is Ke Hikam Ghaus e Azam

Why Did The Awliyah Take Your Sacred Foot Upon Their Heads
The True Wisdom Behind It, Only You Really Know Ghaus e Azam

کیا فیصلہ حق و باطل میں تم نے
کیا حق نے تم کو حکم غوث اعظم

Kiya Faisla Haq O Baatil Me Tum Ne
Kiya Haq Ne Tum Ko Hakam Ghaus e Azam

You Made The Distinct Decision Between Righteousness And Deviance
The Almighty Thus Made You, The Judge Ghaus e Azam

تمہاری مہک سے گلی کوچے مہکے
ہے بغداد رشک ارم غوث اعظم

Tumhari Mahak Se Galee Kooche Mehke
He Baghdad Rashk e Iram Ghaus e Azam

Through Your Fragrance The Pathways & Alleys Became Fragrant
Baghdad Is The Pride Of The Heavenly Gardens Ghaus e Azam

کرم سے کیا رہ نما رہزنوں کو
ادھر بھی نگاہ کرم غوث اعظم

Karam Se Kiya Rah-numa Rahzano Ko
Idhar Bhi Nigaahe Karam Ghaus e Azam

By Your Blessing You Transformed Bandits Into Spiritual Guides
Upon Me Also Place Your Special Sight Ghaus e Azam

مرا نفس سرکش بھی رہزن ہے میرا
یہ دیتا ہے دم دم بدم غوث اعظم

Mera Nafs e Sarkash Bhi Rahzan He Mera
Ye Deta He Dum-Dum Ba Dum Ghaus e Azam

My Rebellious Nafs Is Also Like A Bandit Attacking Me
It Continuously Causes Me Such Harm, Ghaus e Azam

دکھا دے تو اِنِّیْ عَزُوْمٌ کے جلوے
سنا دے صدائے منم غوث اعظم

Dikha De Tu In-ni Azoomun Ke Jalwe
Suna De Sada e Manam Ghaus e Azam

Show Me The Manifestations Of 'Indeed I Am Unwavering'
Let Me Hear The Proclamation Of 'I Am' Ghaus e Azam

مرے دم کو اس کے دموں سے بچا دے
کرم کر کرم کر کرم غوث اعظم

Mere Dum Ko Is Ke Damoñ Se Bacha Le
Karam Kar, Karam Kar, Karam Ghaus e Azam

Please Save My Life From His Evil Whispering
Have Mercy, Have Mercy, Have Mercy, Ghaus e Azam

میں ہوں ناتواں سخت کمزور حد کا
ہیں زوروں چڑھے اس کے دم غوث اعظم

Me Huñ Na-Tawaañ Sakht Kamzor Hud Ka
Haiñ Zowroñ Cha'rhe Us Ke Dum Ghaus e Azam

I Am Extremely Weak And Completely Feeble
His Assaults Are Now Increasing, Ghaus e Azam

نہ پلہ ہو ہلکا ہمارا نہ ہم ہوں
نہ بگڑے ہمارا بھرم غوث اعظم

Na Pal'la Ho Halka Humaara Na Hum Hoñ
Na Bigr'e Humaara Bharam Ghaus e Azam

Neither Should We, Nor Our Deeds, Weigh Lightly At The Scale,
Our Reputation Should Not Be Ruined, Ghaus e Azam

کہاں تک ہماری خطائیں گنیں گے
کریں عفو سب یک قلم غوث اعظم

Kahaañ Tuk Hamaari Khataa-eñ Ginenge
Kareñ Afwu Sub Yak Qalam Ghaus e Azam

For How Long Will Our Sins Be Counted And Calculated,
Have It All Forgiven By A Strike Of Your Pen, Ghaus e Azam

ہماری خطاؤں سے دفتر بھرے ہیں
کرم کر کہ ہوں کالعدم غوث اعظم

Hamaari Khataa-oñ Se Daftar Bharay Haiñ
Karam Kar Ke Huñ Kal ‘Adam Ghaus e Azam

The Registers Are Overflowing With Our Shortcomings,
Bless Us So That They All Completely Vanish Ghaus e Azam

تمہارے کرم کا ہے نوری بھی پیاسا
ملے یم سے اس کو بھی نم غوث اعظم

Tumhare Karam Ka He Noori Bhi Pyaasa
Milay Yam Se Us Ko Bhi Nam Ghaus e Azam

Noori Is Also Thirsty For Your Special Blessings
From Your Ocean May He Also Attain A Few Drops Ghaus e Azam

SAAYA E KHAYRUL WARA MILTA NAHIÑ

دو جہاں میں کوئی تم سا دوسرا ملتا نہیں
ڈھونڈتے پھرتے ہیں مہر و ماہ پتا ملتا نہیں

Do Jahaañ Me Ko-ee Tum Sa Dusra Milta Nahiñ
Dhoondte Phirte Haiñ Mehr o Maah Pata Milta Nahiñ

In Both The Worlds, Another Like You We Will Never Find
Even The Moon & The Sun Are Searching, But Another They Cannot Find

ہے رگِ گردن سے اقرب نفس کے اندر ہے وہ
یوں گلے سے مل کے بھی ہے وہ جدا ملتا نہیں

He Rag e Gardan Se Aqrab, Nafs Ke Andar He Wo
Yuñ Galay Se Mil Ke Bhi, Wo Juda Milta Nahiñ

Even Closer To The Jugular Vein, Inside The Nafs Is He,
Even While Connected To The Neck, That Unique One We Cannot Find

آبِ بحرِ عشقِ جاناں سینہ میں ہے موجزن
کون کہتا ہے ہمیں آبِ بقا ملتا نہیں

Aab e Bahr e Ishq Jaanaañ, Seene Me He Mawjzan
Kaun Kehta He Hameñ, Aab e Baqaa Milta Nahiñ

In Our Chest Is Swirling, The Sea Of The Beloved's Love,
Who Said That The Ocean of Everlasting Life, We Cannot Find

آبِ تیغِ عشق پی کر زندہ جاوید ہو
غم نہ کر جو چشمۂ آبِ بقا ملتا نہیں

Aab e Taigh e Ishq Pee Kar, Zinda e Jaawed Ho
Gham Na Kar Jo Chashma e Aab o Baqaa Milta Nahiñ

Become Alive, After Drinking The Droplets From The Sword Of Love,
Do Not Grieve If The Fountain Of The Ocean Of Everlasting Life You Cannot Find

ڈوب تو بحرِ فنا میں پھر بقا پائے گا تو
قبل از بحرِ فنا بحرِ بقا ملتا نہیں

Doob Tu Bahr e Fana Me Phir Baqaa Paa-ega Tu
Qabl Az Bahr e Fana, Bahr e Baqaa Milta Nahiñ

First Drown Yourself In The Ocean Of Fana, Then Baqaa You Will Find
Before The Ocean Of Annihilation, The Ocean Of Everlasting Life You Cannot Find

دنیا ہے اور اپنا مطلب بے غرض مطلب کوئی
آشنا ملتا نہیں نا آشنا ملتا نہیں

Duniya He Awr Apna Matlab, Be Gharaz Matlab Ko-ee
Aashna Milta Nahiñ, Na-Aashna Milta Nahiñ

The World Has Become The Motive; Without An Ulterior Motive,
Both The Acquainted And The Unacquainted We Cannot Find

ذرہ ذرہ خاک کا چمکا ہے جس کے نور سے
بے بصیرت ہے جسے وہ مہ لقا ملتا نہیں

Zar'rah-Zar'rah Khaak Ka Chamka He Jis Ke Noor Se
Be Baseerat He Jisay Wo Mah Liqa Milta Nahiñ

Through His Radiance, Every Speck Of Dust That Glittered, Glowed
Without Any Spiritual Insight, That Glowing Faced One, You Cannot Find

ذرہ ذرہ سے عیاں ہے ایسا ظاہر ہو کے بھی
قطرے قطرے میں نہاں ہے برملا ملتا نہیں

Zar'rah-Zar'rah Se 'Ayaañ He, Aisa Zaahir Ho Ke Bhi
Qatre-Qatre Me Nihaañ He, Barmala Milta Nahiñ

Hidden From Every Speck Is He, Even Though He Is Apparent,
In Every Drop He Is Hidden, But Him Directly You Cannot Find

جو خدا دیتا ہے ملتا ہے اسی سرکار سے
کچھ کسی کو حق سے اس در کے سوا ملتا نہیں

Jo Khuda Deta He Milta He Isee Sarkaar Se
Kuch Kisi Ko Haq Se Us Dar Ke Siwa Milta Nahiñ

Whatever Allah Gives, Is Through His Exalted Court
By Separating Him From Allah's Court, Nothing Will You Ever Find

کیا علاقہ دشمن محبوب کو اللہ سے
بے رضائے مصطفٰی ہرگز خدا ملتا نہیں

Kya 'Ilaaqa Dushman e Mahboob Ko Allah Se
Be Raza e Mustafa Har Giz Khuda Milta Nahiñ

What Connection Does The Enemy Of The Beloved Have To Allah!
Without The Pleasure Of Mustafa, The Pleasure Of Allah He Can Never Find

کوئی مانگے یا نہ مانگے ملنے کا در ہے یہی
بے عطائے مصطفائی مدعا ملتا نہیں

Ko-ee Maange Ya Na Maange Milne Ka Dar He Yahi
Be 'Ataa e Mustafa-i Mud-da'a Milta Nahiñ

Whether Anyone Asks Or Not, This Is The Court To Receive
Without Mustafa Bestowing It, Your Aspiration You Can Never Find

رہنماؤں کی سی صورت راہ ماری کام ہے
راہزن ہیں کو بکو اور رہنما ملتا نہیں

Rahnumao-ñ Ki See Soorat Raah-maari Kaam He
Rahzan Haiñ Koo Ba-koo Awr Rahnuma Milta Nahiñ

Their Appearance Is That Of Guides, But Banditry Is Their Profession
Bandits Are All Over, While True Guides Are So Difficult To Find

اہلے گہلے ہیں مشائخ آج کل ہر ہر گلی
بے ہما و با ہما مرد خدا ملتا نہیں

Ahle Gahle Haiñ Masha'ikh Aajkal Har-Har Gali
Be Hama Wa Ba Hama Mard e Khuda Milta Nahiñ

Extravagantly The Religious Leaders Of Today Are Roaming In Every Place,
Distinct & Integrated, The True Servants Of Allah We Cannot Find

ہیں صفائے ظاہری کے ساز و ساماں خوب خوب
جس کا باطن صاف ہو وہ با صفا ملتا نہیں

Haiñ Safa e Zaahiri Ke Saaz o Saamaañ Khoob-Khoob
Jis Ka Baatin Saaf Ho, Wo Ba Safa Milta Nahiñ

Their Apparel Of Apparent Outward Piety They Display Very Well,
But Those Truly Pious Ones With A Pure Inner Self We Cannot Find

بر زباں تسبیح و در دل گاؤ خر کا دور ہے
ایسے ملتے ہیں بہت اس سے ورا ملتا نہیں

Bar Zabaan Tasbeeh Wa Dar e Dil Gaaw Khar Ka Dawr Ho
Aise Milte Haiñ Buhat Is Se Wara Milta Nahiñ

On Their Tongues Is Tasbeeh & In Their Hearts Are Thoughts Of Cattle & Donkeys
Many We Find of This Category, Too Many Different From Them We Cannot Find

بس یہی سرکار ہے اس سے ہمیشہ پائیں گے
دینے والے دیتے ہیں کچھ دن سدا ملتا نہیں

Bas Yahi Sarkaar He Is Se Hamesha Paa-enge
Dene Waale Dete Haiñ Kuch Din Sadaa Milta Nahiñ

This Is The Only Exalted Court, From Here Everything We Will Always Attain
Others Only Give Temporarily, Another Permanent Giver We Cannot Find

دور ساحل موج حائل پار بیڑا کیجئے
ناؤ ہے منجدھار میں اور ناخدا ملتا نہیں

Door Saahil Mawj Haa-il Paara Beyr'a Kijiye
Naa-oñ He Manjdhaar Me Awr Na Khuda Milta Nahiñ

The Shore Is Distant, The Waves Are Hindering, Please Guide Our Ship To Safety
The Ship Is Trapped In A Tornado, And A Saviour We Cannot Find

وصل مولیٰ چاہتے ہو تو وسیلہ ڈھونڈلو
بے وسیلہ نجدیو! ہرگز خدا ملتا نہیں

Wasl e Maula Chahate Ho To Wasila Dhoond Lo
Be Wasila Najdiyo! Har Giz Khuda Milta Nahiñ

If You Desire To Attain Closeness To The Almighty, Then Seek Out A Mediator
O Najdis! Without A Mediator, Closeness To Almighty Allah, You Will Never Find

دامن محبوب چھوڑے مانگے خود اللہ سے
ایسے مردک کو خدا سے مدعا ملتا نہیں

Daaman e Mahboob Chor'ay Maange Khud Allah Se
Aise Mardak Ko Khuda Se Mud-da'a Milta Nahiñ

They Leave The Blessings Of The Beloved, And Ask Directly From Allah
His Wish From Allah, Such A Malicious Person, Will Never Find

ذرہ ذرہ قطرہ قطرہ سے عیاں پھر بھی نہاں
ہو کے شہ رگ سے قریں تر ہے جدا ملتا نہیں

Zar'rah, Zar'rah, Qatrah, Qatrah, Se 'Ayaañ Phir Bhi Nihaañ
Ho Ke Sha e Rag Se Qareeñ Tar, He Juda, Milta Nahiñ

Evident He Is Through Every Speck And Every Drop, Yet Still He Is A Mystery
Even Nearer Than The Jugular Vein, So Distinct Is He; Yet Him We Cannot Find

طائرِ جاں کی طرح دل اڑ کے جا بیٹھا کہاں
میرے پہلو میں ابھی تھا کیا ہوا ملتا نہیں

Taa-ir e Jaañ Ki Tarah Dil Ur'h Ke Jaa Baytha Kahaañ
Mere Pehlu Me Abhi Tha Kya Huwa Milta Nahiñ

Like The Bird of Life, Where Did My Heart Now Fly To?
You Were Beside Me Just Now, What Happened, That You, I, Cannot Find?

دہریہ الجھا ہوا ہے دہر کے پھندوں میں یوں
سارا الجھا سامنے ہے اور سرا ملتا نہیں

Dahriya Uljha Huwa He Dahr Ke Phandoñ Me Yuñ
Saara Uljha Saamne He Awr Sira Milta Nahiñ

So Intensely Is The Atheist Tangled In The Knots Of The World,
That The Entire Entwined Is In Front Of Him, Yet The Beginning He Cannot Find

علم صانع ہوتا ہے مصنوع سے لیکن اسے
دیکھ کر مصنوع صانع کا پتا ملتا نہیں

Ilm Saane' Hota He, Masnu' Se Lekin Isay
Dekh Kar Masnu' Saane' Ka Pata Milta Nahiñ

He Would Have Recognised The Creator By Way Of The Created,
Yet After Looking At The Created, Knowledge About The Creator He Cannot Find

نعمتِ کونین دیتے ہیں دو عالم کو یہی
مانگ دیکھو ان سے تم دیکھو تو کیا ملتا نہیں

Ne'mat e Kaunain Dete Haiñ Do Aalam Ko Yahi
Maang Dekho Un Se, Tum Dekho To Kya Milta Nahiñ

It Is He Who Gives The Bounties Of The Worlds To The Entire Universe,
Ask From Him, And See What You Will Not Get & What Will You Not Find!

سب سے پھر کر آئے ہیں اب شاہ والا کے حضور
جز تمہارے شافع روز جزا ملتا نہیں

Sub Se Phir Kar Aa-e Haiñ Ab Shaah e Waala Ke Huzoor
Juz Tumhare Shaafa e Roz e Jaza Milta Nahiñ

We Have Gone To All Others, And Now We Have Come To The King Of Kings,
An Intercessor Like You On The Day Of Recompense, We Will Never Find

دردمندی کے لئے آدم سے تا عیسیٰ گئے
دے جو اپنے درد کی حکمی دوا ملتا نہیں

Dard Mandi Ke Liye Aadam Se Taa Esa Gaye
De Jo Apne Dard Ki Hakmi Dawa Milta Nahiñ

Seeking Their Sympathy, From Hazrat Adam To Hazrat Esa We Went,
One Who Could Grant Us Efficacious Relief From Our Pain, We Could Not Find

جن سے امید کرم تھی دیدیا سب نے جواب
آج کے کام آنے والا خسروا ملتا نہیں

Jin Se Umeed Karam Thee De Diya Sub Ne Jawaab
Aaj Ke Kaam Aane Waala Khusrawa Milta Nahiñ

All Those Whom We Had Hopes From, Gave Up On Us
The King Who Will Assist Us On This Day, We Still Cannot Find

یاس کا عالم ہے سب سے آس توڑے آئے ہیں
ذات والا کے سوا اور آسرا ملتا نہیں

Yaas Ka Aalam He Sub Se Aas To’ray Aa-e Haiñ
Zaat E Waala Ke Siwa, Awr Aasra Milta Nahiñ

In A State Of Hopelessness, As We Returned From Everyone, Losing All Hope,
Except For Our Eminent Master, Another Station Of Hope, We Could Not Find

جل رہے ہیں پھنک رہے ہیں عاشقان سوختہ
دھوپ ہے اور سایہ زُلف رسا ملتا نہیں

Jal Rahe Haiñ Phunk Rahe Haiñ Aashiqaan e Sokhta
Dhoop He Awr Saaya e Zulf e Rasa Milta Nahiñ

They Are Burning, They Are Being Combusted, Such Are The Grieving Devotees,
In This Extreme Heat Of The Sun, The Shade Of His Tresses We Cannot Find

وہ ہیں خورشید رسالت نور کا سایہ کہاں
اس سبب سے سایہ خیر الوریٰ ملتا نہیں

Wo He Khursheed e Risaalat Noor Ka Saaya Kahaañ
Is Sabab Se Saaya e Khayrul Wara Milta Nahiñ

He Is The Sun Of Prophethood, So How Will His Light Have A Shadow,
This Is Why The Shadow Of The Best Of Creation, None Will Ever Find

دشمن جاں سے کہیں بد تر ہے دشمن دین کا
ان کے دشمن سے کبھی ان کا گدا ملتا نہیں

Dushman e Jaañ Se Kaheeñ Bud-tar He Dushman Deen Ka
Un Ke Dushman Se Kabhi Un Ka Gada Milta Nahiñ

Much Worse Than The Enemy Of Your Life, Is The Enemy Of The Deen,
Meeting With His Enemies; His True Servants You Will Never Find

قاسم نعمت سے ہم مانگیں تو نجدی یوں بکیں
کیوں نبی سے مانگئے اللہ سے کیا ملتا نہیں

Qaasim e Ne'mat Se Hum Maangeñ To Najdi Yuñ Bakeñ
Kyuñ Nabi Se Maangiye, Allah Se Kya Milta Nahiñ

When We Ask From The Distributor Of Bounties, The Najdis Say Babbling,
Why Do You Ask From The Nabi, From Allah What Will You Not Find?

مُصْطَفٰی مَا جِئْتَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْن

چارہ ساز دوسرا تیرے سوا ملتا نہیں

Mustafa Ma Ji'ta Il'la Rahmatulil Aalameen
Chaarah Saaz Dusra Tere Siwa Milta Nahiñ

O Mustafa You Came Not, But As Mercy Unto The Worlds,
A Reliever Of Remedy Like You, None Will Ever Find

خود خدا بے واسطہ دے یہ ہمارا منہ کہاں

واسطہ سرکار ہیں بے واسطہ ملتا نہیں

Khud Khuda Be Waasta De, Ye Humaara Munh Kahaañ
Waasta Sarkaar Haiñ Be Waasta Milta Nahiñ

Where Do We Have The Tongue, To Ask Directly From Allah?
The Medium Is Our Master, Without His Medium, Nothing Will We Find

ہم تو ہم وہ انبیاء کے بھی لئے ہیں واسطہ

ان کو بھی جو ملتا ہے بے واسطہ ملتا نہیں

Hum To Hum, Wo Ambia Ke Bhi Liye He Waasta
Unko Bhi Jo Milta He, Be Waasta Milta Nahiñ

Leave Alone Us, Even For The Ambia, He Is The Medium
Without His Medium, There Is Nothing Which They Can Find

انبیاء بعض اولیاء فائز ہیں اس سرکار میں

ہر ولی کو راستہ بے واسطہ ملتا نہیں

Ambia, Ba'az Awliyah Faa-iz He Is Sarkaar Se
Har Wali Ko Raasta, Be Waasta Milta Nahiñ

The Ambia & Some Of The Awliyah, Are Specially Blessed From The Exalted Court
Every Wali Obtains The Path, But Without The Means, Even That He Cannot Find

دونوں عالم پاتے ہیں صدقہ اسی سرکار کا
خود خدا سے پائے جو ان کے سوا ملتا نہیں

Donoñ Aalam Paate Haiñ Sadqa Isee Sarkaar Ka
Khud Khuda Se Paa-e Jo Un Ke Siwa Milta Nahiñ

Both The Worlds Receive Everything, Through The Blessings Of This Grand Court
Even That Which Is From Allah, Without His Means You Will Never Find

زن، زمین وزور اور زر کے ہیں گاہک ہر کہیں
دل سے جو ہو طالب ذکر خدا ملتا نہیں

Zan, Zameen o Zor, Awr Zar Ke Haiñ Gaahak Har Kaheeñ
Dil Se Jo Ho Taalib e Zikr e Khuda Milta Nahiñ

Those Desiring Women, Property, Power, Wealth & Gold Are Everywhere,
One Who Desires To Remember Almighty Allah From The Heart, We Cannot Find

چار زا اک ذال کے بدلے میں لیں چوکس رہے
یہ نہ سمجھے یہ اکائی سیکڑا ملتا نہیں

Chaar Zaa, Ek Zaal Ke Badle Me Leñ Chawkas Rahe
Ye Na Samjhe Ye Ikaa-ee Sekr'a Milta Nahiñ

Be Vigilant About Taking Four Zaa's In Place Of One Zaal
Do Not Just Think That It Is Just One; Hundreds You Cannot Find

داد دنیا کیسا اف سنتے نہیں فریاد بھی
سننے والا درد کا کوئی شہا ملتا نہیں

Daad e Dunya Kaisa, Uff Sunte Nahiñ Faryaad Bhi
Sun'ne Waala Dard Ka Ko-ee Shaha Milta Nahiñ

Such Are Those Lost In Worldly Ovation, That Even Our Pleas They Do Not Hear,
O My King! One Who Will Listen To Our Cries Of Agony, We Cannot Find

باپ ماں بھائی بہن فرزند و زن اک اک جدا
غم زدہ ہر ایک ہے اور غم زُدہ ملتا نہیں

Baap, Maañ, Bha'ee, Bahan, Farzand o Zan, Ik Ik Juda
Ghamzada Har Ek He, Awr Ghamzuda Milta Nahiñ

The Father, Mother, Brother, Sister, Children & Wife, Are Each Alienated,
Each Of Them Is In The Grip Of Grief & The Reliever Of Our Grief We Cannot Find

جو محب کی چیز ہے محبوب کے قبضے کی ہے
ہاتھ میں ہو جس کے سب کچھ اس سے کیا ملتا نہیں

Jo Muhib Ki Cheez He, Mahboob Ke Qabze Me He
Haath Me Ho Jis Ke Sab Kuch, Us Se Kya Milta Nahiñ

That Which Belongs To The One Who Loves, Is In The Custody Of The Beloved,
In Whose Sacred Hand Is Everything; From Him What Can We Not Find!

دل ستانی کرنے والے ہیں ہزاروں دلربا
دل نوازی کرنے والا دلربا ملتا نہیں

Dil Sataani Karne Waale Haiñ Hazaaroñ Dil-ruba
Dil Nawaazi Karne Waala Dil-Ruba Milta Nahiñ

There Are Thousands Of Those Beloveds, Who Fascinate & Allure The Heart,
But A Beloved Who Truly Pleases The Heart, We Simply Cannot Find

دل گیا اچھا ہوا اس کا نہیں غم، غم ہے یہ
لے گیا پہلو سے جو وہ دلربا ملتا نہیں

Dil Gaya Ach'cha Huwa, Iska Nahiñ Gham; Gham He Ye,
Le Gaya Pehlu Se Jo, Wo Dil-Ruba Milta Nahiñ

I Am Not Saddened Because My Heart Left Me And Went Away,
Im Saddened That My Beloved Whom It Took Away From Me, I Cannot Find

محیِ سنت، حامیِ ملت مجدد دین کا
پیکرِ رشد و ہدیٰ احمد رضا ملتا نہیں

Muhy e Sunnat, Haami e Mil'lat, Mujad'did Deen Ka
Paykar e Rushd o Huda Ahmad Raza Milta Nahiñ

The Reviver Of The Sunnah, The Hope Of Society, That Reformer Of The Deen,
Ahmed Raza, The Epitome Of Guidance And Righteousness, We Cannot Find

بے نوا کو بے صدا ملتا ہے اس سرکار سے
دودھ بھی بیٹے کو ماں سے بے صدا ملتا نہیں

Be Nawa Ko Be Sada Milta He Is Sarkaar Se
Doodh Bhi Betay Ko Maañ Se Be Sada Milta Nahiñ

The Mendicant Receives Without Asking From That Exalted Court
Whereas From A Mother, Without Asking, Even Milk A Child Cannot Find

کس طرح ہو حاضر درِ نوری بے پر شہا
ناکے روکے دشمنوں نے راستہ ملتا نہیں

Kis Tarah Ho Haazir e Dar Noori e Be Par Shaha
Naakay Rokay Dushmano Ne Raasta Milta Nahiñ

O My Master! How Can Wingless Noori Present Himself At Your Sacred Court,
The Enemies Have Erected Barriers, The Unrestricted Path He Cannot Find

YE KIS SHAHANSHAH E WAALA KI AAMAD AAMAD HE

یہ کس شہنشہِ والا کی آمد آمد ہے
یہ کون سے شہِ بالا کی آمد آمد ہے

Ye Kis Shahanshah e Waala Ki Aamad Aamad He
Ye Kaun Se Shah e Baala Ki Aamad Aamad He

Who Is The Grand King, Whose Arrival Is Being Anticipated?
Which Grand Emperor Is This, Whose Arrival Is Being Anticipated?

یہ آج تارے زمیں کی طرف ہیں کیوں مائل
یہ آسماں سے پیہم ہے نور کیوں نازل

Ye Aaj Taare Zameeñ Ki Taraf Haiñ Kyuñ Maa-il
Ye Aasmaañ Se Paiham He Noor Kyuñ Naazil

In The Direction Of The Earth Why Are The Stars Today Attracted?
Why Continuously From The Skies, Light Is Being Radiated?

یہ آج کیا ہے زمانے نے رنگ بدلا ہے
یہ آج کیا ہے کہ عالم کا ڈھنگ بدلا ہے

Ye Aaj Kya He Zamaane Ne Rang Badla He
Ye Aaj Kya He Ke Aalam Ka Dhang Badla He

What Is The Occasion Today, That The Shades Of Time Have Been Altered?
What Is The Special Occasion Today, That The Style Of The Universe Is Altered?

یہ آج کاہے کی شادی ہے عرش کیوں جھوما
لبِ زمیں کو لبِ آسماں نے کیوں چوما

Ye Aaj Kaahe Ki Shaadi He, Arsh Kyuñ Jhooma
Lab e Zameeñ Ko Lab e Aasmaañ Ne Kyuñ Chooma

Why Is There Rejoicing Today, Why Is The Arsh So Delighted?
Why Have The Lips Of The Sky, Kissed The Lips Of The Earth Elated?

سماوہ ڈوبا ہوا اور ساوا خشک ہوا
خزاں کا دور گیا موسم بہار کا آیا

Samaa Wo Dooba Huwa Awr Saawa Khushk Huwa
Khazaañ Ka Dawr Gaya, Mawsam e Bahaar Ka Aaya

The Skies Are Drowned, While The Lake Saawa Became Dry & Dehydrated,
Autumn Has Faded Away & And The Spring Season Has Appeared

یہ آج کیا ہے کہ بت اوندھے ہو گئے سارے
یہ آج کیوں ہیں شیاطیں بندھے ہوئے سارے

Ye Aaj Kya He Ke But't Oondhay Ho Gaye Saare
Ye Aaj Kyuñ Haiñ Shayaateeñ Bandhe Huwe Saare

What Has Happened Today That All The Idols Fell On Their Faces, Devastated
Today, Why Are All The Devils Tightly Bound And Constricted

یہ انبیاء و رسل کس کے انتظار میں ہیں
یہ آج لات و ہبل کس سے انکار میں ہیں

Ye Ambia o Rusul Kis Ke Intizaar Me Haiñ
Ye Aaj Laat o Hubal Kis Se Inkaar Me He

Who Are All These Prophets & Messengers Waiting For, Excited
On Whose Arrival Are Laat & Hubal Shocked & Devastated

یہ آج بُشْریٰ لَکُمْ کی صدا کا شور ہے کیوں
یہ مرحبا کی ندا ؤں میں آج زور ہے کیوں

Ye Aaj Bushrah Lakum Ki Sada Ka Shor He Kyuñ
Ye Marhaba Ki Nidaa-oñ Me Aaj Zor He Kyuñ

Why Are The Announcements Of 'Glad-tidings To You All', Being Reverberated,
Why Are There Such Powerful Welcoming Broadcasts Being Reverberated

کہا جواب میں ہاتف نے لو مبارک ہو
اٹھو خدا کے حبیب آئے مژدہ ہو تم کو

Kaha Jawaab Me Haatif Ne, Lo Mubaarak Ho
Ut'ho Khuda Ke Habeeb Aa-e Muzhda Ho Tum Ko

In Reply, The Announcing Angel Said, Glad Tidings As Expected,
Now Rise, For The Beloved Has Arrived, Glad Tidings As Expected

وہ آئے آنے کی جن کے خبر تھی مدت سے
دعا خلیل کی عیسیٰ کی جو بشارت تھے

Wo Aa-e, Aane Ki Jin Ke Khabar Thee Mud'dat Se
Du'a Khaleel Ki, Esa Ki Jo Bashaarat Thay

He Has Arrived; For Generations, Whose Arrival Was Anticipated,
The Dua Of The Khaleel And The Glad Tidings Of Esa, As Predicted

بڑھو ادب سے کرو عرض السلام علیک
وَاَهْلِ بَيْتِكَ وَالْاٰلِ وَالَّذِيْنَ لَدَيْك

Bar'ho Adab Se Karo Arz As Salaamu Alaik
Wa Ahli Baytika Wal Aali Wal Ladheena Ladaik

As You Proceed Respectfully, Say Peace be Upon You, Devoted,
And Upon Your Noble Family, Your Nation, And Upon Your Near & Devoted

سلام تم پہ خدا کا اور اس کی رحمت ہو
تحیت اس کی ثنا اس کی اس کی نعمت ہو

Salaam Tum Pe Khuda Ka Awr Us Ki Rahmat Ho
Tahiy'yat Us Ki, Sanaa Us Ki, Us Ki Ne'mat Ho

Salaams Of Almighty Allah Upon You, And His Mercy Most Exalted,
His Greetings, His Praises, And His Blessings Most Exalted

درود آپ پہ ہر آن بھیجے رب ودود
اور اس کی برکتوں کا روز آپ پر ہو ورود

Durood Aap Pe Har Aan Bheje Rab'b e Wadood
Awr Us Ki Barkatoñ Ka Roz Aap Par Ho Warood

Upon You In Every Instant The Most Affectionate Creator Sends Durood Unlimited,
And His Divine Benedictions Descend Upon You, Daily Unlimited

سلام آپ پر نازل کرے صلاۃ و سلام
بلند ذکر کرے آپ کا ہمیشہ مدام

Salaam Aap Par Naazil Kare Salaat o Salaam
Baland Zikr Kare Aap Ka Hamesha Madaam

Allah The Source Of Peace, Sends Peace & Blessings Upon You, Unlimited,
Constantly & Eternally, Your Remembrance Almighty Allah Has Exalted

یہی ہیں جن کو ملائک سلام کرتے ہیں
انہی کی مدح و ثنا صبح و شام کرتے ہیں

Yahi Haiñ Jin Ko Malaa-ik Salaam Karte Haiñ
Inhi Ki Madh o Sanaa Subh o Shaam Karte Haiñ

It Is Him Upon Whom The Angels Send Salaams Completely Devoted,
Morning & Evening His Praises & Eulogy, The Angels Chant Completely Devoted

HAQ SE MILAANE AA-E HAIÑ

رسل انہیں کا تو مژدہ سنانے آئے ہیں
انہیں کے آنے کی خوشیاں منانے آئے ہیں

Rusul Unheeñ Ka To Muzhdah Sunaane Aa-e Haiñ
Unheeñ Ke Aane Ki Khushiyaañ Manaane Aa-e Haiñ

To Give Glad tidings Of His Arrival, All The Prophets Have Come,
To Celebrate The Happiness Of His Grand Arrival, All Of Them Have Come

فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
انہیں کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں

Farishte Aaj Jo Dhoomeñ Machaane Aa-e Haiñ
Unheeñ Ke Aane Ki Shaadi Rachaane Aa-e Haiñ

To Celebrate And To Rejoice, All The Angels Have Also Come,
To Rejoice Upon His Grand Arrival, All These Angels Have Come

فلک کے حور و ملک گیت گانے آئے ہیں
کہ دو جہاں میں یہ ڈنکے بجانے آئے ہیں

Falak Ke Hoor o Malak Geet Gaane Aa-e Haiñ
Ke Do Jahaañ Me Ye Danke Bajaane Aa-e Haiñ

To Chant Melodiously, The Maidens And The Angels Of Jannat Have Come,
For The Universe To Witness His Grand Excellence, He Has Come

یہ سیدھا راستہ حق کا بتانے آئے ہیں
یہ حق کے بندوں کو حق سے ملانے آئے ہیں

Ye Seedha Raasta Haq Ka Bataane Aa-e Haiñ
Ye Haq Ke Bandoñ Ko Haq Se Milaane Aa-e Haiñ

To Show The Straight And Righteous Path To Allah, He Has Come,
To Bring Allah's Servants Close To Allah, He Has Come

یہ بھولے بچھڑوں کو رستے پہ لانے آئے ہیں
یہ بھولے بھٹکوں کو ہادی بنانے آئے ہیں

Ye Bhoole Bichr'oñ Ko Raste Pe Laane Aa-e Haiñ
Ye Bhoole Bhat'ko Ko Haadi Banaane Aa-e Haiñ

To Guide The Lost & The Oblivious To The Righteous Path, He Has Come,
To Transform The Oblivious And Lost Into Guides, He Has Come

خدائے پاک کے جلوے دکھانے آئے ہیں
دلوں کو نور کے بقعے بنانے آئے ہیں

Khuda e Paak Ke Jalwe Dikhaane Aa-e Haiñ
Diloñ Ko Noor Ke Buq'ay Banaane Aa-e Haiñ

To Unveil The Rays Of The Almighty's Manifestations, He Has Come,
To Transform The Hearts Into Chambers Of Light, He Has Come

یہ قید و بند الم سے چھڑانے آئے ہیں
لو مژدہ ہو کہ رہائی دلانے آئے ہیں

Ye Qaid o Band e Alam Se Churaane Aa-e Haiñ
Lo Muzhdah Ho, Ke Riha-ee Dilaane Aa-e Hain

To Remove You From The Prisons Of Sadness & Grief He Has Come,
Glad tidings To You! The One Who Will Grant You Respite Has Finally Come

چمک سے اپنی جہاں جگمگانے آئے ہیں
مہک سے اپنی یہ کوچے بسانے آئے ہیں

Chamak Se Apni Jahaañ Jagmagaane Aa-e Haiñ
Mahak Se Apni Ye Kooche Basaane Aa-e Haiñ

With His Radiance, To Brighten The Entire Universe, He Has Come,
With His Fragrance, To Perfume This Realm, He Has Come

نسیم فیض سے غنچے کھلانے آئے ہیں
کرم کی اپنی بہاریں دکھانے آئے ہیں

Naseem e Faiz Se Ghunche Khilaane Aa-e Haiñ
Karam Ki Apni Bahaareñ Dikhaane Aa-e Haiñ

By The Sweet Breeze Of His Mercy, To Let The Buds Bloom He Has Come,
To Exhibit The Beautiful Blossoms Of His Mercy, He Has Come

یہی تو سوتے ہوؤں کو جگانے آئے ہیں
یہی تو روتے ہوؤں کو ہنسانے آئے ہیں

Yahee To Sotay Huwoñ Ko Jagaane Aa-e Haiñ
Yahee To Rotay Huwoñ Ko Hasaane Aa-e Haiñ

To Awaken The Sleeping From Their Slumber, It Is He, Who Has Come,
مدینہ چشمۂ آبِ حیات ہے یارو
چلو ہمیشہ کی لے لو بقا مدینے سے

Madina Chashma e Aab e Hayaat He Yaaro
Chalo Hamesha Ki Le Lo Baqa Madine Se

Madina Is The Fountain Of Everlasting Life O My Beloveds,
Let Us Go And Attain This Everlasting Life From Madina

فضائے خلد کے قرباں مگر وہ بات کہاں
مل آئیں حضرت رضواں ذرا مدینے سے

Fiza e Khuld Ke Qurbaañ Magar Wo Baat Kahaañ
Mil Aa-eñ Hazrat e Rizwaañ Zara Madine Se

May I Be Sacrificed Upon The Atmosphere Of Heaven, But It's Not Similar,
Hazrat Rizwaan Should Thus Go At Least Once, And Experience Madina

ہمارے دل کو تو بھایا ہے طیبہ ہی زاہد
تمہیں ہے مکہ تو ہوگا سوا مدینے سے

Hamaare Dil Ko To Bhaaya He Taiba Hee Zaahid
Tumheñ He Makkah To Hoga Siwa Madine Se

Our Heart Has Been Attracted Only To Taiba O Devout Worshipper,
Maybe For You, Makkah Is More Virtuous Than Madina

چلے جو طیبہ سے مسلم تو خلد میں پہنچے
کہ سیدھا خلد کا ہے راستہ مدینے سے

Chale Jo Taiba Se Muslim, To Khuld Me Pahunche
Ke Seedha Khuld Ka He Raasta Madine Se

When A Muslim Departs From Taiba, He Will Reach Jannah,
For The Path Leading Straight To Jannah Is From Madina

تم ایک آن میں آئے گئے تمہارے لئے
دو گام بھی نہیں عرش علا مدینے سے

Tum Ik Aan Me Aa-e Gaye Tumhare Liye
Do-Gaam Bhi Nahiñ Arsh E 'Ulaa Madine Se

In Just A Moment You Went And Returned, So For You, O Mustafa
Not Even Two Steps Away Is The Exalted Arsh, From Madina

تمہارے قدموں پہ سر صدقے جاں فدا ہو جائے
نہ لائے پھر مجھے میرا خدا مدینے سے

Tumhare Qadmoñ Pe Sadqe Jaañ Fida Jaa-e
Na Laa-e Phir Mujhe Mera Khuda Madine Se

Upon Your Sacred Feet May My Soul Be Completely Sacrificed, O Mustafa,
May My Creator Never Bring Me Back Again From Madina

ترے حبیب کا پیارا چمن کیا برباد
الٰہی! نکلے یہ نجدی بلا مدینے سے

Tere Habeeb Ka Pyaara Chaman Kiya Barbaad
Ilaahi Nikle Ye Najdi Balaa Madine Se

The Najdis Have Ruined The Beloved Gardens Of Your Beloved Mustafa,
O Allah, May These Evil Najdis Be Driven Away From Madina

ترے نصیب کا نوری ملے گا تجھ کو بھی

لے آئے حصہ یہ شاہ و گدا مدینے سے

Tere Naseeb Ka Noori Milega Tujh Ko Bhi

Le Aa-e Hissa Ye Shaah O Gada Madine Se

O Noori! You Too Will Indeed Receive What Is In Your Destiny, From Madina

For The Kings And Mendicants Have All Taken Their Share From Madina

NIGAAH E MEHR JO US MEHR KI IDHAR HO JAA-E

نگاہ مہر جو اس مہر کی ادھر ہو جائے
گنہ کے داغ مٹیں دل مرا قمر ہو جائے

Nigaah e Mehr Jo Us Mehr Ki Idhar Ho Jaa-e
Gunah Ke Daagh Mit'eñ Dil Mera Qamar Ho Jaa-e

If The Radiant Vision Of That Glowing Sun Is Directed Towards Me,
The Stains Of My Sins Will Be Erased, A Radiant Moon My Heart Will Be

جو قلب تیرہ پہ تیری کبھی نظر ہو جائے
تو ایک نور کا بقعہ وہ سر بسر ہو جائے

Jo Qalb Teera Pe Teri Kabhi Nazr Ho Jaa-e
To Ek Noor Ka Buq'aa Wo Sar Basar Ho Jaa-e

Upon My Dark Heart If At Any Time Your Blessed Sight Would Be,
Then, A Luminous Chamber, In Entirety It Will Be

ہماری کشت عمل میں کبھی تو پھل آئے
کبھی تو شجرۂ امید بارور ہو جائے

Hamaari Kisht e Amal Me Kabhi To Phal Aa-e
Kabhi To Shajra e Umeed Baarwar Ho Jaa-e

In My Meadow of Expectations, Some Fruit May I See,
At Least Once, May My Tree Of Hope Bear Some Fruits For Me To See

کبھی تو ایسا ہو یارب وہ در ہو اور یہ سر
کبھی تو ان کی گلی میں مرا گزر ہو جائے

Kabhi To Aisa Ho Ya Rab'b Wo Dar Ho Awr Ye Sar
Kabhi To Un Ki Gali Me Mera Guzar Ho Jaa-e

At Least Once, May Your Court Be In Front, And Lowered My Head May Be,
Every Now And Then In His Sacred Pathway, As A Guest May I Be

ہمارا سر ہو خدایا حبیب کا در ہو
ہماری عمر الٰہی یونہی بسر ہو جائے

Hamaare Sar Ho Khudaya Habeeb Ka Dar Ho
Hamaari Umr Ilaahi Yuñhi Basar Ho Jaa-e

O My Rab'b! As I Lower My Head, Before Me, May The Beloved's Court Be,
O Allah! In This Wonderful Way, May I Spend My Life Happily

جو سچے دل سے کہے کوئی یا رسول اللہ
مصیبتیں بھی ٹلیں ہر مہم بھی سر ہو جائے

Jo Sach'che Dil Se Kahe Ko-ee Ya Rasool'Allah!
Musibateñ Bhi Taleñ, Har Maham Bhi Sar Ho Jaa-e

Ya Rasool'Allah! If Someone Proclaimed, From His Heart With Sincerity,
His Hardships Will Be Alleviated, All His Difficulties Will Become Easy

مری مصیبتوں کا سلسلہ ابھی کٹ جائے
اشارہ ابروئے خم دار کا اگر ہو جائے

Meri Musibatoñ Ka Silsila Abhi Kat Jaa-e
Ishaara Abroo e Kham Daar Ka Agar Ho Jaa-e

The Sequence Of My Hardships, Will Be Severed Immediately,
If By Gesturing With His Arching Eyebrows, He Will Bless Me

تڑپ رہے ہیں فراق حبیب میں عاشق
الٰہی! راہ مدینہ کی بے خطر ہو جائے

Tar'ap Rahe Haiñ Firaaq e Habeeb Me Aashiq
Ilaahi! Raah Madina Ki Be Khatar Ho Jaa-e

The Lovers Are Restless Due To Separation From Their Beloved Nabi,
O Allah! May The Path To Madina, Become Clear & Free

ترے غضب سے ہوں غارت یہ دہر کے شیطاں
بنے غلام ہر اک ان میں دربدر ہو جائے

Tere Ghazab Se Hoñ Ghaarat Ye Dahr Ke Shaytaañ
Banay Ghulaam Har Ik Un Me Dar-Badar Ho Jaa-e

Through Your Wrath, Destroyed May The Devils of This World Be,
May Each Become A Slave, Banished From Every Door, May Each Be

جو آپ چاہیں تو ہیزم کو دم میں سبز کریں
کرم جو آپ کا ہو خلد کا شجر ہو جائے

Jo Aap Chaaheñ To Haizam Ko Dum Me Sabz Kareñ
Karam Jo Aap Ka Ho Khuld Ka Shajar Ho Jaa-e

If You So Wish, Then Dry Wood, May Become An Evergreen Tree,
& If You Shower Upon It Your Mercy, Then It May Become A Heavenly Tree

خدا کے فضل سے ہر خشک و تر پہ قدرت ہے
جو چاہو تر ہو ابھی خشک، خشک تر ہو جائے

Khuda Ke Fazl Se Har Khushk o Tar Pe Qudrat He
Jo Chaaho Tar Ho Abhi Khushk; Khushk Abhi Tar Ho Jaa-e

By The Grace Of Allah, Over Everything Dry & Fresh, Is Your Authority,
If You Wish, Fresh Will Become Dry, And Dry Will Become Fresh & Leafy

عیاں ہے دبدبہ تیرا سماوات و ساوہ سے
ہماری کھیتی بھی سوکھی ہے پیارے تر ہو جائے

'Ayaañ He Dabdaba Tera Samawaat o Saawah Se
Hamaari Kheyti Bhi Sookhi He Pyaare Tar Ho Jaa-e

Evident Is Your Awe From The Heavens & From Saawah,
Even Our Fields Have Become Dry O Master, Saturated May It Be

جو کاسہ تاج کا لے کر تمہارے در پر آئے
تو بادشاہ حقیقت میں تاجور ہو جائے

Jo Kaasa Taaj Ka Le Kar Tumhare Dar Par Aa-e
To Baadsha Haqeeqat Me Taajwar Ho Jaa-e

To Your Court Those Who Come With Their Crowns As Begging Bowls, We See,
Such Kings Will Become Royalty, True Crown Bearers They Will Be

ترے گداؤں کی پا پوش تاج سلطاں ہے
وہ جس کے سر پہ رکھیں نعل تاجور ہو جائے

Tere Gada-oñ Ke Paa Posh Taaj e Sultaañ He
Wo Jis Ke Sar Pe Rakheñ Na'al Taajwar Ho Jaa-e

The Sacred Footwear Of Your Slaves, Are The Crowns of Royalty,
On Whomsoever's Head They Place This Footwear, A King He Will Be

جو آپ ہوں مرے پلے پہ پھر مجھے کیا ڈر
جدھر نگاہ کرم ہو خدا ادھر ہو جائے

Jo Aap Hoñ Mere Pal'le Pe Phir Mujhe Kya Dar
Jidhar Nigaah e Karam Ho Khuda Udhar Ho Jaa-e

If You Stand Beside Me At The Scale, Nothing Will Frighten Me,
Wherever Your Sacred Sight Will Fall, There, Allah's Grace Will Be

جو خواب میں کبھی تشریف لائیں جان قمر
تو ان کے نور سے معمور سارا گھر ہو جائے

Jo Khwaab Me Kabhi Tashreef Laa-eñ Jaan e Qamar
To Un Ke Noor Se Ma'moor Saara Ghar Ho Jaa-e

If Ever The Soul Of The Moon, Were To Appear In My Dream, For Me To See,
Then Through His Light, Radiant & Glowing, My Entire House Will Be

خدا نے قلب حقیقت تمہارے ہاتھ کیا
جو شاخ لڑنے کو دو تیغ اور تبر ہو جائے

Khuda Ne Qalb Haqeeqat Tumaare Haath Kiya
Jo Shaakh Lar'ne Ko Do Taigh Awr Tabar Ho Jaa-e

In Your Sacred Hand Almighty Allah Has Given The Heart Of Reality,
If In A Battle You Hand Out A Branch, A Sword & Machete It Will Be

جو وقت وزن گراں پلہ ہو گناہوں کا
شفاعت آپ کی اس دم مری سپر ہو جائے

Jo Waqt e Wazan Giraañ Pal'la Ho Gunahoñ Ka
Shafa'at Aap Ki Us Dum Meri Sipar Ho Jaa-e

If At The Time Of Weighing, My Scale Of Sins Will Be Heavy,
My Shield At That Moment, Your Blessed Intercession Will Be

اندھیری شب میں کرم سے تمہارے اے سرور
عصا صحابہ کا فانوس راہ بھر ہو جائے

Andheri Shab Me Karam Se Tumhare Ay Sarwar
'Asaa Sahaba Ka Faanoos e Raah Ho Jaa-e

On A Dark Night O My King, Through Your Grand Blessed Luminosity
The Stick Of The Sahaba Became A Lamp, So That The Path They May See

خدا نے غیب تمہارے لئے حضور کیا
جو راز دل میں چھپے ہوں تمہیں خبر ہو جائے

Khuda Ne Ghaib Tumhare Liye Huzoor Kiya
Jo Raaz Dil Me Chupay Hoñ, Tumheñ Khabar Ho Jaa-e

Almighty Allah Presented Before You The Unseen O Nabi,
Whatever Is Concealed In The Hearts, You Know & Clearly See

وہ آئیں تیرگی ہو دور میرے گھر بھر کی
شبِ فراق کی یارب! کبھی سحر ہو جائے

Wo Aa-eñ Teergi Ho Door Mere Ghar Bhar Ki
Shab e Firaaq Ki Ya Rab'b, Kabhi Sahar Ho Jaa-e

If He Comes, The Darkness Of My Household Will Disappear Immediately,
O Allah! At Least Once, May The Eve of Separation, Turn Into A Morning For Me

حجاب اٹھیں جو مرقد سے ان کے روضہ تک
اندھیرا قبر کا مٹ جائے دوپہر ہو جائے

Hijaab Ut'heñ Jo Marqad Se Un Ke Rauze Tuk
Andhera Qabr Ka Mit't Jaa-e, Do Pahar Ho Jaa-e

If The Veils Are Lifted Between My Grave And The Rauda Of My Nabi,
The Darkness Of My Grave Will Disappear, Bright Noon It Will Be

ترے حبیب کے دشمن ہیں اور خود تیرے
ہر ایک ان میں کافی النّار والسّقر ہو جائے

Tere Habeeb Ke Dushman Haiñ Awr Khud Tere
Har Ek Un Me Kaafin-Naar Was-Saqar Ho Jaa-e

They Are The Enemies Of Your Nabi, And Even Your Enemy,
Condemned To The Blazing Fire of Hell, May Each One Of Them Be

کنارِ عاطفتِ ہاویہ میں اک اک جائے
جو ماں کی گود میں بیٹھے تو خوش پسر ہو جائے

Kinaar e Aatifat e Haawiyah Me Ik Ik Jaa-e
Jo Maañ Ki Gowd Me Baythe, To Khush Pisar Ho Jaa-e

Embracing The Bosom Of The Lowest Level Of Hell, In It May Each Be,
When In The Mother's Lap The Son Sits, Satisfied He Will Be

سراپا آگ کے دریا میں ڈوب جائیں یہ
اگر حمیم کا دریا کمر کمر ہو جائے

Saraapa Aag Ke Darya Me Doob Jaa-eñ Ye
Agar Hameem Ka Darya Kamar-Kamar Ho Jaa-e

In The Sea Of Flames, From Head To Toe, May All Of Them Be,
If In The Sea Of Hell's Boiling Water, Waist Deep They May Be

چمک اٹھے مری قسمت کا تارا اے نوریؔ
اگر وہ غیرت خورشید میرے گھر ہو جائے

Chamak Uth'ay Meri Qismat Ka Taara Ay Noori
Agar Wo Ghayrat e Khursheed Mere Ghar Ho Jaa-e

The Star Of My Destiny Will Glow Brightly, O Noori!
If That Honour Of The Sun, In My House Will Be

FAUJ E GHAM KI BARAABAR

فوج غم کی برابر چڑھائی ہے دافع غم تمہاری دہائی ہے

Fauj e Gham Ki Baraabar Char'ha-ee He
Dafa'e Gham Tumhari Duha-ee He

The Offensive Of The Army Of Grief Is Now Advancing,
O Obliterator Of Sorrows, For Your Mercy I Am Asking

عمر کھیلوں میں ہم نے گنوائی ہے عمر بھر کی یہی تو کمائی ہے
تم نے کب بات کوئی نہ برائی ہے تم سے جو آرزو کی بر آئی ہے

Umr Kheloñ Me Hum Ne Ganwa-ee He
Umr Bhar Ki Yahi To Kama-ee He
Tum Ne Kab Baat Ko-ee Na Bara-ee He
Tum Se Jo Aarazu Ki Bar Aa-ee

Our Entire Life In Entertainment We Have Been Wasting,
This Is What We Now Have, As Our Entire Life's Earning,
When Did You Ever Not Take Heed To What I Was Saying,
Whatever I Requested From You, I Saw You Giving

تم سے ہر دم امید بھلائی ہے میٹ دیجے جو ہم میں برائی ہے
تم نے کب آنکھ ہم کو دکھائی ہے تم نے کب آنکھ ہم سے پھرائی ہے

Tum Se Har Dam Umeed e Bhala-ee
Meyt' Dije Jo Hum Me Bura-ee He
Tum Ne Kab Aankh Hum Ko Dikha-ee He
Tum Ne Kab Aankh Hum Se Phira-ee Hee

Always From You, Your Blessings I Am Expecting,
Erase From Within Me, Whatever Evils I am Having,
At Me, When Did I Ever Find You Harshly Staring,
When Did You Ever Turn Away From Me, Refusing

تم کو عالم کا مالک کیا اس نے جس کی مملوک ساری خدائی ہے
کس کے قبضے میں ہیں یہ زمین و زماں کس کے قبضے میں پیارے خدائی ہے

Tum Ko Aalam Ka Maalik Kiya Us Ne
Jiski Mamlook Saari Khuda-ee He
Kis Ki Qabze Me He Ye Zameen o Zamaañ
Kis Ke Qabze Me Pyaare Khuda-ee He

Over The Entire Universe He Made You The King,
In Whose Divine Control Is The Universe & Everything,
In Whose Control Is This Earth, & The Era With Its Timing,
In Whose Control O My Beloved Is The Universe & Everything

تو خدا کا ہوا اور خدا تیرا تیرے قبضے میں ساری خدائی ہے
جب خدا خود تمہارا ہوا تو پھر کون سی چیز ہے جو پرائی ہے

Tu Khuda Ka Huwa Awr Khuda Tera
Tere Qabze Me Saare Khuda-ee He
Jub Khuda Khud Tumhara Huwa To Phir
Kaun See Cheez He Jo Para-ee He

You Are Almighty Allah's And Almighty Allah Is Yours, My King,
So In Your Control Is The Entire Universe & Everything,
When Almighty Allah Himself Is Yours, Then What Isn't? O My King,
What Is It Then, That Does Not Belong To You, My King

سب صفات خدا کے ہو تم مظہر ایک قابو سے باہر خدائی ہے
تاج رکھا ترے سر رَفَعْنَا کا کس قدر تیری عزت بڑھائی ہے

Sub Sifaat e Khuda Ke Ho Tum Mazhar
Ek Qaabu Se Baahar, Khuda-ee He
Taaj Rakha Tere Sar Rafa'na Ka
Kis Qadar Teri Iz'zat Bar'ha-ee He

The Manifestation Of Allah's Attributes You Are My King,
Only Divine Kingship Is What You Do Not Have, My King,
On Your Head He Placed The Crown Of Continuous Excellence, My King,
With Such Excellence Your Eminence He Exalted, My King

انبیاء کو رسائی ملی تم تک　　بس تمہاری خدا تک رسائی ہے
از زمیں تا فلک جن و انس و ملک　　جس کو دیکھو تمہارا فدائی ہے

Ambia Ko Rasa-ee Mili Tum Tuk
Bus Tumhari Khuda Tuk Rasa-ee He
Az Zameeñ Ta Falaq Jin o Ins o Malak
Jis Ko Dekho Tumhara Fida-ee He

The Other Prophets Were All Blessed With Reaching You, My King,
But Only You Can Directly Reach Allah's Court, My King,
From The Earth Up to The Skies, The Jin, Humans & Angels, My King,
Whoever You See, Is Deeply In Love With You, My King

رشکِ سلطان ہے وہ گدا جس نے　　تیرے کوچہ میں دھونی رمائی ہے
میری تقدیر کر دو بھلی تم نے　　قدرت محو و اثبات پائی ہے

Rashk e Sultan He Wo Gada Jis Ne
Tere Kooche Me Dhooni Rama-ee He
Meri Taqdeer Kar Do Bhalee Tum Ne
Qudrat e Mahw o Isbaat Paa-ee He

That Slave Of Yours Is The Desire Of Every King,
He Has Devoted Himself Forever At Your Court, My King,
Cause My Destiny To Become Radiant & Brightly Glowing,
The Power To Amend & Erase Destiny You Have, My King

میرا بیڑا کنارے لگے پیارے　　نوح کی ناؤ کس نے ترائی ہے
آگ کو باغ کس نے کیا پیارے　　تم نے، تم نے ہی قدرت یہ پائی ہے

Mera Beyr'a Kinaare Lagay Pyaare
Nooh Ke Naa-o Kis Ne Tira-ee He
Aag Ko Baagh Kis Ne Kiya Pyaare
Tum Ne, Tum Ne Hee Qudrat, Ye Paa-ee He

Please Let My Ship Reach The Shores, O My King,
Who Was It That Saved The Ark Of Nooh From Sinking,
Who Turned A Raging Fire Into A Garden O My King,
It Was You, For Only You Have This Power, O My King

میرے دل کی لگی بھی بجھا دیجے
نارِ نمرود کس نے بجھائی ہے
شررافشانیاں کس کی ہیں عشق کی
آگ سینے میں جس نے لگائی ہے

Mere Dil Ki Lagee Bhi Bujha Dije
Naar e Namrud Kis Ne Bhuja-ee He
Sharar e Afshaaniyaañ Kis Ki Haiñ, Ishq Ki
Aag Seene Me Jis Ne Laga-ee He

Please Extinguish The Fire Of My Heart, O My King,
Who Extinguished Namrud's Raging Fire, O My King?
Sparks Of Love These Are, Which Can Be Seen Flying,
It Is Through This, That In My Heart, A Fire Is Igniting

کاش وہ حشر کے دن کہیں مجھ سے
نارِ دوزخ سے تجھ کو رہائی ہے
خوشبوئے زلف سے کوچے مہکے ہیں
کیسے پھولوں میں شاہا بسائی ہے

Kaash Wo Hashr Ke Din Kaheñ Mujh Se
Naar e Dozakh Se Tujh Ko Riha-ee He
Khushbhoo e Zulf Se Kooche Mehke Haiñ
Kaise Phooloñ Me Shaaha Basa-ee He

O How I Wish He Will Say To Me, On The Day Of Reckoning,
Safe & Released You Are Now From Hell's Fire, Raging,
By The Fragrance Of Your Sacred Hair, Fragrant Paths Are Rising,
How Sweetly From The Flowers, My Master, Your Fragrance Is Emanating

پیارے خوشبو تمہارے پسینے کی
خلد کے پھولوں سے بھی سوائی ہے
بات وہ عطرِ فردوس میں بھی نہیں
تیرے ملبوس نے جو سنگھائی ہے

Pyaare Khushboo Tumhare Paseene Ki
Khuld Ke Phooloñ Se Bhi Siwa-ee He
Baat Wo Itr e Firdaus Me Bhi Nahiñ
Tere Malboos Me Jo Sungha-ee He

The Fragrance From Your Sacred Perspiration, O My Beloved King,
Is A Fragrance Which Is Sweeter, Than Heaven's Flowers, O My King,
Such A Scent Cannot Be Found Even In Heaven, O My King,
The Sweet Scent, Which Your Sacred Robes Are Emitting

اُس رضا پر ہو مولیٰ رضائے حق　　راہ جس نے تمہاری جلائی ہے
ناخدا! ناخدا آؤ بہرِ خدا　　میری کشتی تباہی میں آئی ہے

Us Raza Par Ho Maula Raza e Haq
Raah Jis Ne Tumhari Jila-ee He
Na-Khuda! Ba-Khuda Aa-o Bahr e Khuda
Meri Kashti Tabaahi Me Aa-ee He

May The Pleasure Of The Almighty Embrace That Raza, O My King,
Who Revived Your Righteous Path With Devotion, O My King,
O My Saviour! By Allah! For Allah's Sake Please Come, My King,
My Ship Has Fallen Into Difficulty, And Is Now Sinking

ہیں یہ صدمے تری ہی فرقت کے　　روز افزوں یہ دردِ جدائی ہے
طیبہ جاؤں وہاں سے نہ واپس آؤں　　میرے جی میں تو اب یہ سمائی ہے

Haiñ Ye Sadme Teri Hee Furqat Ke
Roz Afzooñ Ye Dard e Juda-ee He
Taiba Jaa-uñ Wahaañ Se Na Waapas Aawuñ
Mere Jee Me To Ab Ye Sama-ee He

Due To The Agony Of Separation From You, This Is Happening,
Daily Without Any Relief, This Agony Of Separation I Am Facing,
May I Go To Taiba And Remain There, Without Returning,
In My Heart This Wish Is Now Embedded & Residing

مر رہا ہوں تم آجاؤ جی اٹھوں　　شربتِ دید میری دوائی ہے
شوقِ دیدارِ نوری میں اے نوریؔ　　روح کھنچ کر اب آنکھوں میں آئی ہے

Mar Raha Huñ Tum Aa Jaa-o Jee Uth'thuñ
Sharbat e Deed Meri Dawa-ee He
Shawq e Deedar e Noori Me Ay Noori
Rooh Khinch Kar Ab Aankhoñ Me Aa-ee He

I Am Dying; Come Soon, So That I May Be Revived, By Your Coming,
Only The Sweet Drink Of Your Vision, Is My Medicine, O My King,
O Noori! Your Wish To See The Radiant One, Has Caused Such Yearning,
That My Soul Has Been Drawn Into My Eyes, To See My King

TERI AAMAD HE MAUT AA-EE HE

تیری آمد ہے موت آئی ہے
جان عیسیٰ تری دہائی ہے

Teri Aamad He, Maut Aa-ee He
Jaan e Esa, Teri Duha-ee He

Upon Your Arrival Death Has Also Arrived,
You Are The Soul Of Esa; Grant Me Your Mercy, My Beloved

کیوں وطن اپنا چھوڑ آئی ہے
کیوں سفر کی مصیبت اٹھائی ہے

Kyuñ Watan Apna Chor Aa-ee He
Kyuñ Safar Ki Musibat Ut'ha-ee He

Why Have You Come Here, From Your Domain Having Departed,
The Anguish Of Journeying, Why Have You Tolerated

سیکڑوں آفتوں میں پھنسنے کو
کیوں بدن میں یہ جان آئی ہے

Senkroñ Aafatoñ Me Phansne Ko
Kyuñ Badan Me Jaan Aa-ee He

In Scores Of Adversities, To Be Trapped,
Why Into This Body, Has The Soul Entered

ان کے جلوے ہیں میری آنکھوں میں
اچھی ساعت سے موت آئی ہے

Un Ke Jalwe Haiñ Meri Aankhoñ Me
Ach'chi Saa'at Se Maut Aa-ee He

In My Eyes, His Reflections Are Manifested,
Death Has Come To Me In A Time Consecrated

تم کو دیکھا تو دم میں دم آیا
آپ آئے کہ جان آئی ہے

Tum Ko Dekha To, Dum Me Dum Aaya
Aap Aa-e Ke Jaan Aa-ee He

On Seeing You, A Fresh Breath of Life I Breathed,
By Your Arrival, True Life Has Arrived, My Beloved

مر رہا تھا تم آئے جی اٹھا
موت کیا آئی جان آئی ہے

Mar Raha Tha Tum Aa-e Jee Ut'haa
Maut Kya Aa-ee, Jaan Aa-ee He

I Was Dying, Your Arrival Brought Me Back To Life, O Beloved,
It Is Not Death Which Has Come, But Life Has Come, O Beloved

اب تو آؤ کہ دم لبوں پر ہے
چہرے پر مردنی بھی چھائی ہے

Ab To Aawo Ke Dum Laboñ Par He
Chehre Par Murdani Bhi Cha-ee He

Please Now Do Come, For On My Lips Is My Final Breath, O Beloved,
The Paleness Of Death Is Also Looming On My Face, O Beloved

آیئے وقت ہے یہ آنے کا
دیکھ لیں سب کی جاں پھر آئی ہے

Aa-iye Waqt He Ye Aane Ka
Dekh Leñ Sub Ki Jaañ Phir Aa-ee He

Please Come Now! It Is The Best Time To Come, O Beloved,
Look! Once Again Everyone's Soul Has Reverted

زندگی میں نے پائی مر مر کے
میں نے جی جی کے موت پائی ہے

Zindagi Me Ne Paa-ee Mar-Mar Ke
Me Ne Jee-Jee Ke Maut Paa-ee He

After Facing Many Difficulties, I Attained Life, O Beloved,
Living Through All Of This, Death I Have Attained, O Beloved

زندگی کیا تھی جس میں موت آئی
زندگی بعد مرگ پائی ہے

Zindagi Kya Thee, Jis Me Maut Aa-ee
Zindagi Ba'ad e Marg Paa-ee He

That Was Not Life Wherein Death Came To Me, O Beloved,
Life In Fact I Attained, After Tasting Death, O Beloved

موت کا اب نہیں ذرا کھٹکا
زندگی شبھ گھڑی سے پائی ہے

Maut Ka Ab Nahiñ Zara Khat'ka
Zindagi Shubh Ghar'i Se Paa-ee He

I No Longer Have The Slightest Apprehension Of Death, O Beloved,
Death I Have Attained, In A Moment Auspicious & Consecrated

مرتے ہی زندگی ملی مجھ کو
موت کے ساتھ جان آئی ہے

Marte Hee Zindagi Milee Mujh Ko
Maut Ke Saath Jaan Aa-ee He

Immediately On Dying, I Attained Life Unrestricted,
Accompanying Death, True Life Arrived, O Beloved

حسرت دیدار میں ہم نے
آج مر مر کے موت پائی ہے

Hasrat e Deed e Yaar Me Hum Ne
Aaj Mar-Mar Ke Maut Pa-ee

While Yearning & Longing To See You, O My Beloved,
After Facing Many Difficulties, Today, I Attained Death, O Beloved

جو حسیں دیکھا مر مٹا اس پر
میں نے مر کے حیات پائی ہے

Ju-Heeñ Dekha Mar Mit'aa Us Par
Me Ne Mar Ke, Hayaat Paa-ee He

I Sacrificed My Life Upon Him, The Moment I Saw My Beloved,
After Dying, True Life I Have Attained, O Beloved

چین کی نیند آج سویا ہوں
موت آرام کی سلائی ہے

Chain Ki Neend Aaj Soya Huñ
Maut Aaraam Ki Sulaa-ee He

Today I Have Slept A Peaceful Sleep, Uninterrupted,
Death Allowed Me To Sleep Completely Undisturbed

شامتوں نے تمہاری گھیرا ہے
موت تم کو یہاں پہ لائی ہے

Shaamatoñ Ne Tumhari Gheyra He
Maut Tum Ko Yahaañ Pe Laa-ee He

By Your Sins You Have Now Been Surrounded,
Here, By Your Death You Have Now Been Transported

ذبح کر ڈالا تو نے او ظالم
نفس تو تو نرا قصائی ہے

Zabh Kar Daala Tu Ne Aw Zaalim
Nafs Tu To Niraa Qasaa-ee He

O Malicious Tyrant! You Have Caused Me To Be Slaughtered,
O My Nafs, You Are A Complete Butcher, Undaunted

طاعت حق کا نام سنتے ہی
تجھ کو کم بخت موت آئی ہے

Taa'at e Haq Ka Naam Sunte Hee
Tujh Ko Kam Bakht Maut Aa-ee He

On Hearing The Name Of Obedience To Allah, Most Exalted,
Immediately You Have Died, O Unfortunate, O Wretched

معصیت زہر ہے مگر اوندھے
تو نے سمجھا اسے مٹھائی ہے

Ma'siyat Zahr He, Magar Oondhe
Tu Ne Samjha Usay Mit'haa-ee He

Sinning Is A Poison, But In Contrast & Conflicted,
Some Kind Of Sweetmeat, Sinning You Have Regarded

کیا بگاڑا تھا تیرا کیوں بگڑا
زہر کی پیالی کیوں پلائی ہے

Kya Bigaara Tha Tera, Kyuñ Bigr'a
Zahr Ke Pyaali Kyuñ Pilaa-ee He

How Did I Ever Harm You, Why Did You Become Frustrated,
From The Goblet Of Poison Why Did You Let Me Drink Unrestricted

اچھے جو کام کرنے ہیں کر لو
جان اپنی نہیں پرائی ہے

Ach'che Jo Kaam Karne Haiñ, Kar Lo
Jaan Apni Nahiñ, Paraa-ee He

Whatever Good You Intend Doing, Do It Without Being Interrupted,
The Soul Does Not Belong To You, To You It Is Not Committed

نوریؔ ہر گز نہیں ہے تو ناری
موت اسلام تو نے پائی ہے

Noori Har Giz Nahiñ He Tu Naari
Maut e Islaam Tu Ne Paa-ee He

You Can Never Be Destined To Hell, O Noori Illuminated,
Upon Islam, Death You Have Attained, With Imaan You Have Departed

واہ کیا بات آپ کی نوریؔ
کیا ہی اچھی غزل سنائی ہے

Waah! Kya Baat Aapki Noori,
Kya Hee Ach'chi Ghazal Sunaa-ee He

Wow! What Can I Say About You O Noori, Illuminated,
What A Beautiful Ode, You Have Just Recited

BA-KHAT'TE NOOR IS DAR PAR

بخطِ نور اس در پر لکھا ہے
یہ بابِ رحمتِ ربِ علا ہے

Ba Khat't e Noor Is Dar Par Likha He
Ye Baab e Rahmat e Rab'b e Ulaa He

On This Sacred Gateway, With Calligraphy Of Light It Is Engraved,
It Is The Gateway To The Mercy Of The Creator, Most Exalted

سرِ خیرہ جو اب در پر جھکا ہے
ادا ہے عمر بھر کی جو قضا ہے

Sar e Kheera Jo Ab Dar Pe Jhuka He
Adaa He Umr Bhar Ki Jo Qaza He

Now At His Sacred Court, When My Head Is Modestly Lowered,
Fulfilled Will All My Life's Dues Be, Even Though They Have Expired

مقابل در کے یوں کعبہ بنا ہے
یہ قبلہ ہے تو تو قبلہ نما ہے

Maqabil Dar Ke Yuñ Kaa'ba Bana He
Ye Qibla He, To Too Qibla Numa He

In Line With His Sacred Gateway, The Holy Kaa'ba Is Constructed,
If It Is The Qibla, Then The Compass Of The Qibla, Is The Most Beloved

در والا پہ اک میلا لگا ہے
عجب اس در کے ٹکڑوں میں مزا ہے

Dar e Waala Pe Ik Mela Laga He
Ajab Is Dar Ke Tukr'oñ Me Maza He

At My Master's Sacred Court, A Massive Crowd Is Gathered,
In The Vestiges Of This Sacred Court, A Distinct Pleasure Can Be Tasted

یہاں سے کب کوئی خالی پھرا ہے
سخی داتا کی یہ دولت سرا ہے

Yahaañ Se Kab Ko-ee Khaali Phira He
Sakhi Daata Ki Ye Dawlat-Sara He

When Did Any Person Return From Here Empty Handed,
This Is The Prosperous Court Of My Generous Master, My Beloved

گدا تو ہے گدا جو بادشا ہے
اسے بھی تو اسی در سے ملا ہے

Gada To He Gada, Jo Badshah He
Usay Bhi To Isee Dar Se Mila He

A Beggar Is Indeed A Beggar, Here Even Kings Are Completely Humbled,
For Whatever They Have Attained, From This Sacred Court They Have Attained

جسے جو کچھ ملا جس سے ملا ہے
حقیقت میں وہ اس در کی عطا ہے

Jisay Jo Kuch Mila Jis Se Mila He,
Haqeeqat Me Wo Is Dar Ki Ataa He

Whatever Anyone Attained, From Whoever He Attained What He Attained,
In Reality, It Is The Benevolence Of This Sacred Court, Which He Has Attained

اسی سرکار کا منگتا ہے عالم
گدا اس در کا ہر شاہ و گدا ہے

Isee Sarkaar Ka Mangta He Aalam
Gada Is Dar Ka Har Shaah o Gada He

As Beggars At Your Sacred Court, The Entire Universe Is Gathered,
A Mendicant At Your Sacred Court, Is Every King & Beggar, O Beloved

یہاں سے بھیک پاتے ہیں سلاطیں
اسی در سے انہیں ٹکڑا ملا ہے

Yahaañ Se Bheek Paate Haiñ Salaateeñ
Isee Dar Se Unheñ Tukr'a Mila He

From Here, Alms The Emperors Have Gathered,
From This Sacred Court, Their Provisions, They Have Gathered

اسی در سے پلے گا پل رہا ہے
اسی گھر سے زمانہ پل چکا ہے

Isee Dar Se Palega Pal Raha He
Isee Ghar Se Zamaana Pal Chuka He

From This Sacred Court Everything Will Thrive, From Here It Has Always Thrived,
It Is From This Blessed House, That Every Time & Era Has Thrived

شب معراج سے ظاہر ہوا ہے
رسل ہیں مقتدی تو مقتدا ہے

Shab e Me'raj Se Zaahir Huwa He
Rusul Haiñ Muqtadi, Tu Muqtada He

On The Eve Of Me'raj It Became Obvious My Beloved,
That All The Rasools Are Your Followers, Their Leader You Are, My Beloved

خدائی کو خدا نے جو دیا ہے
اسی گھر سے اسی در سے ملا ہے

Khuda-ee Ko Khuda Ne Jo Diya He
Usee Ghar Se Usee Dar Se Mila He

Upon The Creation Whatever Almighty Allah Bestowed,
From This Sacred Abode, From This Court, It Is Distributed

خدائے پاک تو گھر در سے ہے پاک
مگر یہ در در پاک خدا ہے

Khuda e Paak To Ghar Dar Se He Paak
Magar Ye Dar, Dar e Paak e Khuda He

From Every Place & Every Abode, Pure & Free Is Allah, The Most Exalted,
But This Sacred Court, Is The Gateway To Almighty Allah, The Most Exalted

یہاں وہ باخدا ہے جلوہ فرما
جو کشتی کا جہاں کی ناخدا ہے

Yahaañ Wo Ba-Khuda He Jalwa Farma
Jo Kashti Ka Jahaañ Ki Na Khuda He

By Allah! Here Indeed His Holy Manifestations Are Manifested,
Who Is The Saviour Of Our Ship & The Entire Universe, Unrestricted

شہ عرش آستاں اللہ اللہ
تصور سے خدا یاد آرہا ہے

Sha e Arsh Aastaañ; Allah-Allah,
Tasaw'wur Se Khuda, Yaad Aa Raha He

Allah, Allah! The King Of The Arsh You Are, So Exalted,
By Visualising You, Almighty Allah I Have Remembered

یہ وہ محبوب حق ہے جس کی رویت
یقین مانو کہ دیدار خدا ہے

Ye Wo Mahboob e Haq He Jis Ki Rooyat
Yaqeen Maano Ke Deedar e Khuda He

He Is That Beloved Of Allah, That Seeing Him Is So Consecrated,
That It Is Regarded As Seeing, Allah's Radiance Manifested

یداللہ جس کا دست پاک ٹھہرا
وہ بیعت جس کی بیعت باخدا ہے

Yadul'laah Jis Ka Dast e Paak Tah're
Wo Bay'at Jis Ki Bay'at Ba Khuda He

The Divine Hand of Allah's Power, Whose Sacred Hand Is Regarded,
His Allegiance Is Such, That As Allegiance To Allah, It Is Considered

رمی جس کی رمی ٹھہری خدا کی
کتاب اللہ میں اَللّٰہُ رَمٰی ہے

Ramee Jis Ki Ramee Tah'ri Khuda Ki
Kitaabul'laah Me اَللّٰہُ رَمٰی He

As Being Launched By Allah, His Throwing Has Been Regarded,
'Allah Launched It' In The Glorious Book of Allah, It Has Been Stated

قسم قرآن میں جس کی رہ گزر کی
خدا نے یاد کی کیا مرتبہ ہے

Qasam Qur'an Me Jis Ki Rah-Guzar Ki
Khuda Ne Yaad Ki, Kya Martaba He

In The Holy Qur'an Regarding His Pathway So Sacred,
Almighty Allah Declared Its Status, So Exalted

وہی مطلوب جس کا ہر ہر انداز
وہی محبوب جس کی ہر ادا ہے

Wahee Matloob Jis Ka Har-Har Andaaz
Wahee Mahboob Jis Ki Har Ada He

His Is That Desired One Who's Every Manner Is Exalted,
He Is That Beloved Who's Every Action Is Beloved

ہوا سے پاک جس کی ذات قدسی
وہ جس کی بات بھی وحی خدا ہے

Hawa Se Paak Jis Ki Zaat e Qudsi
Wo Jis Ki Baat Bhi Wahi e Khuda He

From Vanity Of Any Form Whose Exalted Being Is Protected,
He, Whose Blessed Words Also, Are Revelations From Allah The Most Exalted

نہیں کہتے ہوائے نفس سے کچھ
جو فرمائیں وہی وحی خدا ہے

Nahiñ Kehte Hawa e Nafs Se Kuch
Jo Farmaa-eñ Wahi e Khuda He

Due To Personal Desire, Nothing By Him Is Mentioned,
Whatever He Says, Is Indeed Revelation From Allah, The Most Exalted

چمک سے جن کی روشن ہیں دو عالم
مہک سے جس کی ہر بستاں بسا ہے

Chamak Se Jin Ki Roshan Haiñ Do Aalam
Mahak Se Jis Ki Har Bustaañ Basaa He

Through His Radiance The Universe Is Bright And Illuminated,
Through His Fragrance Every Garden Is Sweetly Scented

وہ جلوہ جس سے حق ہے آشکارا
وہ صورت جو جمال حق نما ہے

Wo Jalwa Jis Se Haq He Aashkaara
Wo Soorat Jo Jamaal e Haq Numa He

That Manifestation Through Which Allah's Manifestations Are Manifested,
That Appearance In Which, Almighty Allah's Divine Magnificence Is Manifested

وہ یکتا آئینہ ذات احد کا
وہ مرآت صفات کبریا ہے

Wo Yakta Aa-ina Zaat e Ahad Ka
Wo Maraat e Sifaat e Kibriya He

He Alone Is The Mirror, In Which Allah's Radiances Are Manifested,
It Is He Who Is The Reflection Of The Attributes, Of Allah The Most Exalted

وہ پیارا جس پہ رب ہے ایسا پیارا
کہ اس کے پیارے پر پیارا خدا ہے

Wo Pyaara Jis Pe Rab'b He Aisa Pyaara
Ke Us Ke Pyaare Par Pyaara Khuda He

Such Belovedness Allah Has Given Him, He Is Such A Peerless Beloved,
That Even All His Beloveds, To Almighty Allah, Are Beloved

وہ جس کا شہر بھی ہے ایسا پیارا
جہاں کی رات دن سے بھی سوا ہے

Wo Jis Ka Shehr Bhi He Aisa Pyaara
Jahaañ Ki Raat Din Se Bhi Siwa He

He, Whose Blessed City Is Also So Beloved,
That Even Its Nights & Days Are Unique & Beloved

جہاں ہے بے ٹھکانوں کا ٹھکانا
جہاں شاہ و گدا سب کا ٹھیا ہے

Jahaañ He Be Thikaanoñ Ka Thikaana
Jahaañ Shaah o Gada, Sub Ka Th'iya He

It Is There, That The Aimless Find A Place To Be Reinvigorated,
It Is There That Kings And Mendicants Retired After Being Exhausted

دوا دکھ درد کی ہے خاک جس کی
معاصی کا جہاں دار الشفا ہے

Dawa Dukh Dard Ki He Khaak Jis Ki
Ma'aasi Ka Jahaañ Daarush Shifa He

The Cure Of Pain & Anguish, Is The Blessed Dust Of His Court, So Exalted,
The House Of Remedies For The Sinners, Is His Blessed Court So Exalted

کرم فرمایئے اے سرور دیں
جہاں منگتوں کی پیہم یہ صدا ہے

Karam Farmaaiye Ay Sarwar e Deeñ
Jahaañ Mangtoñ Ki Paiham Ye Sadaa He

Have Mercy On Us, O Leader Of The Deen, Exalted,
This Is The Call Of The Mendicants From Everywhere, O Beloved

خزانے اپنے دے کے تم کو حق نے
نہ قاسم ہی کہ مالک کر دیا ہے

Khazaane Apne De Ke Tum Ko Haq Ne
Na Qaasim Hee Ke, Maalik Kar Diya He

By Granting You Control Over His Treasures, Allah The Most Exalted,
Not Only Made You The Distributor, But He Made You The Master, O Beloved

جسے جو چاہو جتنا چاہو دو تم
تمہیں مختار کل فرما دیا ہے

Jisay Jo Chaaho, Jitna Chaaho, Do Tum
Tumheñ Mukhtar e Kul Farma Diya He

You May Give As Much As Someone Asks, Whatever They Ask, O Beloved,
The Complete Legislator Of Everything Almighty Allah Has Made You, O Beloved

دو عالم بھیک لیتے ہیں یہاں سے
جو جس کے پاس ہے تیرا دیا ہے

Do Aalam Bheek Lete Haiñ Yahaañ Se
Jo Jis Ke Paas He Tera Diya He

The Entire Universe Receives Alms From This Court, So Exalted,
Whatever Everyone Has, Is By Your Giving, O Beloved

نہ مانگیں تم سے ہم تو کس سے مانگیں
ہیں سب در بند بس یہ در کھلا ہے

Na Maangeñ Tum Se Hum To Kis Se Maangeñ
Haiñ Sub Dar Band, Bus Ye Dar Khula He

If We Do Not Ask From You, From Whom Can Else We Ask, O Beloved,
For All Other Courts Are Closed, While This Court Is Always Opened

میں دَر دَر کیوں پھروں دُر دُر سنوں کیوں
مرے سرور مرا کیا سر پھرا ہے

Me Dar-Dar Kyuñ Phiruñ Dur-Dur Sunuñ Kyuñ
Mere Sarwar Mere Kya Sar Phira He

To Every Door Why Must I Go, Hearing ‘Be Off, Be Off’ Why Must I Be Rejected?
Am I Insane To Behave In This Way, O My King, O My Beloved

عطا فرماتے ہو بے مانگے سب کچھ
یہ منگتا تم سے تم کو مانگتا ہے

Ataa Farmaate Ho Be Maange Sub Kuch
Ye Mangta Tum Se Tum Ko Maangta He

Without Even Asking, You Bless Us With Everything, O Beloved,
This Beggar Thus Asks You Of Yourself, O Beloved

تمہارا ملنا ملنا ہے خدا کا
خدا مل جائے تو پھر کیا رہا ہے

Tumhara Milna, Milna He Khuda Ka
Khuda Mil Jaa-e To Phir Kya Raha He

To Attain Your Closeness Is To Attain Closeness To Allah, O Beloved,
After Attaining Closeness To Allah, Then What Else Is Ever Needed

عطا فرمایئے اپنے کرم سے
مرے مولیٰ جو دل کا مدعا ہے

Ataa Farmaaiye Apne Karam Se
Mere Maula Jo Dil Ka Mud'da'a He

Kindly Bless Me Through Your Blessings, O Beloved,
Bless Me With All My Heart's Wishes, O My Master, My Beloved

یہی سرکار فیض آثار ہے وہ
جہاں سے فیض کا دریا بہا ہے

Yahee Sarkaar e Faiz Aathaar He Wo
Jahaañ Se Faiz Ka Darya Bahaa He

This Is That Exalted Court of Blessed Tokens & Traditions, O Beloved,
From Where The Ocean Of Favours Has Always Flowed, O Beloved

یہیں سے پاتے ہیں سب اپنے مطلب
ہر اک کے واسطے یہ در کھلا ہے

Yaheeñ Se Paate Haiñ Sub Apne Matlab
Har Ik Ke Waaste Ye Dar Khula He

From Here Does Everyone Attain Their Needs, As Desired,
For Each And Every One, This Sacred Gateway Is Opened

سب ہر لحظہ سب ہر ساعت سب ہر دم
در سرکار فیض آثار وا ہے

Ba Har Lahza Ba Har Sa'at Ba Har Dum
Dar e Sarkaar e Faiz Aathaar Waa He

In Every Minute, For Every Time, For Every Moment, My Beloved,
The Graceful Court Of Your Blessings O My Master, Is Always Opened

نہیں تقسیم میں تفریق کچھ بھی
کہ دشمن بھی یہیں کا کہہ رہا ہے

Nahiñ Taqseem Me Tafreeq Kuch Bhi
Ke Dushman Bhi Yaheeñ Ka Keh Raha He

There Is No Difference In The Way Everything Is Distributed,
Even The Adversaries Of Here, Are Saying This, O Beloved

یہ وہ در ہے ہوا ہے وہ بھی حاضر
جو اس سرکار کا دشمن چھپا ہے

Ye Wo Dar He, Huwa He Wo Bhi Haazir
Jo Is Sarkaar Ka Dushman Chupaa He

This Is That Sacred Court, Where Even He Has Come To Be Presented,
Who Is A Hidden Enemy Of Your Court, O My Master, O Beloved

سلام روستائی بے غرض نیست
وہ کیا تعظیم کو حاضر ہوا ہے

Salaam e Roo'sata-ee Be Gharaz Neyst
Wo Kya Ta'zeem Ko Haazir Huwa He

The Salaam Of Such An Oblivious One Is Not Without Motive, O Beloved,
In Fact, He Has Not Come Out Of True Respect, O Beloved

عقیدے میں تو اس کے شرک ہے یہ
دکھانے کو تقیہ کر لیا ہے

Aqeede Me To Us Ke Shirk He Ye
Dikhaane Ko Taqiyyah Kar Liya He

According To His Creed, To Do This Is Polytheism, Prohibited,
Just To Put On A Show, The Device Of Deception He Has Adopted

جلا ایمان سے ہوتی ہے دل پر
وہ اندھا شیشہ ہے جو بے جلا ہے

Jilaa Imaan Se Hoti He Dil Par
Wo Andha Sheesha He, Jo Be Jilaa He

The True Glow Of The Heart, Only Through Imaan Is Acquired,
Without Any Glow, He Is A Mirror, Dark And Obscured

نہیں شیشہ نہیں وہ دل تو جس پر
خدا نے ختم فرمادی توا ہے

Nahiñ Sheesha, Nahiñ Wo Dil, Tu Jis Par
Khuda Ne Khatm Farmaadi Tawaa He

Not A Mirror, Indeed Not Even A Heart It Can Be Regarded,
A Frying Pan You Are, On Which Allah Has Placed A Seal, O Dejected

نہ ٹھہرے مطر حق کی بوند جس پر
لہابی کیا ہے اک چکنا گھڑا ہے

Na Tahr'e Matr e Haq Ke Boond Jis Par
Luhaabi Kya He, Ek Chiknaa Ghar'aa He

On Which The Raindrops Of Righteousness Do Not Remain Established,
What Is This Extremely Thirsty One! Merely As A Greasy Pot He Is Observed

بہت بد فرقے پیدا ہو چکے ہیں
سبھی نے اک نیا مذہب گڑھا ہے

Buhat Bud Firqay Paida Ho Chukay Haiñ
Sabhi Ne Ek Naya Mazhab Ghar'aa He

There Are Now Many Deviant Sects Which Have Been Conceived,
A Completely New Belief System, They Have All Innovated

جو مذہب اہل سنت کے علاوہ
بنا ہے وہ جہنم کا گڑھا ہے

Jo Mazhab Ahle Sunnat Ke Ilaawa
Bana He Wo Jahannam Ka Gar'haa He

Any Belief System Which Is Against The Ahle Sunnat Is Conflicted,
A Dark Abyss Of Hell It Is, It Is Completely Obscured

جماعت پر ید رحمت ہے حق کا
جدا فرقہ جہنم میں گرا ہے

Jama'at Par Yad e Rahmat He Haq Ka
Juda Firqay Jahannam Me Gira He

By The Divine Hand Of Mercy The Righteous Congregation Is Shaded,
The Deviant Sects Have Fallen Into Hell Totally Devastated

ہے ان میں ایک فرقہ سب سے بدتر
جسے شرک از امور عامہ ہے

He Un Me Ek Firqa Sub Se Bud-tar
Jisay Shirk Az Umoor e Aam'ma He

Amongst Them There Is A Sect Which Is The Most Depraved,
According To Them Polytheism Is A Principal Commonly Generalised

نہیں جس سے کوئی موجود خالی
کوئی بھی اس کی زد سے بچ سکا ہے

Nahiñ Jis Se Ko-ee Maujood Khaali
Ko-ee Bhi Us Ki Zad Se Bach Saka He

From This Erred Principal Of Theirs, None Is Spared,
From Being Targeted By It, None Has Been Spared

ہر اک اس شرک سے ٹھہرا جو مشرک
جو ہے یا ہو گا یا آگے ہوا ہے

Har Ik Is Shirk Se Tah'ra Jo Mushrik
Jo He, Ya Hoga, Ya Aage Huwa He

By This Polytheism Of Theirs, A Polytheist Every Single One Will Be Labelled,
Be They In The Past, Or The Present, Or If Much Later They Arrived

صحابہ، خود نبی بلکہ خود اللہ
سبھی پر حکم شرک اس نے جڑا ہے

Sahaba, Khud Nabi, Balke Khud Allah
Sabhi Par Hukm e Shirk Is Ne Jur'aa He

Upon The Sahaba, Even Upon The Nabi, Even Upon Allah The Most Exalted,
All Of Them With The Decree Of Polytheism He Has Branded

جسے بدعت کی لت اتنی پڑی ہے
کہ سنت کو بھی بدعت بولتا ہے

Jisay Bid'at Ki Lat Itni Par'ee He
Ke Sunnat Ko Bhi Bid'at Bolta He

With The Whim Of Bid'at He Is So Obsessed,
That Even The Sunnat, As A Bid'at, He Has Branded

مے بدعت سے ہے سرشار ایسا
کہ سب کچھ اس کو بدعت سوجھتا ہے

Ma-e Bid’at Se He Sarshaar Aisa
Ke Sub Kuch Us Ko Bid’at Soojhta He

With The Drink Of Bid’at He Is So Drunk & Intoxicated,
Everything To Be Bid’at He Has Obsessively Regarded

تھی اتنی تند مے جس کے نشے میں
کہ خود اپنے ہی کو بھولا ہوا ہے

Thee Itni Tund May Jis Ke Nashe Me
Ke Khud Apne Hee Ko Bhoola Huwa He

So Strong Was This Drink, By Which He Was Intoxicated,
That Himself He Forgot, When Into It He Ventured

یہ خود ہے بدعتی مشرک یقینا
مگر سنی کو بدعی جانتا ہے

Ye Khud He Bid’ati Mushrik Yaqeenan
Magar Sunni Ko Bid’ee Jaanta He

Himself A Bid’ati And A Polytheist, He Is Indeed Regarded,
But The Sunnis As Evil Innovators He Has Declared

ہیں اس کے شرک و بدعت اہلے گہلے
سراپا جن میں خود ڈوبا ہوا ہے

Haiñ Us Ki Shirk O Bid’at Ahle Gahle
Saraapa Jin Me Khud Dooba Huwa He

His Polytheism & Evil Innovations Are Indulgences Over-Rated,
In Which From Head To Foot, He Himself Is Drowned

یہ ایسا اس کا حکم شرک و بدعت
اسے ساون کے اندھے کا ہرا ہے

Ye Aisa Us Ka Hukm e Shirk O Bid'at
Usay Saawan Ke Andhay Ka Hara He

Such Are His Decrees Of Polytheism, And His Claims Of All Being Innovated,
That Everything Seems Yellow To Him, By The Jaundiced Eye, He Is Affected

ہے سنی آئینہ اس نے جو دیکھا
نظر اپنا ہی چہرہ آ گیا ہے

He Sunni Aa-ina, Us Ne Jo Dekha
Nazar Apna Hee Chehra Aa Gaya He

The Sunni Is A Mirror Into Which He Looked,
In It His Very Own Face, He Has In Fact Observed

اسے مَن ابتدع تو رہ گیا یاد
مگر مَن سَنَّ یہ بھولا ہوا ہے

Usay Man Ibtida' To Rah Gaya Yaad
Magar Man San'na Ye Bhoola Huwa He

Only 'He Who Innovates' The Deviant Has Remembered,
But 'He Who Revived The Sunnah' He Has Deliberately Disregarded

خود اپنے فتووں سے ہے آپ مشرک
نہ بس مشرک ہی یہ مشرک جنا ہے

Khud Apne Fatwa-oñ Se Aap Mushrik,
Na Bus Mushrik Hee, Ye Mushrik Janaa He

By His Very Own Verdicts He Is A Polytheist, Self-Declared,
Not Only Is He A Polytheist, But To Polytheists He Gave Birth, Demented

نہیں ہے باپ ہی مشرک کہ جد بھی
اور اس کا جد جہاں تک سلسلہ ہے

Nahiñ He Baap Hee Mushrik Ke Jad'd Bhi
Awr Us Ka Jad'd, Jahaañ Tuk Silsila He

Not Only Is His Father A Mushrik, Even The Same His Grandfather Is Considered,
Including His Forefathers, As Far Back As His Ancestry Extended

کھلی تنقیصیں محبوبان حق کی
یہ فرقہ برملا کرتا رہا ہے

Khuli Tanqeeseñ Mahboobaan e Haq Ki
Ye Firqa Barmala Karta Raha He

Openly The Beloveds Of Allah, They Have Slandered,
This Sect Has Been Continuously Doing This Unperturbed

کھلی توہین کی ہے خود خدا کی
کہ اس کو کذب پر قادر کہا ہے

Khuli Tauheen Ki He Khud, Khuda Ki
Ke Us Ko Kizb Par Qaadir Kaha He

Against Almighty Allah, Openly He Has Blasphemed,
He Has The Power To Lie, They Have Purported

نہ ممکن ہی کہا بلکہ یہاں تک
بڑھا ہے یہ کہ واقع کہہ گیا ہے

Na Mumkin Hee Kaha, Balke Yahaañ Tuk
Bar'ha He Ye Ke, Waaqe' Keh Gaya He

Not Only Did They Regard It As Being Possible But Even This They Added,
That In Fact He Did Do So; Such They Have Purported

نہ بس اک کذب پر ہی اس نے بس کی
کہ جہل و ظلم و سرقہ بھی کہا ہے

Na Bus Ek Kizb Par Hee Us Ne Bus Ki
Ke Jahl o Zulm o Sarqa Bhi Kaha He

Not Only On The Issue Of Lies, Was His Alleging Adjourned,
But Ignorance, Tyranny, & Plagiarism For Him, They Purported

تمہیں حق نے دیئے ہیں وہ فضائل
کہ شرکت ان میں ہونا ناروا ہے

Tumheñ Haq Ne Diye Haiñ Wo Fazaa-il
Ke Shirkat Un Me Hona Na-Rawa He

Almighty Allah Has Blessed You With Such Virtues, O Beloved,
For There To Be Any Association In It, Is Prohibited

مماثل ہو نہیں سکتا تمہارا
تمہیں وہ فضل کل رب نے دیا ہے

Mumaasil Ho Nahiñ Sakta Tumhara
Tumheñ Wo Fazl e Kul Rab'b Ne Diya He

Similar To You There Can Never Ever Be, O Beloved,
Such A Peerless & Perfect Excellence To You, Allah Has Afforded

تمہاری بے مثالی اس سے ظاہر
کہ محبوب خدا تم کو کیا ہے

Tumhari Be Misaali Is Se Zaahir
Ke Mahboob e Khuda Tum Ko Kiya He

By This Your Distinction & Uniqueness Can Be Clearly Noted,
That Allah Almighty Made You His Chosen, His Most Beloved

محب کیا چاہتا ہے مثل محبوب
محب تو بے مثالی چاہتا ہے

Muhib Kya Chahata He Misl e Mahboob!
Muhib To Be Misaali Chahata He

Does The One Who Loves, Ever Will An Equal Of His Beloved?
The One Who Loves; Loves A Perfect Uniqueness, For His Beloved

مگر یہ فرقہ محبوب خدا کے
کروروں مثل ممکن مانتا ہے

Magar Ye Firqa Mahboob e Khuda Ke
Karoroñ Misl Mumkin Maanta He

But This Deviant Sect Believes That For Allah's Beloved,
There Can Be Billions Of Equals; Such Have They Purported

نہ ممکن ہی کہ چھ مثل واقع
کہا کرتا کتب میں چھاپتا ہے

Na Mumkin Hee Ke, Che Misl Waaqe'
Kaha Karta Kutub Me Chaapta He

Not Only Have They Said It Is Possible, But Six Such Equals They Have Purported,
In Their Books They Have Said It; The Same They Have Printed

یونہی ختم نبوت کا ہے مانع
شفاعت سے بھی منکر ہو گیا ہے

Yunhi Khatm e Nubuw'wat Ka He Maane'
Shafa'at Se Bhi Munkir Ho Gaya He

In The Same Way The Issue Of Him Being The Final Prophet, They Rejected,
In Doing So, Even The Beloved's Intercession, They Have Rejected

مسلمانوں کے ڈر سے لفظ مانے
مگر معنی کا مانع ہر ملا ہے

Musalmaanoñ Ke ‘Dar Se Lafz Maane
Magar Maa’na Ka Maane’Barmala He

Due To The Fear Of The Muslims, The Word They Accepted,
But Constantly The Essence & The Interpretation, They Have Rejected

جو معنی ان کے ہیں ماثور اب تک
صراحت سے انہیں رد کر رہا ہے

Jo Maa’na Un Ke Haiñ Maathoor Ab Tuk,
Saraahat Se Unheñ Rudd Kar Raha He

The Interpretations Which Until Now Are Well Transmitted,
Explicitly All Of Them, He Has Rejected

کہاں تک ظلم میں اس کے گناؤں
کہاں تک میں گنوں کیا کیا بکا ہے

Kahaañ Tuk Zulm, Me Us Ke Ginaa-uñ
Kahaañ Tuk Me Ginooñ Kya-Kya Baka He

How Many More Such Injustices Must I Relate, Which He Purported,
Until Where Must I Count All The Nonsense Which He Has Uttered

نفی جس علم کی سرکار سے کی
اسی کو نص سے شیطاں کو دیا ہے

Nafi Jis Ilm Ki Sarkaar Se Ki
Usee Ko Nas Se Shaitaañ Ko Diya He

For The Beloved Nabi, That Knowledge Which He Clearly Rejected,
From Authentic Sources For Shaitaan, The Same He Has Supported

محیط ارض کا شیطان کو جب
یہ نص سے علم ثابت مانتا ہے

Muheet e Ard Ka Shaitaan Ko Jub
Ye Nas Se Ilm Saabit Maanta He

When The Vastness Of Shaitaan's Knowledge He Accepted,
From Authentic Sources When This He Claimed & Purported

شریک ابلیس کو کرتا ہے حق کا
کہ شیطاں ہی کو یہ حق جانتا ہے

Shareek Iblees Ko Karta He Haq Ka
Ke Shaitaañ Ko Ye Haq Jaanta He

In Doing So, Is He Not Making Shaitaan A Partner To Allah The Most Exalted,
In This Sense, It Is Shaitaan Whom, As The Almighty He Has Acknowledged

وہ کچھ مانے بہر صورت وہ خود ہی
بڑا مشرک بحکم خود بنا ہے

Wo Kuch Maane Bahr Soorat Wo Khud Hee
Ba'ra Mushrik Ba Hukm e Khud Bana He

Either Way No Matter What He Said And Accepted,
An Enormous Mushrik, By His Own Assertion, He Is Regarded

مجانین وصبی حیواں بہائم
یہ ان سب کے لئے بھی مانتا ہے

Majaaneen o Sabi, Haywaañ, Bahaa-im
Ye Un Sub Ke Liye Bhi Maanta He

For The Insane, Little Children, Animals & All Creatures Unrestricted,
For All Of Them As Well, The Same He Has Openly Accepted

نبی غیر نبی میں فرق پوچھا
بتاؤ ان میں ان میں فرق کیا ہے

Nabi, Ghayr e Nabi Me Farq Poocha
Bataa-o Un Me In Me, Farq Kya He

About The Difference Between A Nabi & A Non-Nabi He Was Questioned,
Say What Is The Difference Between Him And Them, He Was Asked

انہیں جیسا بتایا علم اقدس
کہا ہے بعض میں تخصیص کیا ہے

Unheñ Jaisa Bataya Ilm e Aqdas
Kaha He Ba'az Me, Takhsees Kya He

Same As All Of Them, He Declared The Blessed Knowledge Of The Beloved,
'What Is The Uniqueness & Speciality In Partiality', He Uttered

نفی شہ سے بوجہ شرک کی بھی
مگر پھر بھی اسی میں مبتلا ہے

Nafi e Shah Se Ba-Wajhe Shirk Ki Bhi
Magar Phir Bhi Usee Me Mubtala He

On The Basis Of Polytheism, For The Master He Rejected,
But Still In The Very Same Thing, He Is Clearly Implicated

جو قسمت میں لکھا تھا کیوں نہ ہوتا
کہیں تقدیر کا لکھا مٹا ہے

Jo Qismat Me Likha Tha, Kyuñ Na Hota
Kaheeñ Taqdeer Ka Likha Mit'aa He

Why Has That Which Has Been Written In Destiny Not Happened,
Has That Which Was Written In Destiny, Been Erased!

کریں لاکھوں جتن ہوتا ہے وہ ہی
وہی ہوگا جو قسمت میں بدا ہے

Kareñ Laakhoñ Jatan Hota Wo Hee
Wahi Hoga Jo Qismat Me Badaa He

Even After Millions of Efforts, Only That Will Be Transpired,
Only That Will Happen, Which In Your Destiny Has Been Preordained

خیال خر میں استغراق سے بد
جو تعظیم نبی کو جانتا ہے

Khayaal e Khar Me Istighraaq Se Bud
Jo Ta'zeem e Nabi Ko Jaanta He

Worse Than Being Lost In The Thoughts Of A Donkey, He Has Claimed,
Is To Be Absorbed In The Honour Of Our Nabi, Our Beloved

اگر اس کو کوئی اتنا کہے گا
کہ وہ انساں نہیں خاصا گدھا ہے

Agar Us Ko Ko-ee Itna Kahega
Ke Wo Insaañ Nahiñ, Khaasa Gada He

What Would Happen If Regarding Him Someone Declared,
That He Is Not A Human, But Simply As A Donkey He is Regarded

بکھر جائیں گے اس پر کیا کیا
جنہیں تہذیب نو کا ادّعا ہے

Bikhar Jaa-enge Us Par Kaisa, Kaisa
Jinheñ Tahzeeb Nau Ka Id'da'a He

At Once He Will Change His Tune, Becoming Infuriated,
Yet In The Claims Of Modern Culture He Who Is Captivated

بیانِ عیب دشمن نعت ہی ہے
کہ قرآں میں بھی تَبَّتْ یَدَا ہے

Bayaan e Ayb e Dushman Ne'mat Hee He
Ke Qur'aañ Me Bhi تَبَّتْ یَدَا He

It Is A Blessing To Speak Against The Faults Of The Enemies Depraved,
'May Both Hands Of Abu Lahab Be Ruined' In The Qur'an, It Is Explicitly Mentioned

ضیائے کعبہ سے روشن ہیں آنکھیں
منور قلب کیسا ہو گیا ہے

Zia e Kaa'ba Se Roshan Haiñ Aankheñ
Munaw'war Qalb Kaisa Ho Gaya He

Through The Radiance Of The Kaa'ba Our Eyes Are Illuminated,
How Then Have Our Hearts Become Illuminated

ہماری حاضری نورٌ علیٰ نور
کہ بعد حج ہمیں حاضر کیا ہے

Hamaari Haaziri Noorun 'Ala Noor
Ke Ba'ad e Hajj Hameñ Haazir Kiya He

Light Upon Light Is Our Presence At The Sacred Court Of The Beloved,
